PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

27th November, 1963

Vol. V—No. I

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Wednesday, the 27th November, 1963.

	Page
Recitation from the Holy Quran	1
Waiver of the Question Hour	2
Reference to late Maulvi Tamiz-ud-Din Khan	2
Reference to late Mr. John F. Kennedy	18
Reference to late Mir Ghulam Ali Khan Talpur	22
Reference to late Maulvi Ghulam Mohy-ud-Din Qasuri ..	25
Reference to late Allama Inayat Ullah Khan Mashriqi ..	26

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 27th November, 1963.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-16 a. m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ج وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ج وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ط يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ط وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

قرآن مجید پارہ ۲۷ ۔ سورہ ۵۷ ۔ رکوع ۱۷ ۔ آیات ۱ تا ۵

جو مخلوق آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے اور وہ غالب زبردست حکمت والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی حکمرانی اس کی ہے وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت طاری کرتا ہے۔ اور ہر چیز پر قادر ہے وہی اوّل ہے اور وہی آخر وہی ظاہر ہے اور وہی پوشیدہ، اور وہی ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ وہ ایسا ہے کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز کی مدت میں پیدا کیا پھر اقتدارِ خداوندی کا مظاہرہ کیا۔ وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے۔ اور جو آسمانوں سے اترتی ہے اور جو چیز اس کی طرف چڑھتی ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے۔ خواہ تم جہاں کہیں ہو۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو ابھی دیکھ رہا ہے آسمانوں اور زمین کی ساری سلطنت اس کے قبضۂ اقتدار میں ہے اور سارے امور اللہ کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔

WAIVER OF THE QUESTION HOUR.

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) Sir, I respectfully move that the Question Hour may be waived.

Mr. Speaker : If that is the sense of the House, we may waive the Question Hour.

(VOICES : Yes, yes.)

Minister of Law : All agree.

REFERENCE TO LATE MAULVI TAMIZ-UD-DIN KHAN

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) جناب والا ۔ آج وقفہ سوالات کو اس لئے waive کیا گیا ہے کہ اس ایوان نے تقریباً پانچ تعزیتی قراردادیں پاس کرنی ہیں ۔ اس سلسلے میں میں نے سب سے پہلے مولوی تمیزالدین خاں کی وفات کے متعلق قرارداد پیش کرنی ہے ۔ اور ان کی یاد میں اس ایوان کے اجلاس کو ملتوی کرانا ہے ۔ اور بعد ازاں اس سے پیشتر کہ آج کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔ میں نے چار اور قراردادیں بھی اسی نوعیت کی پیش کرنی ہیں ۔ سب سے پہلے مولوی تمیزالدین خان کی موت کے متعلق قرارداد پیش کرتا ہوں ۔ اور پیشتر اس کے کہ میں مزکورہ تعزیتی قرارداد پیش کروں میں چاہتا ہوں ۔ کہ مولوی صاحب موصوف کے متعلق کچھ عرض کروں ۔

مسٹر سپیکر — بہتر تو یہ ہوگا کہ آپ پہلے قرارداد move کریں ۔ اور پھر اس کے بعد تقریر فرمائیں ۔

Minister of Finance : (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, with your permission I beg to move the following resolution :—

> This Assembly place on record its senses of deep sorrow at the demise of Maulvi Tamiz-ud-Din Khan, Speaker of the National Assembly of Pakistan. The late Maulvi Sahib combined in himself the qualities of a freedom fighter, an up right politician, an astute legal authority, a polished parliamentarian and a respected and revered Speaker. As President of the former Constituent Assembly he set up traditions of impartiality and judicious conduct of parliamentary affairs which he continued with distinction during his tenure as Speaker of the National Assembly. Pakistan has lost in him a truly illustrious son whose personal integrity and honesty of purpose may well be emulated by its other citizens. This Assembly resolves to convey to his family its feelings of loss and grief at the passihg away of Maulvi Tamizuddin Khan.

جناب والا ۔ مولوی تمیزالدین خاں صاحب ایک سچے مسلمان ، محب وطن اور ملک کے بلند پایہ ماہر قانون تھے ۔ اور موصوف کی تمام زندگی ایک مسلمہ Parliamentarian کی حیثیت سے گزری ۔ وہ انتہائی دیانت دار، مخلص اور منصف مزاج تھے ۔ یہی وجہ ہے کہ قومی اسمبلی کے تمام اراکین آپ سے والہانہ عقیدت رکھتے تھے ۔ آپ ایک پر وقار شخصیت کے مالک تھے ۔ اور جمہوریت کے حقیقی علمبردار تھے ۔ اور آپ جمہوری اصولوں کی بقاء کی خاطر بڑی سے بڑی طاقت سے بھی مرعوب نہ ہوئے ۔ تحریک پاکستان کے سب سے بلند رکن کی حیثیت سے

انہوں نے انگریزی سامراج کے خلاف بھرپور جنگ لڑی انہیں یقین تھا کہ انگریز کے بعد ہندو مسلمان پر حکمرانی کرنا چاہتا ہے اس لئے انہوں نے مسلمانوں کے لئے ایک الگ ریاست کے قیام کے لئے قائداعظم کی سرکردگی میں مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جنگ آزادی لڑی ۔ پاکستان کے استحکام اور اس کی سالمیت کے لئے مولانا تمیزالدین خاں نے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں ۔ اور وہ ملک کے دونوں حصوں کے عوام میں یکساں طور پر ہردلعزیز تھے ۔ صوبائی عصبیت کو ختم کرنے کے لئے دونوں صوبوں کے عوام کی غلط فہمیاں دور کرنے کے لئے اور انہیں قریب تر لانے کے لئے انہوں نے بہت اہم کردار ادا کیا ۔ وہ ایک سچے مسلمان تھے ۔ اور ہمیشہ سادہ زندگی گزارتے تھے ۔ وہ اپنے قومی کاموں میں بڑی دلچسپی لیا کرتے تھے انہوں نے اپنی قابلیت اور ذہانت کے باعث پارلیمانی تاریخ میں ایک اونچا مقام حاصل کیا ۔ آپ جن جن ممالک میں پارلیمانی وفود کے قائد کی حیثیت سے گئے وہاں آپ نے صرف اپنی خداداد قابلیت کا سکہ ہی نہیں بٹھایا بلکہ پاکستان کے لئے اچھے دوست بھی بنائے ۔ آپ کی بے وقت موت سے جو خلاء پیدا ہوگیا ہے اس کا جلد پر ہونا بہت مشکل ہے ۔ گو آج مولوی تمیزالدین خان ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں ۔ لیکن ان کے کارنامے ہمیشہ یاد رہیں گے ۔ اور ان کا نام ملک کی پارلیمانی تاریخ میں ہمیشہ سر فہرست رہے گا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں درخواست کرتا ہوں کہ جو قرارداد تعزیت پیش کی گئی ہے اس کو منظور کرلیا جائے ۔

Mr. Speaker : The Resolution moved is :

This Assembly places on record its sense of deep sorrow at the demise of Maulvi Tamizuddin Khan, Speaker of the National Assembly of Pakistan. The late Maulvi Sahib combined in himself the qualities of a freedom fighter, an upright politician, an astute legal authority, a polished parliamentarian and a respected and revered Speaker. As President of the former Constituent Assembly he set up traditions of impartiality and judicious conduct of parliamentary affairs which he continued with distiction during his tenure as Speaker of the National Assembly. Pakistan has lost in him a truely illustrious son whose personal integrity and honesty of purpose may well be emulated by its other citizens. This Assembly resolves to convey to his family its feelings of loss and grief at the passing away of Maulvi Tamizuddin Khan.

خواجہ محمد صفدر : (سیالکوٹ ۱) جناب والا ۔ میں اس تحریک و تعزیت کی حمایت میں چند الفاظ میں مولانا تمیزالدین خان مرحوم کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ قدرت کا یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جو بھی اس دنیا میں آئے اسے موت کے اس دروازے سے ضرور گزرنا ہوگا ۔ اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ ہم سب نے اپنے مالک حقیقی کی طرف لوٹنا ہے ۔ لیکن

چند لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کی موت ملک وملت کو سوگوار بنا دیتی ہے جن کی موت کو قومی المیہ تصور کیا جاتا ہے ۔ اور مولانا مرحوم ان چند بزرگ ہستیوں میں سے ایک تھے ۔ مولانا مرحوم کی زندگی پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے ۔ کہ مولانا مرحوم تحریک خلافت سے لیکر تحریک پاکستان تک اس ملک کی آزادی کے پیشروں میں سے تھے ۔ انہوں نے یہ جنگ آزادی ہمیشہ صف اول میں شامل ہو کر لڑی ۔ جیلوں میں گئے مصیبتں جھیلیں صعوبتیں برداشت کیں ۔ اور آخرکار ان کی اور ان کے رفقائے کار کی (کہ جن میں قائداعظم نے اپنی سرکردگی عطا کی تھی) کوششوں سے یہ ملک معرض وجود میں آیا ۔

مولانا مرحوم نہایت ہی سچے مسلمان تھے ۔ اور یہ ایک ایسی بڑی خوبی ہے ۔ جو آج کل شائد ہی چند لوگوں میں دیکھنی نصیب ہو ۔ وہ بڑے محب وطن تھے ۔ وہ جمہوریت کے سچے پرستار تھے ۔ اور ان کی زندگی کا وہ واقعہ ہماری تاریخ کا شاندار باب ہے کہ جب انہوں نے مرحوم ملک غلام محمد سابق گورنرجنرل کی آمریت کے خلاف اس ملک میں آواز اٹھائی اور حقیقت یہ ہے کہ مولانا مرحوم ان چند لوگوں میں سے تھے جنہوں نے اپنی زندگی ملک و ملت کی خدمت کے لئے وقف کردی تھی ۔ ان کو اپنی زندگی میں بڑے بڑے عہدے نصیب ہوئے ۔ اور انکی موت اس وقت ہوئی جبکہ وہ اس ملک کی پارلیمنٹ کے سپیکر تھے ۔ لیکن اس کے باوجود انہوں نے اپنی تمام زندگی انکسار کے ساتھ اور نہائت سادگی اور خلوص کے ساتھ گزاری ۔ جس کی وجہ سے مولانا مرحوم کو بہت مدت تک یہ ملک یاد کرتا رہے گا ۔ ان کی پارلیمانی زندگی اس قدر واضح اور صاف ہے کہ آج کل کے زمانے میں جبکہ ہر طرف خود غرضی کا دورہ ہے وہ اس اعتبار سے بالکل تنہا اورمنفرد نظر آتے ہیں ۔ اور شائد ہی کوئی بزرگ ایسا ہو جو اس پالیمانی زندگی میں اس قدر صاف ستھرا رہا ہو اور جو سیاسی آلائشوں سے اپنا دامن بچا کر لے گیا ہو ۔

میں ان الفاظ کے ساتھ محترم مولانا مرحوم کی روح کے لئے دعا کرتا ہوں ۔ کہ اللہ تعالےٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیے ۔

بیگم جہاں آرا شاہ نواز : (لاہور ملتان ڈویژن)—صدر محترم، اس وقت جو تعزیتی ریزولیوشن پیش ہوا ہے ۔ میں اسکی تہہ دل سے تائید کرتی ہوں ۔ میں ان پہلوؤں پر کوئی روشنی ڈالنا نہیں چاہتی جن کے متعلق قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نے اس وقت ہاؤس میں

کافی وضاحت کی ہے ۔ میں خوش قسمتی سے ان انسانوں میں سے ہوں جنہیں ساڑھے آٹھ برس مولانا محترم کے ظل ہمایوں میں کام کرنے کا موقع ملا ۔ میں اس وقت صرف یہ عرض کروں گی کہ انہوں نے سنٹرل اسمبلی کی روایات قائم کرنے میں کیا ان تھک کوششیں صرف کیں ۔

صدر محترم—جس وقت قائد ایوان تقریر کر رہے تھے تو میرے سامنے وہ منظر تھا کہ جب آئین ساز اسمبلی کی ہاوس کمیٹی مقرر ہوئی اور محترم مولانا صاحب کی خدمت میں یہ گزارش کی گئی کہ آپ سب سے پہلی فرمانروا پارلیمنٹ کے سپیکر مقرر ہوئے ہیں ہمیں امید ہے کہ آپ ایسی روایات قائم کرنے کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرینگے کہ ہماری پارلیمنٹ کسی طرح بھی Home of Commons یا دیگر مغربی پارلیمنٹوں کے مقابلہ میں اپنی فرمنراوائی میں کم نہ رہے محترم نے فرمایا— That he would do his best. اس کے علاوہ ان سے یہ بھی گزارش کیگئی کہ اس وقت تمام روایات کی ابتدا ہونی ہے ان پہلے سالوں میں جو اسمبلی کے سپیکر کی پوزیشن قائم ہو گی اور ایوان کی خود مختاری کی جو روایات مقرر ہوں گی وہی قائم رہیں گی صدر محترم میں آپ کو بتا نہیں سکتی میرے پاس الفاظ نہیں ہیں نہ ہی یہ مناسب ہے کہ میں ان باتوں پر سے پردہ اٹھاوں کہ مرحوم کو اپنے پہلے تین سالوں میں کیسی کیسی کشمکش میں سے گزر کر وہ روایات قائم کرنی پڑیں ۔ مجھے اب تک یاد ہے کہ بعض دفعہ ہم گھبرا جاتے تھے مگر وہ دل برداشتہ نہیں ہوتے تھے اور اس وقت سب سے زیادہ خراج تحسین مجھے یہ پیش کرنا ہے کہ اپنی مستقل مزاجی سے انہوں نے جو بھی جنگ لڑی اس میں اکثر کامیاب ہوئے ۔ سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ جب اپنی پارلیمنٹری روایت قائم کرنے میں انہیں کوئی دقت درپیش ہوئی تو انہوں نے ہمیشہ اسے ہاؤس کمیٹی کے سامنے پیش کرکے اور تمام لوگوں کا تعاون حاصل کرکے اور انہیں اپنے Confidence میں لیکر خود یہ جنگ لڑی اور یہی سب سے بڑا جمہوری اصول ہے ۔ جس کی جتنی بھی قدر کی جائے کم ہو گی ۔

صدر محترم اس عمدہ طریقے سے مستقل مزاجی، جرأت، دلیری اور قابلیت سے انہوں نے ایوان کی فرمانروائی کو قائم رکھا ۔ ہمیں

افسوس ہے کہ آج ہم ان کی شفقت سے محروم ہو گئے - ایسے لوگ دنیا میں روز نہیں آتے - کبھی کبھی آتے ہیں - میں عرض کروں گی کہ مارشل لاء کے بعد جب پھر اسمبلی قائم ہوئی تو ہر شخص نے خواہ وہ حزب اختلاف میں تھا یا سرکاری بنچز سے تعلق رکھتا تھا اس نے یہی کہا کہ مولوی تمیزالدین خان کو صدر بنانا چاہیئے - اس سے زیادہ کسی کی عوام میں مقبولیت اور خواص میں مقبولیت کا بین ثبوت کیا ہو سکتا ہے - آج افسوس ہے کہ وہ ہم میں نہیں ہیں اور ہم قوم کے ایک بہت بے مثال بزرگ کی شفقت سے محروم ہو گئے ہیں - اس وقت میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتے ہوئے دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو بہشت بریں میں جگہ دے، بیشک اللہ تعالیٰ ان کو بہشت میں جگہ دے گا اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور خاص طور سے میری بہن کو صبر عطا فرمائے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی : (ہزارہ - ۱)—
جناب والا ! واجب‌التعظیم جناب مولانا تمیزالدین خان صاحب مرحوم و مغفور کی نسبت قائد ایوان نے جو قرار داد تعزیت پیش کی ہے اس پر کچھ کہنے سے پہلے میری یہ دعا ہے کہ رب کریم و جلیل مغفور کو جنت فردوس عطا کریں اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں -

جناب والا ! جناب تمیزالدین خانصاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے لیکن جو کچھ میں سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ وہ پاکستان کے عظیم رہنما تھے وہ بلند کردار سیاسی کارکن تھے اور کہ وہ سب سے بڑی خوبی جو مولانا کی ذات گرامی میں موجود تھی وہ یہ تھی انتہائی بلند درجے کے محب وطن اور ایک سچے مسلمان اور نڈر سپاہی تھے اور Efficient قائد اور Worker تھے یہ انصاف کی بات ہے کہ ہمارے رہنماوں میں یہ چاروں خصوصیات ابھی تک بہت کم نظر آتی ہیں اور ایسے وقت میں جبکہ مولانا کی رہنمائی پاکستان کے لئے انتہائی ضروری تھی - ان کو رب غفور نے ہم سے جدا کر دیا - لیکن ساتھ ہی ساتھ میں یہ گزارش کرونگا کہ ہمارے وہ قائدین ہمارے وہ رہنمایان قوم جو قیادت کے دعویدار ہیں جو قیادت کرنے کے اہل ہیں اس قرارداد کے پیش ہونے کے بعد اس بات کا عہد کریں کہ وہ مولانا مرحوم کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں گے اور کسی جگہ پر مولانا کے نقش قدم پر چلنے سے گریز نہیں کریں گے -

ایک بات جو مولانا کی ذات گرامی میں بدرجہ اتم موجود تھی یہ ہے کہ مولانا مرحوم ان چند لوگوں میں سے تھے کہ جو غربی اور مشرقی پاکستان کے اتحاد کے علمبردار تھے انہوں نے کسی مقام پر اور کسی وقت بھی ان دونوں حصوں کو ایک دوسرے سے کم نہیں دیکھا اور مولانا کی ذات گرامی اس بات کی دلیل تھی کہ وہ East اور West کے اتحاد کے ہر طریقے سے علمبردار تھے ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : (Larkana III) ; Mr. Speaker, Sir, I associate myself wholeheartedly with this reference. The services rendered by Maulvi Tamiz-ud-Din Khan to this country and to this nation cannot be easily forgotten. He not only fought for the independence of this sub-continent from the foreign rule and for the establishment of Pakistan but what is more important these days is that he also fought for freedom in this country. As you know, Sir, freedom from foreign rule is worthless unless we have freedom also in the country itself. The Maulana's valiant fight for democracy against arbitrary rule cannot be easily forgotten. It will always be remembered in the political history of this country as well as in the political history of the world.

What struck me most about the late Maulana Sahib was that he was a true Muslim and a great Muslim. His faith, his learning, his piety and his simplicity reminded one of Khulfaa-e Rashideen. He represented the true Muslim ideals which we all cherish today but from which we are so far and from which we are getting farther and farther away. The best tribute that we can pay to his memory is to fight for the ideals for which the late Maulana fought throughout his life and which we cherish and advocate today.

مسٹر محمد محسن صدیقی : (کراچی - ۱) جناب والا! اس موقعہ پر مجھے ایک مشہور فارسی شاعر کا شعر یاد آتا ہے ۔

عمر ها در کعبه و بت خانه می نالد حیات
تا ز بزم عشق یک دانائے راز آید برون

جناب محترم مولانا تمیزالدین خان صاحب کی ذات والا صفات کے متعلق جتنا کہا جائے کم ہے ۔ جناب مولانا صاحب کو میں نے بہت قریب سے دیکھا ہے اور میں نے ان کی ذات اور ان کی صفات سے فائدہ اٹھانے اور استفادہ کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میں بلا خوف تردید یہ کہہ سکتا ہوں کہ مولانا جنگ آزادی کی صف اول کے سپاہی تھے اور نہ صرف یہ بلکہ جب سن ۱۹۳۷ ء میں مسلم لیگ کی احیا اور تنظیم نو ہوئی تو مولانا میدان سیاست میں بروئے کار آئے ۔ بلکہ سب سے پہلے مولانا نے تحریک خلافت میں نمایاں حصہ لیا اور اس ضمن میں ان کی جو خدمات ہیں انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا ۔ ملت اسلامیہ سن ۱۹۳۷ء میں پریشان اور مضطر تھی ۔ اسے ایک طرف ہندو سامراجیت کا ڈر تھا تو دوسری طرف انگریزوں کی غلامی کا ۔ اس

وقت چند مسلمان ایسے تھے جو سر پر کفن باندھے جنگ آزادی میں شریک ہوئے اور مولانا ان میں سے ایک تھے اور بہت کم ایسے ہیں کہ مولانا تمیزالدین کی طرح قائد اعظم کے معتمد ہوئے ۔ قائد اعظم کو ان پر اس قدر بھروسہ تھا کہ جب پہلی پاکستان کی دستور ساز اسمبلی بنی تو مولانا کا نام قائد اعظم کے ذہن میں تھا ۔ مولانا کی زندگی اسمبلی کی زندگی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو خدمات انہوں نے اس سلسلہ میں دستور ساز اسمبلی کے سپیکر کی حیثیت سے اور اس کے بعد نیشنل اسمبلی کے سپیکر کی حیثیت سے انجام دیں اگر آپ انہیں ذہن میں رکھیں تو وہ ہمیشہ آپ کے لئے مشعل راہ ہوں گی ۔ آپ کو معلوم ہو گا کہ جمہوری نظام اور جمہوری حکومت میں ایک اسمبلی کا کیا وقار ہوتا ہے اور کیا طاقت اسمبلی کی ہوتی ہے اور کیا کیا اختیارات ہوتے ہیں اور ان کی نگہداشت کس طریقہ سے کی جا سکتی ہے ۔ جناب والا ! مولانا محترم اس ملک کے ان چند افراد میں سے تھے ۔ جنہوں نے کسی استبداد کے سامنے کسی طاقت ۔ کسی ظلم کے سامنے گردن نہیں جھکائی ۔ آپ کو یاد ہوگا ۔ کہ اس ملک کی سیاسی زندگی میں ایک ایسا تلخ دور بھی آیا کہ چند افراد نے ایک کمپنی قائم کر رکھی تھی ۔ جس کے چیئر مین مرحوم غلام محمد تھے اور جس کے مینیجنگ ڈائریکٹر گرمانی اینڈ کمپنی ہوا کرتے تھے ۔ انہوں نے ملک پر اس طرح قبضہ کیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) ; Sir, on a point of order. I crave your indulgence to request the Member to try not to make any per onal remarks or reference to any individual who is not here in this House.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi : This is a resume of political events which were in dispute and on which the whole country unanimously gave its verdict.

Mr. Speaker : This should be without any personal remarks.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi : I will make no personal remarks.

جناب والا ! اس دور میں جسکا میں ذکر کر رہا تھا ۔ میں نے بڑے بڑے سیاسی رہنماؤں کو دیکھا ۔ میں نے ہیانگ دھل دعوے کرنے والوں کو دیکھا ۔ میں نے ایسے لوگوں کو دیکھا کہ جو جنگ آزادی میں شریک ہو کر انگریزوں اور ہندوؤں کے مقابلہ میں بڑی مستعدی سے لڑا کرتے تھے ۔ لیکن جب اس ملک میں وہ افسوس ناک اور اندوہ ناک دور آیا تو وہ خاموش ہو کر اپنے گھروں میں بیٹھ گئے ۔ اگر مشعل جمہوریت لیکر کوئی شخص اٹھا تو وہ مولوی تمیزالدین خان صاحب کی ذات والا تبار تھی اور مولانا نے نہ صرف یہ

کہ جمہوریت کا بول بالا کرنے کے لئے بلکہ قانون کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہوئے انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ اس ملک میں انفرادی حکومت اور امریت کا قیام نہیں ہو سکتا اور یہ نہیں کہ مولانا بالا آخر ناکام ہوئے ہوں - ان کی مساعی بے کار نہیں گئیں - کیونکہ انہیں حکمرانوں کو چند ہی دنوں میں جمہوریت کو بلند کرنا پڑا اور ان کی ایماندارانہ کاوش ناکام نہیں ہوئی - میں مولانا محترم کو اس ملک کا سب سے بڑا بلکہ اس دور کا سب سے بڑا جمہوریت کا علم بردار سمجھتا ہوں - میں جناب لیڈر کے ساتھ اور جناب صفدر کے ساتھ متفق ہوں کہ مولانا کی ذات والا صفات کے لئے ان کی روح کو ایصال ثواب کے لئے جتنی بھی دعائیں کی جائیں کم ہیں اور وہ ولولہ اور جذبہ جو مولانا محترم کے دل میں کارفرما تھا اللہ کرے کہ ہم میں بھی وہ پیدا ہو -

مسٹر افتخار احمد خان: (جھنگ - ۱)-صدر گرامی اس ایوان کا زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے میں بھی مرحوم مولانا تمیزالدین صاحب کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کرنا چاہتا ہوں - مرحوم کیانی صاحب کی وفات کے بعد یہ دوسرا صدمہ بلکہ عظیم صدمہ اس مجبور قوم کے لئے یقیناً ایسا ہے کہ جس کو برداشت کرنے کے لئے وقت درکار ہوگا - جناب والا! مولوی تمیزالدین خان صاحب کے لئے آج ملک میں صف ماتم اس لئے نہیں بچھی ہوئی کہ وہ ایک عظیم سپیکر تھے - آج قوم اس لئے رنجیدہ نہیں ہے - کہ وہ ایک عظیم پارلیمنٹیرین تھے - آج قوم اس لئے رنجیدہ نہیں کہ وہ ایک عظیم مسلمان اور نیک دل انسان تھے - یقیناً یہ تمام خوبیاں ان کے اندر موجود تھیں - وہ ان تمام خوبیوں کے حامل تھے - جناب والا! در اصل ان کی عظمت اس لئے زیادہ ہوئی کہ وہ اس قافلے - اس جماعت سے تعلق رکھتے تھے - کہ جس نے چالیس پچاس سال پیشتر اس ملک میں آزادی کا خواب دیکھا تھا - وہ اس گروہ کے رکن تھے - جنہوں نے انگریزی سامراجیت کے خلاف آواز بلند کی تھی - قوم کے لئے قربانیاں کیں اور کوڑوں کی سزا برداشت کی - اس وقت ایسے لوگ موجود تھے جو آزادی کے لئے پروانہ‌وار جیلوں میں جاتے اور مصائب برداشت کرتے تھے - ان کو دیوانہ کہا جاتا تھا - جو جمہوریت کی آواز بلند کرتے تھے - ان کو بیوقوف کہا جاتا تھا - ہندو خطابات حاصل کرنا اور جائدادیں حاصل کرنا اور اپنے خاندان کو بنانا اپنا نصب‌العین سمجھتے تھے - لیکن یہ اس قافلے کے سرگرم کارکن تھے -

جس کا نصب العین جیل میں جانا تھا ۔ نصب العین کوڑے کھانا تھا ۔ قوم کے لئے آزادی حاصل کرنا تھا اور مورخ نے دیکھا اور دنیا نے دیکھا کہ وہ نصب العین درست تھا ۔ یہ نصب العین درست نہ تھا کہ دولت کماؤ عیش کرو ۔ اپنی قوم کو بچاؤ ۔ جمہوریت کا گلا گھونٹو ۔ قوم اور مورخ نے دیکھا کہ مولانا اور ان کے ہم خیال کامیاب ہوئے اور جناب والا ! دوسری عظمت مولانا کی آپ کو یاد ہو گی ۔ جناب والا ! وہ اس قافلے کے بھی سردار تھے ۔ کہ جس نے ہندو سامراجیت کے خلاف ہندو کی تنگ نظری کے خلاف تنگ ذہنیت کے خلاف علم بلند کیا اور اس ملک کا سہانا خواب دیکھا ۔

جناب والا ! آج مولانا مرحوم ہم میں نہیں ہیں اور یقیناً آج ان کی کمی ہم اس لئے زیادہ محسوس کر رہے ہیں کہ ہمارے ملک میں قحط الرجال ہے سیادت میں قحط الرجال ہے ۔ Leadership میں قحط الرجال ہے اور ہر چیز میں قحط الرجال ہے ۔ ان کی کمی اور خلاء جو ان کی موت کی وجہ سے پیدا ہوا ہے وہ اسی لئے زیادہ محسوس کیا جا رہا ہے ۔ ورنہ جناب والا ! سپیکر اور بھی بہت سے آئیں گے ۔ سپیکر اور بھی بہت سے چلے جائیں گے لیکن مولانا صاحب کی عظمت اس لئے زیادہ ہے ۔ مولانا صاحب کی بلندی اس لئے زیادہ ہے ۔ کہ انہوں نے اس ملک کو آزاد کرایا ہے اس ملک پاکستان کو حاصل کیا ہے ۔

جناب والا ! آخر میں میں مولانا صاحب کے پس ماندگان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ خداوند کریم مولانا کو جوار رحمت میں جگہ دے اور اس قوم کو یہ توفیق عطا فرمائے کہ جو اصول اور جو خیالات انہوں نے اپنائے تھے اور اپنے سامنے رکھے تھے ۔ وہی اصول اور خیالات یہ قوم بھی اپنے سامنے رکھے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری (میاں محمد شریف) جناب سپیکر مولانا تمیزالدین صاحب مرحوم و مغفور کے متعلق اور ان کی ذات گرامی اور ان کے چند اصولوں کے متعلق اس معزز ایوان میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اب کوئی ایسا پہلو نہیں ہے جس پر ان کی زندگی کے متعلق میں کچھ روشنی ڈالوں ۔ میں صرف ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں اور آپ سب حضرات کی خدمت میں باادب درخواست کرتا ہوں کہ جس وقت

کسی بڑے سے بڑے آدمی کو جو اپنے ملک میں پیدا ہو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے تو اس کا سب سے احسن طریقہ یہ ہوتا ہے کہ جو اصول اس نے اپنی زندگی میں اپنے لئے وضع کئے ہوئے ہیں ان اصولوں کو اپنایا جائے - تو آج اس ایوان کے معزز حضرات سے میری درخواست ہے کہ جس حرات - دلیری اور بہادری کے ساتھ مولانا صاحب نے قانون کے اندر رہ کر اپنی زندگی بسر کی ہے اور مجھے یقین ہے کہ ان کے اصولوں کو اپنانا ہمارے خراج عقیدت کا بیں ثبوت ہوگا اسے سامنے رکھتے ہوئے ہم ان کے بتائے ہوئے راستے پر گا مزن ہوں -

جناب والا - ان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے بہت کچھ کہا جا سکتا ہے لیکن عملی زندگی میں انہوں نے جو کام کئے ہمیں ایک ازاد قوم کی حثیت سے یہ چاہیے کہ ہم ان کی پیروئی کریں -

ان خیالات کے اظہار کے بعد جناب والا میں مولانا صاحب کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں -

میاں محمد اکبر (گجرات ۱) : جناب والا ! مولانا تمیزالدین خان صاحب کی موت سے پاکستان میں جو خلا پیدا ہوا ہے میرے خیال میں وہ مدت تک پر نہیں کیا جا سکے گا - مولانا صاحب کی موت سے پاکستان کا ایک بہت بڑا دانشور کم ہوگیا ہے جمہوریت کا ایک درخشاں ستارا ڈوب گیا ہے - پاکستان کی جمہوریت کی نوک پلک سنوارنے والا مجاہد جنت میں چلا گیا ہے وہاں پہلے ہی ہمارے وطن کے بہت سے رکھوالے اور معمار جمع ہیں - وہاں ہمارے قائداعظم ہیں قائد ملت ہیں اور قائداعظم کے بہت سے جان نثار ساتھی وہاں پہنچ چکے ہیں - اور اب ہمارے دور میں جمہوریت کا سب سے بڑا نقیب اور داعی بھی ان سے جا ملا ہے - میری زبان پر بے اختیار یہ شعر آ رہا ہے -

جو بادہ کش تھے پرانے وہ اٹھتے جاتے ہیں

کہیں سے آب بقائے دوام لا ساقی

جناب والا ! مولانا مرحوم و مغفور ایک صالح اور صحیح مسلمان تھے - ان کی اسلام دوستی کو دیکھ کر قرون اولی کے مسلمانوں کی یاد تازہ ہو جاتی تھی - تمام عمر بہت نیک مقاصد اور بلند عزائم

ان کے سامنے رہے ہیں - زندگی بھر وہ بہت بڑے بڑے عہدوں پر متمکن اور فائز رہے لیکن یہ ان کے کردار کی خوبی ہے کہ ان بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہوتے ہوئے بھی انہوں نے فرائض اور طاقت کو کبھی گڈ مڈ نہیں ہونے دیا - ان کا دماغ طاقت کے نشہ سے کبھی چور نہیں ہوا اور انہوں نے فرائض کو ہمیشہ پیش نظر رکھا - جس عہدے پر بھی وہ متمکن رہے ہمیشہ ملک اور قوم کی خدمات ان کے پیش نظر رہیں اس وقت جب کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کو ایک بہت ثقیل لفظ گردانا جارہا ہے اور حکمران طبقہ جمہوریت کو عجیب و غریب معنی پہنانے کی کوشش کر رہا ہے - اس وقت مولانا مرحوم جیسی شخصیتوں کی پہلے سے بھی زیادہ ضرورت ہے -

جناب والا ابھی ابھی مجھ سے پیشتر مقرر صاحبان نے مرحوم غلام محمد کے دور اقتدار کا قصہ ایوان میں پیش کیا ہے - اس وقت سب کو معلوم ہے کہ کس جرآت اور بے باکی سے انہوں نے جمہوریت کی بقا کے لئے اپنا سینہ وا کیا اور کس طرح جمہوریت کی بقا اور استحقام پاکستان کے لئے سینہ سپر ہوگئے - آج جب کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کو خطرہ لا حق ہے - ہمیں مولانا مرحوم و مغفور جیسی شخصیتوں کی ضرورت ہے جو اپنے تن - من - دھن سب چیز کی بازی جمہوریت کی بقا کے لئے لگا دیں -

جناب والا مولانا مرحوم و مغفور کی ذات گرامی صرف جمہوریت کی ہی نشان دہی نہیں کرتی تھی بلکہ ان کی ذات گرامی پاکستان کے دونوں حصوں میں اتحاد اور یکجہتی کی مظہر تھی پاکستان کے دونو حصوں کے لوگ ان سے والہانہ محبت اور عقیدت رکھتے تھے - جناب والا آج جبکہ پاکستان میں بیرونی طاقتیں اس اتحاد اور سالمیت کو پارہ پارہ کرنے پر تلی ہوئی ہیں اور خاص طور پر مشرقی پاکستان میں اس امر کے لئے سرگرم عمل ہیں اس وقت ہم مولانا مرحوم کی کمی بہت شدت سے محسوس کر رہے ہیں - ہمیں اس وقت ان جیسے جاں نثار لیڈروں کی ضرورت ہے جو اپنی قربانیوں اور اپنے بلند اور اعلیٰ کردار کی وجہ سے ملک کے دونوں حصوں میں سلامتی اور اتحاد کو برقرار رکھ سکیں -

جناب والا میں اپنی گذارشات ختم کرنے سے پہلے حکومت کی توجہ نہایت افسوس کے ساتھ اس طرف مبذول کراتا ہوں کہ اتنے بڑے

لیڈر کے وفات پا جانے کے بعد آج تک حکومت نے کوئی منصوبہ ایسا نہیں بنایا اور نہ ہی کسی ایسے منصوبے پر غور ہو رکھا ہے کہ ان کی شان شایان کوئی یادگار قائم کی جا سکے - اس ایوان میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ مرکزی حکومت کا کام ہے کہ ان کی یاد گار قائم کرے - لیکن جناب والا جیسا کہ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے مولانا مرحوم و مغفور ملک کے دونوں حصوں کے محسن تھے ملک کے دونوں حصوں کے عوام کو مولانا سے والہانہ عقیدت تھی - اس لئے میں نہایت ادب کے ساتھ اپنی حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ بھی مولانا مرحوم و مغفور کے شایان شان کوئی یاد گار قائم کرنے کا منصوبہ بنائے ہماری حکومت کے پاس ۱۰ کروڑ روپیے کی رقم جو کنٹنجینسیز کی مد میں رکھی گئی ہے وہ یا تو بیکار پڑی ہے یا اسے لوگوں کی ضمیر خریدنے کے لئے خرچ کیا جاتا ہے -

Mr. Speaker : No suggestions at this time. The member may give a separate resolution or he can draw the attention of the Government through some question.

میاں محمد اکبر - اچھا جناب والا اگر ہماری حکومت اس سرمائے سے کچھ نہیں خرچ کرنا چاہتی تو میں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ وہ کم از کم ہمارے کالجوں میں ایک مولوی تمیزالدین ٹرافی قائم کر دیں - وہ ٹرافی کالج کے اس ہونہار طالب علم کو دی جائے جو جمہوریت کے موضوع پر بہترین مضامین لکھ سکے تا کہ ہمارے نوجوانوں میں جمہوریت کا احساس پیدا ہو - اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ ہم مولانا مرحوم کو خراج تحسین پیش کر سکیں گے اور ان کی روح جنت میں بھی ہم سے خوش ہوگی -

Mian Abdul Latif (Sheikhupura I): Mr. Speaker, Sir, I am in complete agreement with the feelings and sentiments expressed by the Leader of the House, the Leader of the Opposition and other Member of the House on the sad and untimely demise of Maulvi Tamizuddin Khan.

Mr. Speaker : In Maulana's death the nation has lost a really great gentleman, whom God had given innumerable qualities of head and heart. He was a true and devoted Muslim, a passionate patriot who loved his country more than his own self, and a great politician, who believed, and believed as an ideal, in the purity and cleanliness of politics. He was a great fighter for freedom and an undaunted warrior against tyranny and injustice. He was a great parliamentarian and great constitutionalist. Above all Sir, as has been said, he was a great hero. His death has created in the country's political life a great vacuum which it would not be possible for the Nation to make up for decades to come.

History knows it Sir, that crisis came in this country in 1953 when a paid servant of the Government put his hostile hand on the sovereign body of the country, i.e. the Constituent Assembly. It was Maulvi Sahib and he alone who refused to take things lying down. Like a valiant fighter he fought the case single handed in the highest court of the country, i.e. the Supreme Court. History also knows Sir, that he lost the battle. He had not lost it because there was no force in his plea but because as the Court says, there was a rule of necessity.

We also know it Sir, that Maulvi Sahib was a man of very deep convictions. From his youth he entered the battle field, principally firstly against the British in favour of the muslims of the whole countr -not only of the country but the whole world. He fought in the Khilafat Movement. Then he came over to the Muslim League as a very great fighter and a very great leader. He led us from strength to strength and ultimately to success and Pakistan.

In the parliamentary sphere he was head and shoulders above his contemporaries I should say in the whole of the sub continent of India and Pakistan. As a Speaker, we all know, Sir, that he commanded not only respect but affection and love of all sections of the House. He believed in the supremacy of the House, in the dignity of the Chair, and guarded both as a very jealous mistress. As a human being, he was per excellence. Whoever sought his help, got it, whoever sought his aid, got it. The country, Mr. Speaker, is very much the poorer today for his departure.

I pray to God that we may be able to do something in the service of the country, which he loved the most.

مسٹر سپیکر — جو اظہار خیال مولوی تمیزالدین خان کے ریزولیوشن . . . . .

Syed Ahmad Saeed Kirmani: Sir I have been trying to catch your eye.

M. Speaker: I have seen Mr. Kirmani for first time.

Syed Ahmad Saeed Kirmani: Sir I stood, but let me add that I made several attempts to catch your eye. It is may misfortune that I have not been able to catch it.

Mr. Speaker: Alright, I will allow him to speak after Mr. Ibrahim.

Syed Ahmad Saeed Kirmani: Alright Sir.

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ نمبر ۳): صاحب صدر - اس موقعہ پر مجھے حضرت شیخ سعدی کے دو شعر یاد آ رہے ہیں - فرماتے ہیں ؎

یاد داری که وقت زادن تو
همه خندان بدند و تو گریان
آن چنان زی که بعد مردن تو
همه گریان شوند و تو خندان

مولانا تمیزالدین خان کی زندگی فی الحقیقت ان اشعار کی تعبیر ہے اگرچہ وہ اس وقت ہم میں نہیں ہیں لیکن کوئی آنکھ ایسی نہ ہوگی جو ان کی بے وقت موت پر اشک بار نہ ہوئی ہو۔

صاحب صدر ۔ مولانا تمیزالدین کسی خطہ یا کسی قوم سے منسوب نہیں بلکہ وہ تمام بنی نوع انسان کا ایک قیمتی سرمایہ ھیں ۔ ان کی بے باک جرات تاریخ کا ایک مستقل باب بن چکی ھے ۔ خصوصیت سے وہ واقعہ جب کہ انہوں نے غلام محمد مرحوم کے ور استبداد میں اس جمہوریت کے علم کو ایسے حالات مین بلند کیا جب کہ اس راستے کے بیشتر رھنا منقار زیر پر ھوگئے تھے ۔

Mr. Speaker : Just a minute. I may point out that some members are not sitting properly. They should sit properly please.

چودھری محمد ابراھیم — سیاست کے میدان میں جہاں اس قدر تعفن اور تنگ نظری ھے ان کا کردار ان چھوٹی چھوٹی باتوں سے بلند رھا ۔ انہوں نے عالمی سیاست کے نقطہ نگاہ سے تمام معاملات کو دیکھا اور ان کے متعلق وہ فیصلے دئے جو آئین اور قانون کے لحاظ سے ایک مستقل حثیت رکھتے ھیں ۔

میں اس بارے میں کچھ زیادہ کہنا نہیں چاھتا ۔ اس خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ میری صمیم قلب سے یہ دعا ھے کہ اللہ تعالی مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ھم سب کو یہ توفیق عطا کرے کہ ھم ان کے نقش قدم پر چل کر ان اصولوں کو اجاگر کر سکیں اور ان کے ماتحت اپنی زندگی ڈھال سکیں .ن کے لئے وہ جئے اور مرے ۔

سید احمد سعید کرمانی — (لاھور ۔ ۵) صاحب سپیکر ۔ مولوی تمیزالدین خان مر وم کی تعزیت کے سلسلہ میں جو قرار داد جناب قائد حزب اقتدار نے پیش کی ھے میں اپنے آپ کو ان جذبات کے ساتھ جو انہوں نے اس سلسے میں پیش کئے ھیں شریک کرتا ھوں ۔

جناب والا جب میں مولانا مرحوم کی زندگی پر نگاہ ڈالتا ھوں تو تین چار چیزیں بڑی وضاحت کے ساتھ سامنے آجاتی ھیں ۔ اور میری رائے میں وھی تیں چار چیزیں ھیں جن سے ھم اپنی قوم کی رھنمائی کے لئے کوئی لائحہ عمل تیار کر سکتے ھیں ۔

مولانا پاکستان میں واحد شخصیت تھے جنھوں نے قانون کی حکومت کے لئے ان تھک کوشش کی ۔ یعنی جسے ھم Rule of law کہتے ھیں ۔ ھمیں وہ دور یاد ھے جب ۱۹۵۳—۵۴ یا ۱۹۵۲ء میں بعض حکمران نے نوکر شاھی کے ساتھ سازش کر کے

اور چند کمزور طبیعت اور نااہل سیاستدانوں کو اپنے ساتھ شریک کر کے اس ملک میں جمہوریت کا گلا گھونٹنے کی ناکام کوشش کی - اس تاریک دور میں جو خدمات مولانا مرحوم نے سرانجام دیں وہ اس قابل ہیں کہ تاریخ میں سنہری حروف کے ساتھ لکھی جائیں -

سچ پوچھئے تو اس ملک میں جمہوریت کی بحالی کی جنگ کا آغاز اس دور میں ہوا جس دور میں مولانا نے اس وقت کے گورنر جنرل کے آمرانہ احکام کے خلاف جدوجہد کی - آج بھی جو لوگ جمہوریت کا نام لیتے ہیں اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت ہونی چاہئے وہ مولانا مرحوم کے مشن ہی کی تکمیل کے خواہش مند ہیں - یہ چیز اس بات سے بیان ہوتی ہے کہ جب وہ پچھلے دونوں پہلی بار یہاں مغربی پاکستان اسمبلی میں تشریف لائے تو انہوں نے مسلم لیگ کے ان کارکنوں کے ساتھ جنہوں نے ان کے استقبال کا انتظام کیا تھا جس بات کی طرف نہایت خلوص اور دردمندی کے ساتھ اشارہ کیا تھا وہ آئین میں مناسب ترامیم کا مسئلہ تھا اور وہ جمہوریت ہی تھی کیونکہ ان کا اس بات پر ایمان تھا کہ اگر ملک کو آگے بڑھنا ہے اور ترقی کے منصوبوں کو پائیہ تکمیل تک پہنچانا ہے تو اس کی واحد صورت یہ ہے کہ آئین میں مناسب ترامیم کی جائیں چنانچہ وفات تک ان کی زندگی کا عزیز ترین مشن یہی تھا -

تیسری بات ان کی زندگی کے متعلق یہ تھی کہ پاکستان بننے کے بعد یہاں کئی وزارتیں آئیں - کئی وزارا چلے گئے - کئی حکمران آئے اور کئی چلے گئے لیکن بہ حیثیت سپیکر انہوں نے بس شاندار کردار کے ساتھ اپنے کام کو سرانجام دیا ہے کئی سالوں تک اس دیانتداری کے ساتھ وہ کام سرانجام نہیں دیا جا سکے گا اور میں تو یہاں تک کہہ سکتا ہوں کہ ان جیسی پارلیمانی زندگی قابلیت اور غیر جانبداری کی حامل کوئی شخصیت آج ہمیں نظر نہیں آتی - مولانا مرحوم نے موجودہ اور آئندہ آنے والے اور بننے والے سپیکرز کو ایک Code of Conduct دیا ہے - انہوں نے نہایت بے خوفی اور غیر جانبداری کے ساتھ اتنی اونچی مسند پر بیٹھ کر اس عہدہ کے وقار کو قائم رکھا ہے کہ اس پر ہم جتنا بھی ناز کریں کم ہے - اس کے بعد ان کی زندگی سے جو چیز ہمیں ملتی ہے اور جس کی وجہ سے اس ملک میں ان کو اتنی عزت حاصل ہوئی وہ یہ تھی کہ [illegible] وہ قوم کے تھے - ان کے پاس خلوص تھا - ایمان اور دردمندی تھی اور وہ

ملک کے دونوں حصوں میں مقبول تھے ۔ وہ ان لیڈروں کی طرح نہیں تھے جن کی اساس چار B^s پر ہوتی ہے یعنی جن کا انحصار بینک بیلنس بنگلے برادری اور بیوک پر ہوتا ہے ۔ مولانا کے پاس کیا تھا ان کے پاس خلوص تھا اور دردمندی تھی ۔ ان کے پاس کیا تھا ان کے پاس قوم کے لئے نہ مٹنے والے جذبات تھے اور آج بھی جو لوگ ملک اور قوم کی ترقی کی تمنا رکھتے ہیں یہ بات ان کے لئے مشعل راہ ہے ۔

اس کے بعد میں ایک بار پھر اپنے آپ کو لیڈر آف دی ہاوس کے جذبات میں شریک کرتا ہوں جو انہوں نے مرحوم کی تعزیت کے آغاز میں پیش کئے تھے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ٦) ،، کل نفس ذائقہ الموت ،، جناب صدر ۔ زندگی ہمیں یہ بتاتی ہے کہ ہم میں سے بہت سے انسان جسمانی طور پر زندہ ہوتے ہیں اور روحانی طور پر مر چکے ہیں لیکن بعض انسان ایسے بھی ہیں جو جسمانی طور ہمارے درمیان نہیں ہوتے تاہم زندہ ہیں ۔

مجھے مولانا تمیزالدین خان مرحوم سے انتہائی عقیدت تھی ان کی وفات ہم میں سے اور اس دنیا سے ایک عظیم انسان کو لے گئی لیکن ان کے زرین اصول ان کی بے باکی اور حق گوئی اور آمریت کے خلاف جنگ کی یادیں ابھی تک موجود ہیں ۔ اور ہمارے لئے مشعل راہ ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ کروڑوں انسان اس دنیا میں پیدا ہوتے ہیں اور اس دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں ۔ ان میں بعض ایسے انسان ہوتے ہیں جن کی اشد ضرورت ہوتی ہے ۔ جن کا کردار اس قسم کا ہوتا ہے کہ اس کو دیکھکر بہت سے لوگ نیکی کی طرف راغب ہوتے ہیں ۔ جناب مولانا تمیزالدین خان مرحوم کا کردار اسی قسم کا تھا ۔ ان کے دنیا سے اٹھ جانے سے آج ہمیں سب سے بڑا غم یہ ہے کہ ان ایسی خصوصیات کے انسان ختم ہو رہے ہیں اور اس قسم کے بہت کم انسان ہمارے اندر موجود ہیں۔

میری دعا ہے کہ خدا مرحوم کو غریق رحمت کرے اور آئندہ مولانا تمیزالدین خان کی سی خصوصیات والے انسان ہمارے اندر پیدا کرے اور ہمارے ملک کو ان سے نوازے نیز ہمیں استطاعت عطا فرمائے کہ ہم ان کے نقش قدم پر چل سکیں ۔ مجھے دکھ ہے کہ ہم میں بہت سے انسان زبانی جمع خرچ زیادہ کرتے ہیں اور عملی طور پر ان کے نقش

قدم پر چلنے کی کوشش نہیں کرتے ۔ بلکہ ہماری حکومت کی کوششوں کا مقصد یہ ہے کہ ایسی خوبیوں والے انسان پیدا نہ ہوں آخر میں ان کے لئے میں دعا مغفرت کرتا ہوں اور اللہ پاک سے دعا کرتا ہوں کہ وہ انہیں غرق رحمت کرے ۔

Mr. Speaker : The question is :

This Assembly places on record its sense of deep sorrow at the demise of Maulvi Tamizuddin Khan, Speaker of the National Assembly of Pakistan. The late Maulvi Sahib combined in himself the qualities of a freedom fighter, an upright politician, an astute legal authority, a polished parliamentarian and a respected and revered Speaker. As President of the former Constituent Assembly he set up traditions of impartiality and judicious conduct of parliamentary affairs which he continued with distiction during his tenure as Speaker of the National Assembly. Pakistan has lost in him a truly illustrious son whose personal integrity and horesty of purpose may well be emulated by its other citizens. This Assembly resolves to convey to his family its feelings of loss and grief at the passing away of Maulvi Tamizuddin Khan.

(The Resolution was unanimonly carried)

مسٹر سپیکر ان خیالات کے اظہار کے بعد میں مولانا غلام غوث سے درخوست کرتا ہوں کہ وہ مولانا مرحوم کے لئے دعا مغفرت کریں ۔

(اس مرحلہ پر اسمبلی کے ممبران اور باقی حاضرین نے مرحوم مولوی تمیزالدین خان کے لئے مغفرت کی) ۔

Mr. Speaker : A copy of the proceedings of the Assembly will be forwarded to the bereaved family.

REFERENCE TO LATE MR. JOHN F. KENNEDY

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) Mr. Speaker, before we adjourn without transacting any business in honour of the memory of the late Maulvi Tamez-ud-Din Khan, I would beg leave to move the following condolence resolution on the sad and untimely death which Mr. Jhon F. Kennedy, the President of the United States of America, has met at the hands of an assassin:

"This Assembly places on record its deep sense of sorrow and shock at the untimely death of Mr. Johh F. Kennedy, the President of the United States of America, at the hands of an assassin. The late Mr. Kennedy was a great leader of a great Nation and his efforts in the direction of easing world tensions and maintenance of peace in world will go down in history as a major achievement. His Sudden death with an assassin's bullets is a great loss not only to the United States of America but to the world community at large and this Assembly expresses its deep sense of sympathy with the people and the Government of the United States and the family of the late President.

This Assembly resolves that sincere and heart-felt condolence of this House be conveyed to the Government of the United States and the relatives of the late Mr. Jhon F. Kennedy."

جناب والا ۔ مسٹر جان ایف ۔ کینیڈی کی بے وقت موت سے نہ صرف ریاستہائے متحدہ امریکہ بلکہ دنیا بھر کی اقوام کو ایک ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔ وہ نہ صرف بلند پایہ سیاستدان تھے ایک ہردل عزیز بلند اخلاق اور بلند کردار رکھنے والے انسان تھے ۔ دنیا میں امن برقرار رکھنے میں ان کی کوشیش کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں ۔ آج جبکہ دنیا تباہ کن ایٹمی جنگ کے امکانات کی وجہ سے ہر وقت تباہی اور

بربادی کے عمیق دھانے پر کھڑی ہے ۔ ان کی سیاسی سوجھ بوجھ امن پسندی اور ہر معاملے کو ٹھنڈے دل سے سوچھنے کی صلاحیت نے بڑی حد تک اقوام عالم میں امن اور سلامتی کو بر قرار رکھا ۔ وہ اس نسلی برتری اور تعصب کے نظریے کے بھی سخت مخالف تھے کہ جس نظریہ کی وجہ سے امریکہ کے بعض شہروں میں سیاہ فام نسل کے لوگوں کی زندگی خوف‌وہراس میں محیط ہوچکی ہے ۔ اس ضمن میں ان کے جرات مندانہ اقدامات کو دنیا بھر نے سراھا اور انہیں ہر جگہ خراج تحسین پیش کیا گیا ۔ ان کی موت بلاشبہ انسانیت اور امن کے لئے ایک صدمہ عظیم ہے ۔

Ma. Speaker : The Resolution moved is :

"This Assembly places on record its deep sense of sorrow and shock at the untimely death of Mr. Jhon F. Kennedg, the President of the United States of America, at the hands of an assassin. The late Mr. Kennedy was a great leader of a great Nation and his efforts in the direction of easing world tensions and maintenance of peace in the world will go down in history as a major achievement. His sudden death with an assassin's bullets is a great loss not only to the United States of America but to the world community at large and this Assembly expresses its deep sense of sympathy with the people and the Government of the United States and the family of the late President.

This Assembly resolves that sincere and heart-felt condolence of this House be conveyed to the Government of the United States and the relatives of the late Mr. John F Kennedy."

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal MEMON) : Sir, I as Minister incharge of Parliamentary Affairs, on behalf of myself and on behalf of the Government of West Pakistan associate ourselves and myself with the resolution of condolence on the sad and sudden and untimely death of the *Ex*-President of United States moved by the Leader of the House and expect that his worthy successer, Mr. Johns, son consistently with the expectation of the Head of the Nation and the Head of the country as the President of United State of America will be true to his utterances that he is a friend of Pakistan and he shall by his actions and by his deeds be a friend of Pakistan and not only he himself, but he and his country shall continue to be the friend of Pakstan. A friend in need is a friend indeed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) جناب والا ۔ میں قائد ایوان کی اس تحریک کے ساتھ اپنے آپ کو وابستہ کرتے ہوئے یہ عرض کرونگا کہ ریاست ھائے متحدہ امریکہ کے جوان سال صدر کی ناگہانی اور المناک موت ایک ایسا واقعہ ہے کہ جسے دنیا دیر تک نہ بھلا سکے گی ۔ اس واقعہ کی جس قدر بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔ سیاسی مسائل کو بندوق کے زور سے حل کرنے کی کوشیش کرنا خواہ وہ کسی ملک میں بھی ہو ۔ قابل مذمت ہے جہاں تک اخبارات کے ذریعے معلوم ہوا ہے ۔ کسی سیاسی سیکشن کی اسمیں سازش تھی ۔ جس کے ساتھ کہ قاتل تعلق رکھتا تھا ۔

جناب والا ۔ پریزیڈنٹ کینڈی کئی ایک لحاظ سے منفرد حثیت کے مالک تھے گزشتہ دوسو سال میں ان سے کم عمر کوئی صدر ریاستھائے متحدہ امریکہ کا منتخب نہیں ہوسکا ۔ وہ سب سے کم عمر پریزیڈنٹ

تھے ۔ اس کے علاوہ ایک اور حیثیت سے بھی ان کی حیثیت منفرد تھی وہ پہلے رومن کیتھولک تھے جو اس عظیم ملک کے اس عظیم عہدے پر فائز ہوئے ۔ اس کے علاوہ ایک اور حیثیت سے بھی وہ یقیناً منفرد تھے ۔ اور وہ یہ کہ انہوں نے عام سیاستدانوں کی روش سے ہٹتے ہوئے ہارورڈ یونیورسٹی کے پروفیسروں کو اپنی کیبنٹ میں لیا ۔ اور ان کے صلاح ومشورہ سے ایک ایسی پالیسی مرتب کی ۔ جس کا نام انہوں نے new frontier رکھا اس پالیسی کی کامیابی یا نا کامیابی اس وقت زیر بحث نہیں بہر حال انہوں نے عام شاہراہ سے ہٹتے ہوئے اپنے لئے ایک نیا راستہ تجویز کیا اور عالمی مسائل کو ایسے نئے طریقوں سے حل کرنے کی کوشش کی جو خود انہوں نے اور ان کے مشیروں نے تجویز کئے ۔

جناب والا میں اپنی طرف سے اور اپنے جملہ ساتھیوں کی طرف سے اپنے آپ کو اس تعزیتی قرار داد کے ساتھ وابستہ کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں ۔ کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے پسماندگان کو صبرجمیل عطا فرمائے ۔ اور میں یہ بھی دعا کرتا ہوں کہ موجودہ پریزیڈنٹ اور ان کے روفائے کار کو اللہ تعالیٰ ملکی مسائل کو بہتر طریق پر سلجھانے کی توفیق دے ۔

Begum Jehan Ara Shah Nawaz : I would request that there should be no more speeches and the resolution may be passed standing.

Mr Speaker : If any member wants to speak I cannot say that he should not speak. Mr. Kirmani would like to speak.

Syed Ahmed Saeed Kirmani (LAHORE V) : Sir, I associate myself with the sentiments expressed by the Leader of the House. I am conscious of the fact that enough has been said by the Leader of the House, the Minister of Law and the Leader of the Opposition. But at the same time I would like to mention, very briefly, the main contribution made by the late Mr. Kennedy. Sir, as you are well aware, only recently the whole world has been passing through turmoil, tension and period of cold war and in this period he courageously and boldly came forward and brought about the well-known agreement on the nuclear tests. That is a great achievement, an achievement of far-reaching importance and for that today the whole world deeply mourns the death of this great man. Without that achievement the tension would have been further mounted and the world would have been near a very dangerous war. Because of his sincere and honest efforts we find today that threats of war are far away. He was politically for peace, he lived for peace, he died for peace and worked for peace which is a great achievement. He genuinely believed that poverty, disease and war-mongering should end in the world. That was the reason why he endeared himself to the whole universe. With these words I associate myself with the sentiments expressed by the Leader of the House by way of a formal resolution.

چوہدری محمد ابراھیم (سیالکوٹ ۔ ۳) صاحب صدر ۔ مسٹر کینیڈی کی موت ایک بہت بڑا المیہ ہے ۔ خصوصاً اس لئے کہ یہ لا قانونیت اور غنڈہ گردی کا ایک مظاہرہ ہے ۔ یہ غنڈہ گردی خواہ کسی ایسی

فرد کی طرف سے ہو یا کسی ایک گروہ کی طرف سے ہو ' وہ یقیناً ہر جگہ قابل مزمت ہے ۔

اس کے علاوہ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے ۔ کہ کسی ملک کی تاریخ ہمیں جو سب سے بڑا سبق دیتی ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ ہر شخص کی آبرو اور جان و مال صرف اس صورت میں محفوظ رہتے ہیں ۔ جبکہ قانون کی حکومت ہو ۔

Where rule of law prevails.

جہاں کہیں بھی ہو ۔ اور میں اپنی حکومت سے بھی گذارش کرونگا ۔ کہ وہ ہر ایک فرد کے ذہن کو اس نہج پر تربیت دے کہ وہ قانون کا احترام کرنا سیکھیے ۔ وہ خود بھی کریں ۔ اور لوگوں کو بھی قانون کا احترام کرنے پر مجبور کریں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں مسٹر کینیڈی کی موت کے اس المیہ پر اظہار افسوس کرتا ہوں ۔

مسٹر افتخار احمد خان : (جھنگ ۱) جناب والا میں بھی اپنے آپ کو ان خیالات اور اس Condolence کے ساتھ Associate کرنا چاہتا ہوں جو قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نے پیش کئے ہیں ۔ آج یہ مسئلہ نہیں ہے کہ مرحوم کن Policies پر کاربند تھے ۔ ان کی کیا اصولی وجوہات تھیں یا ان Policies کو چلانے کی، میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک عظیم امریکن تھے ۔ وہ عظیم محب وطن تھے ۔ ان کی زندگی ، ان کی موت اپنے ملک اور اپنے وطن کے لئے تھی ۔ لیکن ایک چیز واضح طور پر میں نے محسوس کی ہے اور وہ ان کا Racialism کے خلاف رویہ تھا ۔ یہ کیرکٹر تھا Negroes کے خلاف جو تحریک چل رہی تھی اور نفرت پھیل رہی تھی اس کے خلاف اور Racialism کے خلاف انہوں نے جدو جہد کی ۔ کہا جا رہا ہے اور سنا جا رہا ہے کہ ان کی موت شاید اس کی ایک کڑی ہو ۔ اس لئے میں انکو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں کیونکہ بحیثیت امریکن کے نہیں بلکہ بحیثیت ایک انسانکے ان میں اعلیٰ کردار تھا ۔

Mr. Speaker : The question is :—

"This Assembly places on record its deep sense of sorrow and shock at the untimely death of Mr. John F. Kennedy, the President of the United States of America, at the hands of an assassin. The late Mr. Kennedy was a great leader of a great Nation and his efforts in the direction of easing world tensions and maintenance of peace in the world will go down in history as a major achievement. His sudden death at the hands of an assassin's bullets is great loss not only to the United States of America but to the world community at large and this Assembly expressess its deep sense of sympathy with the people and the Government of the United State and the family of the late President.

This Assembly resolves that sincere and heartfelt condolence of this House be conveyed to the Government of the United States and the relatives of the late Mr. John F. Kennedy."

(The resolution was unanimously carried).

Mr. Speaker : I think we should now observe two minutes silence in memory of the departed soul.

Begum Jehan Ara Shahnawaz : Standing.

(Voices—yes, yes, standing).

(Members of the Assembly and all others present then stood in silence for two minutes)

REFERENCE TO LATE MIR GHULAM ALI KHAN TALPUR

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Mr. Speaker, Sir, with your permission may I move the third condolence resolution on the sad demise of late Mir Ghulam Ali Khan Talpur ?

Mr. Speaker : Yes, please move the resolution.

Minister of Law : Sir, I move the following resolution.

"This Assembly places on record its grief and sorrow at the demise of Mir Ghulam Ali Khan Talpur, the veteran politician from Hyderabad. The late Mir Sahib played an important role in the development of sound democratic traditions in the political field of former Sind where he had the opportunity of serving his people in various ministerial capacities. He was a Minister in the Government of Pakistan for some time and also Speaker of the Sind Legislative Assembly. Whatever public office the late Mir Sahib held, he invested it with a sense of honour and dignity and a deep understanding of its humn aspects.....

Mr. Iftikhar Ahmad Khan. But he was Ebdoed.

Minister of Law : Let me finish reading it. At least extend that much courtesy to him Nawabzada Sahib.

"By his death the Province of West Pakistan has lost a distinguished son. This Assembly resolves to convey to the family of Mir Sahib its sincerest condolence on this loss."

I thought the member from the opposition will at least have the courtesy to the departed soul on whose condolence this resolution has been moved.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : I have ..... (Interruptions).

Mr. Speaker : The resolution moved is :—

This Assembly places on records its grief and sorrow at the demise of Mir Ghulam Ali Khan Talpur, the veteran politician from Hyderabad.

The late Mir Sahib, played an important part in the development of sound democratic traditions in the political field of former Sind where he had the opportunity of serving his people in various ministerial capacities. He was a minister in the Government of Pakistan for some time and also Speaker of the Sind Legislative Assembly. Whatever public office the late Mir Sahib held he invested it with a sense of honour and dignity and a deep understanding of its human aspects. By his death the Province of West Pakistan has lost a distinguished son.

This Assembly resolves to convey to the family of Mir Sahib its sincerest condolence in this loss.

حاجی میر محمد بخش تالپور (تھر پار کر - م) صاحب صدر میں اس تعزیت کے ریزولیوشن کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہوں - میر صاحب مرحوم شاہی خاندان سے تھے لیکن وہ امیری کے لباس میں فقیر تھے - وہ نہایت مہمان نواز سیاست میں پختہ

اور بلند اخلاق کے آدمی تھے - میر صاحب کے سیاست میں پختہ ہونے کی یہ دلیل ہے کہ انکو مٹھی جسے دور دراز مقام پر جانا پڑا تو وہ چلے گئے میں سمجھتا ہوں کہ میر صاحب کا ایسا خلق پسند اب سندھ میں نہیں ہو گا -

میں یہ میر صاحب کا کمال سمجھتا ہوں اور انکے مفید ہونے کی یہ دلیل ہے کہ جو لوگ ان کے خلاف سازشیں کر رہے تھے وہ سب ان کے مدح خوان ہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انکو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - میں اس قرارداد تعزیت کے ساتھ اپنی جانب سے اور اپنے دوستوں کی جناب سے اس کی تائید کرتے ہوئے یہ عرض کرونگا کہ میر صاحب مرحوم کو تھوڑا سا جاننے کا مجھے اتفاق ہوا ہے - وہ نہایت مہمان نواز خوش خلق اور نیک بزرگ تھے اللہ تعالیٰ انکو غریق رحمت کرے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے - ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرار داد کی حمایت کرتا ہوں -

وزیر صحت و بنیادی جمہوریت (مسٹر محمد خان جنیجو) جناب والا - مرحوم میر غلام علی تالپور صاحب سابق صوبہ سندھ کے ایک بڑے خاندان کے فرد تھے انہوں نے اپنی زندگی کا زیادہ عرصہ اپنے علاقے کی بہتری کے لئے صرف کیا وہ حیدرآباد ڈسٹرکٹ میں ایک بڑے خاندان کے فرد تھے - اور جب بھی ہمارے ملک میں باہر سے Head of States یہاں آتے تھے تو وہ اپنے گھر میں ان کی مہمان نوازی کا انتظام کرتے تھے اور اب امید ہے کہ ان کے فرزند میر اعجاز علی تالپور جو نیشنل اسمبلی کے ممبر بھی ہیں اپنے والد کے نقش قدم پر چلیں گے - اور اپنی اس مہمان نوازی کو برقرار رکھیں گے - جو ان کے والد کیا کرتے تھے - میر صاحب اپنے وقت میں کچھ عرصہ منسٹر بھی رہ چکے ہیں انہوں نے سیاسی زندگی کے عرصے کے اندر جو کچھ بھی اپنے علاقے کے لئے کیا مجھے امید ہے کہ ان کے فرزند بھی اس کام میں اپنے صوبے کی بہتری کے لئے کچھ نہ کچھ کریں گے ان الفاظ کے ساتھ میں ان کی مغفرت کی دعا کرتا ہوں -

Mian Abdul Latif : On a point of order. We are discussing one aspect of the question whether the motion is admissible or not. He has not said a word about it. He is talking about other things.

Mr. Speaker : He it adressing the House on the point of admissibility.

میاں محمد اکبر - جناب والا - کیا میں مودبانہ گذارش کر سکتا ہوں کہ آیا آج کا باقی وقت تمام کا تمام مسٹر خان کو دے دیا گیا ہے -

Mr. Speaker : The Minister may please be short.

Minister of Railways : They do not want me to proceed because they know that the right point is coming. The question that I wanted to make and I want to make is.....

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, the Minister is beating about the bush.

Minister of Railways : There is a clear distinction and a clear.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : His point was that these was no point in making a pointless speech.

Minister of Railways: I was impressing upon the House that there is a clear discrimination and a clear distinction between these two. If the circular had been designed to stop any member from asking any question or to create any difficulty in the way of members, then I would have requested the Leader of the House that he should look into the matter. But this is not

the case. The circular says if there is any intimidation or attempt at demoralisation then the officer can bring that to the notice of the Chief Secretary and nothing else. This privilege motion is based only on this circular and not on the other circular. The circular that has been read by the Leader of the Opposition from the Newspaper does not form its basis.

مسٹر نصر اللہ خان خٹک - پوائنٹ آف آرڈر - جناب جیسا کہ وزیر موصوف نے ابھی فرمایا کہ اس کوئی ایسی میں چیز نہیں کہ ممبران کی حق تلفی ہو جائے - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ انکا مقصد کیا تھا ؟ سرکار جاری کرنے کا ؟

Mr. Speaker This is no point of order. It is ruled out of order.

بیگم جہاں آرا شاہنواز (لاہور - ملتان ڈویژن) - صدر محترم - اگرچہ انگریزی میں میں اس پر زیادہ روشنی ڈال سکتی ہوں لیکن میرے محترم بھائی نے فرمایا ہے کہ مجھے اردو میں بولنا چاہیئے - اس لئے جہاں تک ممکن ہو سکا میں کوشش کروں گی کہ میں اردو میں اس پر روشنی ڈال سکوں - میرے ذہن میں چیف سیکریٹری صاحب کے فہم و فراست کی بے حد قدر ہے میرا خیال تھا کہ ان کے دفتر سے ایسی چٹھی نہیں آ سکتی اور میں آج یہ سمجھ رہی تھی کہ جب آنریبل وزیر قانون اٹھیں گے تو وہ کہیں گے کہ یہ غلط فہمی ہوئی ہے لیکن مجھے یہ سن کر رنج ہوا ہے کہ ایسا سرکار جاری ہوا - میں سمجھتی ہوں کہ یہ تمام باتیں جو کی گئی ہیں وہ Beating about the Bush ہیں - پوائنٹ یہی ہے اور کوئی دوسرا پوائنٹ نہیں - تو کیا ایسے واقعات تھے جن کی وجہ سے یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک سرکار جس کو D. O. letter کہنا چاہیئے جاری ہوا یہ تو جب کوئی ایمرجنسی ہو جاتی ہے تو سرکار لیٹر کی ضرورت ہوتی ہے وہ کونسے واقعات ہیں جن پر میں روشنی ڈال کر بتاتی کہ اس قسم کے سرکولر لٹیر کا جانا اصل میں بریچ آف پرولیج ہے بلکہ ہماری عزت پر حملہ ہے - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے - اگر کسی نے جا کر ایسی دھمکی دی تھی تو بہتر یہی تھا کہ وہ کسی منسٹر صاحب کو کہہ دیتے کہ میاں یہ چیز اس طریقہ پر درست نہیں - صرف ایک سرکار کے ذریعے اپنے افسران بالا کو کہہ دیتے - میری Contention ہے کہ اس قسم کے سرکار لٹیر کا جانا ہماری عزت کا سوال ہے اور اس ایوان کے ہر ممبر کی عزت کا سوال ہے یہ ڈی۔ اولیٹر نہیں جانا چاہیئے تھا

ماسٹر خان گل (کوہاٹ ۔۲) جناب سپیکر۔ ہمیں اپنے وزراء کرام کی مجبوریوں کا پورا احساس ہے ۔ میں آپ کو حقیقت بتاتا ہوں کہ میں ایک جگہ بیٹھا ہوا تھا وہاں اسؔ کا Reader پڑھ رہا تھا ۔ اسؔ کہ یہاں ممبر بیٹھا ہوا ہے ۔ میرے سامنے پڑھا گیا کہ ممبر تمہارے پاس آئے ہیں ان کی پروا نہ کرو ۔ کہ وزیر صاحب نے ہدایت دی کہ اس مسئلہ میں صوبائی اور نیشنل اسمبلی کے ممبران سے مشورہ کر کے کام کرنا ہے ۔ میں نے وزیر صاحب کو دو دفعہ بتایا ہے کہ آپ کی ہدایت کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا اس لئے کہ یہاں جو افسران ہیں ان کے بڑے افسر نے آرڈر دیا تھا کہ ان کی پرواہ مت کرو ۔ (ہیر ہیر) اس ملک کے اندر جتنا ظلم اور زیادتی عوام پر ہو رہی ہے بد قسمتی سے ہم نے موجودہ آئین کو جس طرح بھی قبول کیا ہے اس میں یہ کمزوری ہے کہ نوکر شاہی عوام کے نمائندوں کے اوپر مسلط ہے یہ سب سے بڑی مصیبت ہے ۔

مسٹر سپیکر ماسٹر خان گل آپ Admissibility کے متعلق فرمائیں ۔ motion زیر بحث نہیں ہے ۔

ماسٹر خان گل ۔ سوال یہ ہے کہ آیا اس سے ہماری حق تلفی ہوئی ہے یا نہیں ۔ افسروں نے اپنی مرضی چلائی ہے ۔ سوال یہی ہے اور اس چیز کو میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ وزراء صاحبان مجبور ہیں کہ وہ افسروں کی غلط باتوں کی سر پرستی کریں اور مجبور ہیں کہ ان کی تائید کریں ۔ تو ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی حکومت کو ان کی کوتاہیوں سے آگاہ کریں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہاں ہماری پارٹی کے اوپر برا اثر پڑتا ہے اور بہت برا اثر پڑا ہے اور میں سمجھتا ہوں اور آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس مسئلہ کو صحیح نکتہ نگاہ سے دیکھیں ۔

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ (ملک قادر بخش) میں جناب کوئی جذباتی تقریر نہیں کروں گا کہ نوکر شاہی کیا ظلم کر رہی ہے اور کیا مظالم ہو رہے ہیں ۔ میں صرف یہ عرض کروں گا کہ یہ Admissible ہے یا Inadmissible ہے ۔ جناب نے فیصلہ دینا ہے ۔ اگر Admissible ہے تو اس کے ایک ہی معنی لئے جا سکتے ہیں کہ دھمکی دینا ہمارا حق ہے ۔ میں ممبران کے حقوق

کی اپنے وجود سے زیادہ عزت کرنے کو تیار ہوں - ممبران کے اپنے حقوق میں ہمیں جذبات میں نہیں جانا چاہئیے - سرکار صرف اس حد تک جاتا ہے کہ دھمکی سے مرعوب ہو کر کام نہ کرو بلکہ ایمانداری سے اپنے فرائض کی سر انجام دہی کریں - اگر اس کو Admissible قرار دے دیا جائے تو اسکے ایک ہی معنی ہونگے کہ دھمکی دینا.....(قطع کلامیاں)

Major Sultan Ahmad Khan : On a point of order. Is he not threatening the Chair ?

Mr. Speaker : No, he is not threatening the Chair.

وزیر زراعت و آبپاشی - حضور والا - میں عرض کر رہا تھا کہ یہ سرکار کوئی ایسا Far Fetched بھی نہیں ہے بالکل سیدھا سادہ ہے- ہر مہذب حکومت کو اپنے ملازمین کو یہاں تک کہہ دینا چاہیے کہ اگر منسٹر دھمکی دیتا ہے تو کوئی دھمکی میں نہ آئے.....(قطع کلامیاں اور شور)

مسٹر سپیکر - آرڈر - آرڈر

وزیر زراعت و آبپاشی - خواجہ صفدر کے دوستوں کی وزارتیں ختم ہو چکی ہیں - جو ملک کو ۱۹۵۸ء تک گھسیٹ کر لائے تھے - (شور اور قطع کلامیاں)

خواجہ محمد صفدر - ۱۹۵۸ کی وزارت تو ختم ہو چکی ہے لیکن آج کی وزارت اپنے ماتحت کی پناہ مانگتی پھرتی ہے - (شور اور قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر - آرڈر - آرڈر

علامہ رحمت اللہ ارشد - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ملک قادر بخش صاحب admissibility کے پوائنٹ پر تقریر کر رہے ہیں یا ۱۹۵۸ کی وزارتوں کا حوالہ دے رہے ہیں - جس میں یہ خود شریک رہے ہیں اور جس میں یہ قادر بخش رپورٹ کو بھی ہضم کر گئے ہیں -

وزیر زراعت و آبپاشی - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس کو اگر میرے دوست دوبارہ پڑھیں تو انہیں یہ معلوم ہوگا کہ ملازمین سرکار کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ

اپنے فرائض سے ایمانداری سے عہدہ برا ہوں اور کسی کی دھمکی میں نہ آئیں - اگر constitution کوئی right دیتی ہے یا کوئی قانون حق دیتا ہے کہ دھمکی دینا کسی ممبر کا حق ہے تو پھر تو breach ہوا اگر دھمکی دینا حق نہیں ہے تو میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اسے rule-out کیا جائے اور یہ admissible نہیں ہے -

Mr. Ahmad Mian Soomro : (Jacobabad-I) : Mr. Speaker, Sir, the question is about the admissibility of a privilege motion. Unfortunately Sir, it is only the Ministers-three Ministers, who have so far opposed it.

Mian Muhammad Akbar : Because they are not M. P. As..

Mr. Ahmad Mian Soomro : Sir , we have all respect for them. But it is equally incumbent on them to respect the rights of the Members of this House. Sir, whether a Member belongs to the Opposition or the Government they are the same as far as the privileges are concerned. They enjoy the same respect. The issuing of a circular by the Chief Secretary particularly against the Members of the Opposition in so far as the asking of questions is concerned, which is no doubt a privilege of each Member, does amount to a breach of privilege.

Sir, it is not necessary, as the Law Minister says, that all the privileges are to be there in the Constitution or mentioned in some Act. There are certain privileges which are implied.

Khawaja Muhammad Safdar : Inherent.

Mr. Ahmad Mian Soomro : For example I have the privilege of occupying this seat which is allotted to me. This privilege is no where stated in the Constitution. Therefore, the right to ask questions is a privilege of the Members of this House and what the Chief Secretary meant by issuing this circular is nothing but a sort of tampering with our privileges.

Therefore, Sir, we should be given an opportunity of deciding and discussing the point whether our privileges have been breached or not. Because obviously there is a clear privilege to ask questions. Any mention about that doe-mean a breach of privilege. We must not forget that. In fact I have more sympathy with the Opposition because they have a very meagre number. At least let us sympathise with them.

میر دبی بخش خان زہری (کوئٹہ چگٹی) جناب صدر میں صرف admissibility کے متعلق چند معروضات آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں - ابھی ابھی میرے دوست مسٹر احمد میاں سمرو نے جو کچھ اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے مجھے اس سے مکمل اتفاق ہے اور یہ الگ بات ہے جیسا کہ بیگم جہاں آرا شاہنواز صاحبہ نے چیف سیکرٹری کی ذات کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کی ذات کے متعلق یا ان کی ذات کیلئے یہ مسئلہ زیر

بحث نہیں ہے اور ان کی ذات اس مسئلہ زیر بحث سے بلند ہے - اور میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ وہ نہایت موزوں اور شریف انسان ہیں - جہاں تک اصول کا سوال ہے - جہاں تک ممبران کے حقوق کا سوال ہے - چاہے ہمارے وزراء صاحبان ہوں چاہئے آپوزیشن ہو چاہے ہم ادھر بیٹھے ہوئے لوگ ہوں میرے خیال میں ہم سب کے حقوق برابر ہیں اور یہ جو سرکلر جاری ہوا ہے میری ذاتی رائے میں یہ ایک مناسب طریقے سے نہیں ہوا اور یہ اسلئے بھی زیادہ غیر مناسب ہے کہ یہ پریس میں بھی ریلز کیا گیا ہے - اگر یہ ایک آفیشیل سرکلر قرار دے کر صرف افسروں تک پہنچتا تو میرے خیال میں ہمیں معلوم بھی نہ ہوتا اور افسران کا آپس میں یا ایک پالیسی سرکلر سمجھا جا سکتا تھا - مگر چونکہ یہ پریس میں بھی آیا ہے اور اس معزز ہاؤس کے ممبر کی حیثیت سے میں سمجھتا ہوں کہ میری رائے میں یہ ہمارے حقوق میں مداخلت کے مترادف ہے کیونکہ اس سے افسر ایک اتھارٹی اپنے آفس میں پاتے ہیں اور وہ ہم ممبران کو اس طرح اور اس نگاہ سے دیکھنے پر اور وہ اس اتھارٹی کے لحاظ سے وہ مجبور ہو جاتے ہیں - بلکہ بعض اوقات جہاں چند ایک ممبران کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ افسران کو threat دیتے ہیں وہاں کچھ افسر بھی ایسے ہوں گے جو ناجائز طریقے سے ممبران پر الزام لگا سکتے ہیں اور ممبران پر یہ اثر ہو سکتا ہے کہ وہ اس سرکلر سے دب جائیں - اس لئے جناب سپیکر - اس میں بغیر رو رعایت کئے میں آپ سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس مسئلے کی اجازت دیں تا کہ یہ مسئلہ زیر بحث آ جائے اور جو حقیقت ہے وہ آپ کے سامنے ہو بلکہ میں یہ بھی درخواست کروں گا کہ آپ ایک سرکلر جاری کریں کہ تمام ممبران بالکل نڈر ہو کر اپنی رائے ہاؤس میں دیں اور جائز سوالات بھیجتے ہیں تا کہ اس سرکلر کا رد عمل ہو جائے -

مسٹر مبین الحق صدیقی (کراچی - ۷) مسٹر سپیکر - جہاں تک اس پرولیج موشن کا سوال ہے سب سے پہلے ہمیں آرٹیکل ۱۱۱ (۱) سے ۶) تک کے مختلف پارٹس کو دیکھنا

ہو گا ۔ جہاں تک آرٹیکل ۱۱۱ (۱) سے (۶) تک کے پرولیج کا تعلق ہے ان پرولیج کی شقوں میں یہ پرولیج موشن نہیں آتا ۔ اس کے بعد ہم کو آرٹیکل ۲۳۱ (بی) کی طرف دیکھنا ہو گا جس کے تحت یہ رولز آف پروسیجر بنائے گئے ہیں ۔ جو گورنر صاحب نے رولز آف پروسیجر بنائے ہیں وہ آرٹیکل ۲۳۱ (بی) کے ماتحت بنائے گئے ہیں اور یہ رولز آف پروسیجر بھی ایک Part of Constitution ہیں ۔ جو رولز آف پروسیجر اس اسمبلی کیلئے مرتب کئے گئے ہیں ۔ فی الحال جب تک ہمارے اپنے رولز نہیں بن جاتے یہ ان رولز کے ماتحت چل رہے ہیں ۔ اس نظام کے ماتحت دیکھتے ہوئے یہ رولز (چونکہ آرٹیکل ۲۳۱ (بی) کے ماتحت یہ رولز آف پروسیجر اس Constitution کا پارٹ ہیں) اس آرٹیکل کے ماتحت بنائے گئے ہیں اور ان رولز آف پروسیجر کے جو بھی قوانین ہیں اگر ان کی خلاف ورزی کہیں ہوئی ہے یا اسمبلی کی کارروائی میں ان رولز کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کوئی شخص مداخلت کرتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ Question of breach of privilege کا موقعہ arise ہوتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس سے پہلے بھی جب اس ایوان میں یہ سوال پیدا ہوا اور کہا گیا کہ آیا کسی سوال کا جواب صحیح ہونا چاہیئے یا غلط ۔ اور اگر جان بوجھ کر غلط جواب دیا جائے ۔ تو یہ Question of the Breach of Privilege ہے یا نہیں ۔ تو یہی رولنگ دیا گیا کہ اگر جان بوجھکر غلط جواب دیا جاتا ہے تو یہ Breach of Privilege ہے ۔ اور جب یہی سوال نیشنل اسمبلی میں آیا تو وہاں بھی سپیکر نے اسی بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ رولنگ دیا کہ اگر کوئی شخص غلط جواب دیتا ہے اور جان بوجھکر دیتا ہے تو یہ اسمبلی کے پریویلیجز کے خلاف ہے ۔

جہاں تک Questions کا تعلق ہے اس سلسلے میں ۳۰ سے لے کر ۴۹ تک قواعد مرتب کئے گئے ہیں ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا چیف سیکریٹری صاحب کا خط اور اس کا مضمون کسی صورت سے اسمبلی کے قواعد و ضوابط کی جو کہ مرتب کئے گئے ہیں اور جن کے متعلق میں

نے عرض بھی کیا کہ وہ Part of the Constitution ہیں - کسی طرح خلاف ورزی کرتا ہے ؟ اور اس ایوان کے معزز ممبران کو جو یہ حق حاصل ہے کہ وہ سوالات پوچھیں - تو کیا یہ سوالات پوچھنے کے سلسلے میں کوئی رکاوٹ ڈالتا ہے اگر ڈالتا ہے تو یہ بالکل واضح طور سے Breach of Privilege ہے اور اس تحریک کی اجازت ہونی چاہیئے - اور اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس خط کا مضمون سوالات سے متعلق قواعد کی خلاف ورزی نہیں کرتا یا سوالات پوچھنے کے سلسلے میں ممبران کے حقوق کی راہ میں حائل نہیں ہوتا - تو یہ Breach of Privilege نہیں -

اب جہاں تک صفدر صاحب نے بتایا ہے کہ اس قسم کے دو خط شائع ہوئے ہیں - اتفاق سے میں نے ایک ہی خط دیکھا ہے - تو یہ رولنگ دینا اب آپ کا کام ہے کہ ان کے مضمون پڑھنے کے بعد آپ کیا رائے قائم کرتے ہیں - اگر رولز کے مطابق یہ خطوط ممبران کے حقوق - جو سوالات پوچھنے کیلئے ۳۰ سے لے کر ۴۹ تک ہیں - اور جن کے مطابق آپ کو work کرنا ہے - کے راستے میں کسی قسم کا روڑا اٹکاتے ہیں - تو یہ Breach of Privilege ہے - لیکن میں یہ ضرور کہونگا کہ اس خط کے جو الفاظ ہیں - اگر آپ یہ نہیں کہنا چاہتے کہ ان کا مقصد جیسا کہ وزراء صاحبان نے بتانے کی کوشش کی ہے یہ نہیں کہ اسمبلی کے ممبران کے سوال پوچھنے میں روڑے اٹکائے جائیں بلکہ اس کا مقصد صرف اتنا تھا کہ افسران کو یہ کہا جائے کہ وہ ممبران کا رعب نہ مانیں - تو میری گذارش یہ ہے کہ ان بیچارے ممبران کا رعب افسران جہاں تک مانتے ہیں وہ ہم سب جانتے ہیں - اگر اس کا مقصد یہی تھا تو میں قائد ایوان سے گذارش کرونگا کہ وہ چیف سیکریٹری صاحب سے پوچھیں اور اس ایوان کے سامنے واضح الفاظ میں بتائیں کہ چیف سیکریٹری صاحب نے جن الفاظ میں یہ سرکلر جاری کیا ہے ان کو ان الفاظ پر افسوس ہے - اور جس انداز سے یہ سرکلر جاری کیا گیا ہے وہ اس کے متعلق یہ واضح کرنا

چاہتے ہیں کہ اس کا مقصد کسی صورت سے بھی سوال و جواب پوچھنے کے مسائل کی راہ میں ۔ اس ایوان کے قواعد و ضوابط کے مسائل میں اور اس ایوان کے ممبران کے حقوق کے مسائل میں کسی قسم کا رخنہ ڈالنا نہ تھا ۔ اگر اس قسم کی صورت سامنے آ جائے تو بات ختم ہو جائے اور بہتر صورت سے اس مسئلے کی وضاحت بھی ہو جائے ۔ لیکن جس صورت سے خط اس وقت موجود ہے ۔ یہ الفاظ کوئی اچھے الفاظ نہیں ہیں اور ان سے جو مطلب نکالا جاتا ہے اس سے Breach of Privilege ہوتی ہے ۔ لہذا اگر قائد ایوان اس امر کی وضاحت کر دیں تو بہتر ہوگا ۔

مولانا غلام غوث (ہزارہ - م) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ معزز ممبران ایوان کی عزت و وقار کا سوال ہے ۔ زیر بحث چیز یہ ہے کہ ان کے سوال کرنے پر اس سرکار کا اثر پڑ سکتا ہے یا نہیں جناب والا ۔ معزز ممبران اس ایوان میں جو سوال کرتے ہیں وہ سوال برائے سوال نہیں ہوتے ۔ بلکہ ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ متعلقہ حکام کی اصلاح ہو جائے اور وہ صحیح کام کرنے لگ جائیں ۔ اور غلط کام چھوڑ دیں ۔ لہذا سوال کا مقصد صرف سوال نہیں ہوتا بلکہ اس کا مقصد اصلاح ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہمارے دفتری نظام میں اتنی ابتری پھیلی ہوئی ہے کہ اس کے متعلق سارا ملک چیخ رہا ہے ۔ ہماری حکومت عاجز آ گئی ہے کہ وہ اس کی اصلاح کرے ۔ لہذا اصلاح کی برائے نام دو ہی شکلیں تھیں ۔ اول یہ کہ یہاں سوالات پوچھے جائیں اور دوسرے یہ کہ معزز ممبران افسران متعلقہ سے مل کر صحیح کام کرنے کی طرف ان کی توجہ دلائیں ۔ بدقسمتی سے سمجھا یہ گیا ہے کہ حکام اور افسران معصوم فرشتے ہیں اور گناہوں سے پاک ہیں اور ممبران جا کر ان سے گناہ کرواتے اور ان کو ملوث کرنا چاہتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کے کہنے پر ہی تو وہ صحیح کام کما حقہ کرنے کیلئے تیار نہیں ہوتے ۔

جناب والا ۔ میرے محترم دوست اور بزرگ ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا کہ میں تو چاہتا ہوں کہ اگر وزرا بھی ان سے بات کریں تو وہ ان کا رعب بھی نہ مانیں ۔ تو میں یہ کہتا ہوں کہ حقیقت میں آپ کو غلط فہمی ہے ، وہ آپ کی بات بھی تو نہیں مانتے ۔ (قہقہہ اور تالیاں) ہمیں اس بات کا علم ہے ۔ ہمیں سیکریٹریوں کا بھی علم ہے اور افسران کا بھی ۔ وہ کسی کی پروا نہیں کرتے ۔ وہ اپنے آپ کو تو حاکم اور حکومت سمجھتے ہیں اور آپ کو پانی کا بلبلہ سمجھتے ہیں ۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سرکار سے غلطکار افسروں کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس سے لازم نہیں آتا کہ ہم سوال کرنا چھوڑ دیں ۔ لیکن جب ان کو یہ اطمینان ہے کہ یہ بکتے رہیں ، سوال کرتے رہیں ، کون پوچھتا ہے ۔ ہمارا کوئی کیا بگاڑ سکتا ہے ، چیف سیکریٹری ہمارے ساتھ ہے ۔ تو پھر سوال پوچھنے کا مقصد فوت اور ضائع ہو جائیگا ۔ کیونکہ سوال برائے سوال نہ تھے بلکہ یہ تو اصلاح کیلئے تھے ۔ اور ان کا اصل مقصد یہ ہوتا ہے کہ دفتری نظام میں جو ابتری ہے اس کی حوصلہ افزائی نہ ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ مولانا صاحب ۔ یہ تحریک زیر بحث نہیں ۔ آپ صرف اس کی admissibility کے متعلق فرمائیں ۔

مولانا غلام غوث ۔ تو اسی سلسلے میں عرض یہ ہے کہ اس کا اثر بالواسطہ معزز ممبران اسمبلی کے وقار پر پڑتا ہے اور پبلک کو یہ تصور دیا گیا ہے کہ ممبران غلط کام کراتے ہیں اور ناجائز دباؤ ڈالتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ غلط بات ہے ۔ اور اگر کوئی ایک آدھ واقعہ ایسا ہوا ہے تو اس طرح ایک عام سرکار جاری کرکے عوام کے ذہن میں یہ بات پیدا کرنا اور انہیں یہ تصور دینا اس ایوان کی بےعزتی کے مترادف ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی (حیدرآباد-۱)۔ جناب والا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اس سلسلے میں مجھے جناب وزیر مال ملک صاحب کی اس بات پر تعجب ہوا ہے کہ دھمکی دینا ..... (قطع کلامی)

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I stand corrected. I am a newly elected Member and I don't know what portfolio is with whom.

"I think I am correct now. (Laughter). "وزیر جنگلات"

وزیر زراعت ۔ اور محکمہ حیوانات بھی ساتھ ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ملک صاحب نے یہ جو فرمایا ہے دھمکی دینا ان کا حق ہے اور وہ دھمکی دلا سکتے ہیں ۔ تو ملک صاحب کو چاہیئے کہ وہ یہ خیال اپنے دل سے نکال دیں کیونکہ ممبران بخوبی جانتے ہیں کہ انہیں کس طرح چلنا چاہیئے ۔ ممبران کیلئے Conduct Rules بھی ہیں اور وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ اگر ہم افسران سے کام نکالنے کی عرض سے کوئی سوال پوچھینگے تو ہمارے اوپر Conduct Rules عائد ہو جائینگے ۔ اور ہمارے خلاف ان کے مطابق کارروائی کی جا سکتی ہے ۔ ملک صاحب کا یہ کہنا کہ ہم دھمکی دلا سکتے ہیں ۔ میرے خیال میں وہ ہمیں دھمکی نہیں دلا سکتے ۔ کیونکہ یہ دو سرکار جاری کروا کر ہم پر جو فرائض عائد ہوتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Mr. Qazi Muhammad Azam should please confine himself to the question of admissibility.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب میں اس کے متعلق عرض کرونگا ۔

وزیر امداد باہمی (سید احمد نواز شاہ گردیزی) یہ نہیں وہ دھمکی دلا سکتے ہیں بلکہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ ایک Free licence ہوگا کہ لوگ دھمکی دے سکیں ۔ میرے خیال میں معزز ممبر کو غلط فہمی ہوئی ہے ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ وہ دھمکی دے سکتے ہیں ۔ بہر حال اس وقت یہ سوال اٹھا ہے کہ اس سرکلر سے جو چیف سیکرٹری صاحب نے

issue کیا ہے ہمارے ان سوالات پر جو ہم اپنے اپنے دیہات اور اپنے اپنے علاقوں کے متعلق کرتے ہیں کوئی اثر پڑتا ہے یا نہیں - وزیر ریلوے نے اگرچہ یہ کہا ہے کہ اس سے اس بات میں کوئی مداخلت نہیں ہوتی کہ ہم سوال پوچھیں یا نہ پوچھیں - لیکن اس کا یہ اثر ضرور ہے کہ ہم دھمکی سے کام نہ نکالیں اب یہ سمجھنے کی بات ہے کہ ناک ادھر سے پکڑیں یا ادھر سے پکڑیں بات تو وہی رہے گی - اور اس سرکلر سے اس بات پر ضرور اثر پڑے گا کہ ہم سوالات نہ پوچھیں - اور اگر پوچھیں گے تو ہماری رپورٹ ہوگی جس کی بنا پر ممبران کے خلاف ایکشن لیا جائے گا -

مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ اس ہاؤس کے تمام ممبران نے اس Motion کی تائید کی ہے اور یہ کہا ہے کہ اس سے ہمارے حقوق میں مداخلت ہوگی - اس لئے اس Motion کو Admit کیا جائے - ممبران کو معلوم ہے کہ وزراء اس ہاؤس کے ممبر نہیں ہیں - اس لئے کیا ہی اچھا ہو کہ وہ اس معاملہ میں نہ بولیں - کیونکہ وہ ممبر نہیں ہیں - اب چاہے اس طرف کے ممبر ہوں یا اس طرف کے ممبر ہوں سب نے اس Motion کی حمایت کی ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ اس کو Admit کیا جائے تا کہ اس پر بحث ہو سکے -

ان حالات میں میری گذارش ہے کہ اس Privilege Motion کو ضرور Admit کیا جائے -

وزیر امداد باہمی - محنت و معاشرتی بہبود (سید احمد نواز شاہ گردیزی) جناب والا - میں سمجھتا ہوں کہ یہ سیدھی سی بات ہے مگر کسی غلط فہمی کی بناء پر اتنی اہمیت پکڑ گئی ہے - اس ایوان کی عزت ہماری عزت ہے اگر ممبران کی عزت ہوگی تو ہماری بھی عزت ہوگی -

جہاں تک مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم بلبلہ کی مانند ہیں وہ بالکل بجا ہے اگرچہ میں نہیں سمجھتا کہ افسر کے دل میں یہ خیال ہے کہ وہ ہمیں ایک بلبلہ سمجھتے ہوں -

ہم اپنے آپ کو بلبلہ ہی سمجھتے ہیں اور یہ ہماری ایمانداری کی دلیل ہے اس لئے کہ ہم جانتے ہیں کہ اس قسم کے عہدے اور یہ چیزیں عارضی ہوتی ہیں اور ہمیں پھر بھی ان ہی حضرات سے واسطہ رہے گا اور یہ ایسا ہوتا چلا ہی آیا ہے کہ کبھی وہ اپوزیشن میں ہوتے ہیں کبھی سرکاری بنچوں پر - اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا - اصل چیز تو یہ ہے کہ ایوان کے وقار کو بلند کیا جائے کیونکہ ایوان کی عزت کے ساتھ ہی ہماری عزت ہے - اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ اس سرکار سے کسی ممبر کی Breach of privilege ہو گی - تو ہم اسے protect کریں گے - مگر اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا اس سے Breach of privilege ہوتی بھی ہے یا نہیں - بہت سے ممبران نے زیادہ تر اس چیز پر بحث کی ہے کہ اس سرکار سے واقعی Breach of privilege ہوتی ہے - حالانکہ یہ غلط ہے - میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس سرکار کے دو حصے ہیں - جن کے متعلق ابھی ابھی یہاں ذکر کیا گیا ہے - اول تو یہ کہ بعض ممبران دھمکی دیتے ہیں یا غلط دباؤ ڈالتے ہیں - اب یہ کہ وہ دھمکی کس قسم کی ہے یہ علیحدہ بات ہے - اچھے برے لوگ تو ہر جگہ ہوتے ہیں - اس میں اس کے متعلق کچھ نہیں کہا گیا - حالانکہ وزیر صاحب کو معلوم تھا کہ فلاں فلاں ممبر نے ایسا کیا ہے مگر انہوں نے کسی کا نام نہیں لیا - اس میں انہوں نے ممبران کی privilege کا خیال رکھا ہے اور ان کی عزت کا خیال رکھا ہے -

اب یہ دیکھنا ضروری ہے کہ اگر کوئی ممبر کسی افسر کو کسی غلط کام کے لئے یا ذاتی مفاد کے لئے دھمکی دیتا ہے تو کیا یہ جائز ہے ؟ اور اسے ایسا کرنا چاہئے یا اسے ایسا کرنے سے روکنا چاہئے - جہاں تک اس سرکار کی منشا ہے - اس میں یہ دیکھنا پڑے گا کہ اگر کسی صاحب نے کچھ کہا ہے تو کیا وہ دھمکی ہے ؟ کیونکہ دھمکی کے کئی طریقے ہیں - اخبارات میں پراپیگنڈہ ہو سکتا

ہے ۔ کسی کے خلاف استغاثہ کی درخواست کی جا سکتی ہے ۔ لیکن اس Particular case میں تو صرف سوالات پوچھنے کی بحث ہے ۔ یا الگ بات ہے کہ ہر آدمی سوالات پوچھ سکتا ہے اور سوالات پوچھنا اس میں ban نہیں ۔ اور نہ کوئی روکاٹ ہے ۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ اگر آپ نے کوئی سوالات دریافت کئے ہیں تو کوئی افسر بر وقت جواب نہ دے سکے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز یہاں عائد نہیں ہوتی کہ اس سرکلر سے آپ کو سوالات دریافت کرنے سے روکا جا رہا ہے ۔ آپ اپنے سوالات دریافت کر سکتے ہیں اور اگر کسی افسر کے خلاف آپ نے کوئی سوال دریافت کیا ہے اور اس کے خلاف کوئی بات درست ثابت ہو جائے تو حکومت ضرور ایکشن لے گی ۔ اس سے ہاؤس کی Breach of privilege نہیں ہوتی ۔ لہذا یہ سرکلر کسی طرح بھی سوالات دریافت کرنے کے استحقاق پر اثر انداز نہیں ہو سکتا ۔

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ - ۱) ۔ جناب والا ۔ اس سے پہلے خواجہ صاحب نے جو Privilege Motion پیش کی ہے اس میں ایک قانونی نکتہ ہے اور وہ یہ کہ اس سے اس ہاؤس کے ممبران کے حقوق میں مداخلت ہو گی ۔ اس وقت جتنی تقاریر ہوئی ہیں ان کے جواب میں وزیر ریلوے نے کچھ force پیدا کرنے کے لئے یہ فرمایا کہ یہ تو معصوم سی چٹھی ہے اور ممبران کو غلط فہمی سی ہو گئی ہے ، نیز اس سے ان کی Breach of privilege نہیں ہوگی اس کے ساتھ ہی انہوں نے حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے درمیان ایک لائین کھینچ دی ہے جو میرے نزدیک مہمل سی چیز ہے ۔ دراصل وزیر صاحب کا یہ خیال ہے کہ اگر وہ کوئی غلط چیز بھی یہاں لائیں تو ہم سب اس کی تائید کریں ۔ اس طرح ہر ہفتہ میں ایک نہ ایک آرڈیننس بنایا جائے گا اور اس کی تائید ہو سکے گی ۔ میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ دنیا میں کسی اور جگہ بھی ایسا ہوتا ہے کہ ممبران کے حقوق پر کوئی اثر ڈالا جائے ۔ یا Breach of Privilege ہو ۔ اگر یہاں یہ بات ہو گی تو اس ہاؤس کے ہر ممبر کی Breach of privilege ہو گی اس کے بعد وزیر جنگلات

نے یہ فرمایا ہے کہ وہ حقوق کی حفاظت کے لئے اپنا خون تک بہا دیں گے ۔ میرا خیال ہے کہ وہ پسینہ نہیں بھی بہا سکتے ۔ جناب سپیکر ۔ بہتر یہی ہے کہ اس Motion کو admit کر لیا جائے کیونکہ یہ معمولی سی چیز ہے اور اس پر رولز آف پروسیجر کے رول نمبر ۱۷۴ کا پورا پورا اطلاق ہوتا ہے ۔ admit کر لینے سے اس پر بحث ہو سکے گی ۔ نیز سارا ہاؤس معہ آپ کے اس بات پر متفق ہے ۔

Mr. Speaker : The Member should not include me.

میاں عبداللطیف ۔ جناب والا ۔ اس معاملہ پر تمام ممبران کا اتفاق ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ بغیر کسی اثر کے آزادانہ سوالات پیش کر سکیں اس طرح ان کے حقوق کی حفاظت ہو سکتی ہے ۔ لہذا اس Motion کو ضرور admit کیا جائے ۔

Sir, Rule 174 of the Rules of procedure lays down:—

"174. Conditions of Admissibility of Question of Privilege—The right to raise a question of privilege shall be governed by the following conditions :—

(i) not more than one question shall be raised by the same Member at the same sitting;

(ii) the question shall be restricted to a specific matter of recent occurrence;

(iii) the question shall be raised at the earliest opportunity;

(iv) the matter requires the intervention of the Assembly; and

(v) the question shall not reflect on the personal conduct of the President, nor any court of law in the exercise of its judicial functions".

تو عالیجاہ ۔ اس ریزولیوشن سے یہ تمام شرائط تو پوری ہوتی ہیں ۔ اس کے بعد جو میرے فاضل بھائی نے فرمایا کہ یہ ایک معصوم سی چیز ہے ۔ اس میں ایسی کوئی بات نہیں دیکھنی چاہئے اور نہ ہی اس کی Lines میں کوئی ایسی بات پڑھنی چاہئے ۔ تو میرے خیال میں وہ صاحب اسے وزارت کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں جب ہی انہیں یہ معصوم نظر آتا ہے ۔ حالانکہ وہاں اس میں سوائے Mischief اور Bad Motives کے اور کچھ بھی نہیں ہے ۔

Minister of Railways : On a point of order. Is the word 'misc hief' parliamentary?

Mian Abdul Latif : Yes, it is parliamentary.

Mr. Speaker : The member must withdraw this word.

Mian Abdul Latif : Do you hold this word indecent?

Mr. Speaker : The word "mischief" should be withdrawn.

Mian Abdul Latif : I have got a right to use decent language and express myself as strongly as possibly I can provided I remain within the legal limits under this constitution. The word "mischief" has been used millions and millions of times in almost all the Legislatures of the world and never has any objection been taken by anybody to the use of this word and no ruling came that this word was indecent or unparliamentary.

Mr. Speaker : I have given the ruling that the Member should withdraw this word, because that word "mischief" sometimes is an offence.

Mian Abdul Latif : In due deference to the wishes of the Chair I withdraw this word.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : That has a different meaning in the Criminal Procedure Code.

Mr. Speaker : But we cannot say what is its meaning.

Mian Abdul Latif : So far as the discharge of our duties which are implied by the Constitution is concerned, we shall have a free hand, without let or hindrance to perform our duties. This letter which has been discussed threadbare in this House contains a reference to the members of this House in regard to the putting of questions in this House in respect of the affairs of the State and the administration. There can be no two interpretations about the aims and objects of this letter. This has put the whole House into contempt in the minds of every officer working under the Government. The letter is designed to bring us into disgrace to bring us into hatred , it certainly thwarts us, it certainly puts a clog on our rights to work in this House without let or hinderance. In this connection I am remined of a small *kahani* and for his information I may be allowed to state it.

Mr. Speaker : That may not have any bearing on the admissibility. Moreover the Member has already consumed sufficient time. He need not relate that story.

Mian Abdul Latif : So far as this question goes, nothing has been said from that side about admissibility. But the other side concedes and the Minister of Co-operation and the Minister of Railways have conceded that this is a privilege and if it is a privilege.....

Minister of Railways : But not the breach of privilege.

Mian Abdul Latif : You will kindly see the letter whether it amounts to a breach or not . In our view and in the view of almost all members this is a flagrant breach of our rights and must be protected by you.

میاں محمد یاسین خان وڈو (منٹگمری - م) جناب والا - کسی پرولج موشن کی admissibility کی stage پر ہمیں کیا کیا دیکھنا چاہئے - میں اسی مسئلہ کو سب سے پہلے لونگا چنانچہ ہمیں اس stage پر یہ دیکھنا ہے کہ اس موشن سے اور اس سرکلر سے آیا یہ ثابت ہوتا ہے کہ Breach of privilege ہوئی ہے - یا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا -

جناب والا - میرا خیال یہ ہے کہ admissibility کی stage پر یہ دیکھنا کہ Breach of privilege ہوا ہے - یا ثابت ہوا

ہے ۔ یا ثابت نہیں ہو سکتا ہے ۔ یہ مسئلہ اس وقت زیر بحث نہیں ہے ۔ بلکہ اس وقت ہمیں صرف یہ دیکھنا ہے کہ جو مسئلہ ہمارے سامنے ہے ۔ جو سرکلر ہمارے سامنے ہے ۔ آیا بادی النظر میں اس سے یہ خیال پیدا ہو سکتا ہے ۔ اس سے یہ شائبہ ہو سکتا ہے ۔ کہ اس ایوان کے اراکین کے حقوق کی Breach ہوئی ہے ۔ اس وقت یہ مسئلہ ہمارے سامنے نہیں ہے ۔ کہ آیا یہ ثابت ہو گیا ہے ۔ کہ یہ واقعی Breach ہوئی ہے ۔ بلکہ صرف بادی النظر میں اگر یہ بات سامنے آ جائے ۔ کہ ہو سکتا ہے ۔ کہ اس سرکلر سے Breach of privileges ہوئی ہے ۔ تو جہاں تک Admissibility کا معاملہ ہے ۔ وہ قانون کے مطابق طے ہو اور قانون کے مطابق ہی اسے admit کر لینا چاہئے ۔ کیونکہ اس وقت یہ دیکھنے کا سوال نہیں ہے ، کہ معاملہ ثابت ہے ۔ اور کہ بادی النظر میں ان کی کیا حیثیت ہے ۔ جہاں تک بادی النظر میں اس بات کا تعلق ہے اب میں قانونی نکتے کے بنیادی اصول اس مسئلے پر جو ہمارے سامنے ہے ۔ جناب والا کی خدمت میں پیش کرونگا ۔

جناب والا ۔ اس سرکلر کو وزراء کی طرف سے اس حیثیت سے پیش کیا گیا ہے ۔ کہ یہ سرکلر اس واسطے جاری کیا گیا تھا ۔ کہ حکومت کے ملازمین کو مرعوب نہ کیا جائے ۔ اور ہو سکتا ہے کہ اس کا مطلب یہی ہو ۔ لیکن اب اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھنا ہے ۔ کہ اس کا دوسرا پہلو کیا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ اس سرکلر کے ذریعے جیسا کہ کہا گیا ہے کہ ایسے ممبران جو یہ کہیں کہ یہ کام کر دیا جائے ۔ ورنہ اس کے متعلق اسمبلی میں سوالات دینگے ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ اس چیز کو اس حیثیت سے غلط استعمال کریں ۔ اور اس غلط استعمال کا نتیجہ یہ ہے کہ ممبران کو اپنے فرض کی ادائیگی میں دقت ہو اور ان پر ایک قسم کی یہ Threat عائد کی جائے اور پھر یہ بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ ایک شخص جائے اور ایک صحیح معاملہ ایک افسر کو کہے کہ یہ کام جائز ہے اسے کرو ۔ ورنہ میں اسمبلی میں سوال دونگا تو یہ کوئی دھمکی نہیں ہے ۔ بلکہ عین اپنے فرائض کی ادائیگی ہے اور یہ جا کر کہنا ممبران پر فرض عائد ہوتا ہے لیکن وہ صاحب

نام نوٹ کرکے اوپر بھیج دیتے ہیں کہ فلاں ممبر آیا تھا اور اس نے مجھ پر رعب ڈالا تھا کہ میں یہ کام کردوں - میں کہتا ہوں کہ اگر عوام کا کوئی کام ہے تو وہ عوام کی بھی favour ہے اور ان کو بھی favour ہے اور اگر میں جاتا ہوں اور عوام کا کوئی نکتہ اور مسئلہ پیش کرتا ہوں اور کہتا ہوں کہ عوام کیلئے favour کیجئے تو وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ ممبر آیا تھا اور یہ favour میں نے نہیں کیا اور اس نے یہ کہا ہے کہ میں اسمبلی میں سوال بھیجوں گا - اب ہو سکتا ہے کہ اسکے اس طرح رپورٹ کرنے سے یا کسی ممبر کے خلاف ایسی رپورٹ کرنے کی وجہ سے وہ ممبر سمجھے کہ اسے ایک عجیب اور غلط پوزیشن میں ڈالا جا رہا ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ اس وجہ سے اپنے فرائض کی ادائیگی میں دقت اور Embarassment محسوس کرے - اس وجہ سے یہ سوال اہم ہے - ہوسکتا ہے کہ ہماری وزارت کی یہی intention ہو - کہ اس کا غلط استعمال نہ ہو - اسی سرکار کی بنیاد پر یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ ممبروں کو ان کے فرائض کی ادائیگی سے روکنے کے لئے مرعوب کیا جائے -

لہذا جناب والا - بادی النظر میں جتنا کچھ ثابت کرنا چاہئے تھا - میرے خیال میں اس ایوان کے دونوں اطراف سے بلکہ خاص طور پر تمام ممبران کی طرف سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بادی النظر میں ایسی چیز ہو سکتی ہے - کہ جن میں ہمارے Breach of privil ges ہوئی ہو - اس لئے admissibility کا جہاں تک تعلق ہے - اسے admit کر لیا جائے اور باقی جو proof یا دوسری چیز ہے - وہ ایوان دیکھے گا اور اس کی تفصیل میں جائے گا اور اس کا فیصلہ اس وقت ہوگا -

Mr. Speaker : I want to give my ruling now .

خواجہ محمد صفدر - میں نے تو سب وزراء صاحبان کا جواب دینا ہے - کیونکہ اعتراض تو مجھ پر کیا گیا ہے - البتہ اگر آپ نے admit کرنی ہو تو پھر اس کی ضرورت نہیں -

Mr. Speaker : That I cannot disclose at this stage. If I need more assistance I will call upon the Member.

Khawaja Muhammad Safdar : I have got a right of reply.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan (Jhang-1) : Sir, I have to make some points which might influence your ruling.

صدر گرامی - اس مسئلے پر کافی بحث و تمحیص ہو چکی ہے - اور مجھے خوشی ہے - کہ اس ایوان کے ہر گوشے سے ہر کونے سے ایک ہی نقطۂ نظر کی تائید کی گئی ہے یہ آثار اور یہ حالات نہایت ہی خوش آئیند ہیں - اور میں حقیقتاً خوش ہوں - کہ آج ہمارے ملک کو بحالی جمہوریت کی ضرورت ہے - اس کے لئے یہ حالات بڑے اچھے ، خوشگوار اور خوش آئیند ہیں - میں ان تمام ممبران کو جنہوں نے باوجود اس کے کہ وہ ہمارے ساتھ نہیں ہیں اور حکومت کے ساتھ ہیں - ہمارے موقف کی تائید کی ہے - مبارکباد دیتا ہوں -

اب جناب والا - اس مسئلے کے دو پہلو ہیں ایک واقعاتی اور دوسرا قانونی - جہاں تک واقعاتی پہلو کا تعلق ہے میں اس پر سردست نہیں کہنا چاہتا ورنہ میں یہ کہتا کہ یہ سرکار غلط طور پر جاری کیا گیا ہے - اس کے جاری کرنے کی کوئی وجہ نہیں تھی ایوان کا کوئی ممبر اور آپوزیشن کا کوئی ممبر کسی افسر کے پاس نہیں گیا نہ کسی کو مرعوب کرنے کی کوشش کی گئی - نہ اس طرح کا واقعہ اس صوبے کے طول و عرض میں پیش آیا اس لئے غیر ضروری طور پر محض خوشامد کے لئے اور ایسا ماحول پیدا کر نے کے لئے ہمارے Bureaucrats اور آج کے آمرین اسبات پر تلے ہوئے ہیں کہ لوگوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جائے - اور یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے - میں یہ بات جو اس وقت Admit ہو چکی ہے ضرور کہوں گا اور اس کے قانونی پہلو پر آتا ہوں کہ پریولج کیا ہے -

لاء منسٹر کے موقف کے اعتبار سے کہ رولز میں اور آئین میں پریولج نہیں ہے - تسلیم ہے اور ہم مانتے ہیں کہ ہمارے موجودہ آئین میں ایوان کے لئے پریلوج Confer نہیں کیا گیا ہے - یہ رولز حقوق دینے کے لئے نہیں بنائے گئے ہیں اس آئین کی سکیم یہ ہے کہ جہاں تک بھی حقوق لئے جاسکیں لئے جائیں - لیکن جناب والا - پریولج کما ہیں آئیے میں آپ کو انگلینڈ لئے چلتا ہوں - میں آپ کو وہاں کی تاریخ دکھاتا ہوں - وہاں کے ممبران پارلیمنٹ کے حقوق کو defend

کرنے کے لئے قانون نہیں ہوں - انگلستان میں کوئی پریولج ایکٹ نہیں ہے - امریکہ میں نہیں ہے - ویسٹ جرمنی میں نہیں ہے اور کسی ملک میں پریولج ایکٹ نہیں ہے - پریولج وہی ہے جسے ایوان Assume کرے اور ایوان کہے کہ یہ ہمارا حق ہے - قوم کو حق نہیں دیا جاتا قوم کے حقوق Inherit ہوتے ہیں قوم اپنے حقوق کا خود اختیار رکھتی ہے ان پر اسے خود قابو ہوتا ہے اور وہ اعلان کرتی ہے کہ یہ ہمارا حق ہے - یہ آئین خود فیصلہ کرے کہ یہ ہمارا حق ہے - آئین میں اسکی گنجائش ہو یا نہ ہو رول میں اس کی گنجائش ہو یا نہ ہو - انگلستان کی پارلیمنٹ نے ایک ایک حق کو لے Assume کیا ہے اور بادشاہ نے حقوق نہیں دئیے - انگریز کے بادشاہ نے بھی حقوق نہیں دئے - ہمیشہ ممبران پارلیمنٹ نے ایک ایک کر کے پارلیمنٹ میں لڑ کر اور پارلیمنٹ سے باہر بھی لڑ کر اپنے ایک ایک حق کو قائم کیا ہے - اس لئے میں کہتا ہوں - کہ حق وہی ہے اور پریولج وہی ہے جس کو قوم خود کہے یہ ہمارا حق ہے - اور وہ ہمارا حق ہے - اس لئے جب آپ محسوس کر رہے ہوں اور آپ نے دیکھ لیا ہے کہ سارا ایوان یہ کہہ رہا ہے کہ یہ ہمارا حق ہے تو خواہ آئین میں ہے یا نہیں ہے خواہ آئین کے تحت آتا ہے یا نہیں آتا ہے اگر یہ ہاؤس کا فیصلہ ہے تو آپ اسے نذر انداز نہیں کرسکتے اور یہ ہمارا حق ہے -

میر حاجی محمد بخش تالپور (تھرپارکر - م) - جناب صدر - میں دو لفظوں میں اپنے خیالات پیش کرتا ہوں - عرض یہ ہے کہ جو سرکار نکالا گیا ہے کہ ممبر سوالات کے ذریعے دھمکیاں دیتے ہیں انسان کو - تو آیا سوال کرنا بھی جرم ہے آیا سوال کرنے سے کسی کو نقصان پہنچتا ہے -

میر نبی بخش خان زہری - سب سے زیادہ آپ سوال کرتے ہیں -

میر حاجی خدا بخش تالپور - جی ہاں میں بڑا مجرم ہوں - صاحب صدر - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس سرکار کے نکالنے کی کیا ضرورت پیش آئی - کیا سوال کرنے سے

دھمکی ہو جاتی ہے سوال کرنے سے کیا نقصان ہوتا ہے اور اگر سوال کرنے سے کسی کو نقصان نہیں ہوتا تو اس سرکلر کی ضرورت نہیں میں اس کو برا نہیں کہتا اگر یہ سرکلر اس لئے نکالا جاتا کہ کوئی ممبر کسی افسر کو دھمکی دیتا ہے یا اس کو دباتا ہے سوالات کے ذریعے سے - لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ سوالات کے ذریعے کس طرح دھمکی ہو سکتی ہے - اگر کوئی سوال Admit ہوتا ہے اور اس میں کوئی افسر پھنس جاتا ہے تو وہ مجرم ہے اور اس کا عمل ہمارے سامنے آنا چاہئیے میں آپ کو صحیح بتاتا ہوں کہ میرے ایک دوست آفیسر نے جب یہ سرکلر دیکھا تو انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ تو آپ ہی سوالات کرتے ہیں - کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ ہی دھر لئے جائیں - تو میں آپ سے برادرانہ عرض کرتا ہوں کہ اس سے بڑا غلط Impression قائم ہو گیا ہے -

Mian Muhammad Akbar : Sir.

Mr. Speaker : This would be the final speech.

میاں محمد اکبر (گجرات - ر) - جناب والا - مجھے خوشی ہے کہ اس معزز ایوان کے کسی بھی معزز رکن نے یہ بات نہیں کہی کہ یہ جو سرکلر ہے اس سے Breach آف پریولج نہیں ہوتی - ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ وزرائے کرام جو اس معزز ایوان کے رکن نہیں ہیں اور جو میرے خیال میں صرف آتے ہی اس لئے ہیں کہ گورنمنٹ کے افسروں کی ہر جائز و نا جائز حرکات کو ڈفنڈ کریں ان میں سے چند نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ سرکلر اس لئے Issue کیا گیا ہے تا کہ افسران کو یہ یقین دھانی کرا دی جائے کہ ان کو ممبران مرعوب نہیں کر سکتے -

اب دیکھنا یہ ہے کہ مرعوب کرنے کا کیا طریقہ ہے - مرعوب کرنے کا یہ طریقہ بتایا گیا ہے کہ ممبران افسروں کو سوال کر کے مرعوب کریں گے تو گویا اس طرح ہمارے سوال کرنے کے حق کو غصب کرنے کی سازش

کی جا رہی ہے - لیکن جناب والا ہم سوال سے کیسے کسی افسر کو مرعوب کر سکتے ہیں - کیا ہمیں کسی افسر کی پرائیویٹ لائف کے متعلق سوال کرنے کا حق ہے ؟ - جناب والا رولز آف پروسیجر میں باقاعدہ اس کو Define کیا گیا ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ سوال کیسے ہونا چاہئے -

رول نمبر ۳۸

I will draw your attention to Rule 38 which reads :—

"Matter to which questions shall relate—(1) A question addressed to a Minister or Parliamentary Secretary must relate to the public affairs with which he is officially connected, or to a matter of administration for which he is responsible".

تو ہم کوئی سوال بھی اپنی مرضی سے نہیں کر سکتے جو کسی کی ذات پر گند اچھالتا ہو یا کسی افسر کی ذات سے تعلق رکھتا ہو - کانسٹی ٹیوشن کی رو سے اور رولز آف پرسیجر کی رو سے اگر کوئی ممبر سوال کرتا تو خوب اس کی چھان بین کی جاتی ہے کہ آیا یہ سوال قانونی لحاظ سے اور رولز آف پرسیجر کے لحاظ سے Admissible ہے یا نہیں - اسی طرح رول نمبر ۳۹ - بھی آپ کو یہ حق دیتا ہے -

Sir, Rule 39 reads.

Mr. Speaker : The member need not read that.

میاں محمد اکبر - اس کے بعد جب ہم کوئی سوال پیش کرتے ہیں تو وہ آپ کے سامنے پیش ہوتا ہے اور اس کی Scrutiny ہوتی ہے - یہ سرکلر اس بات کا Impression دیتا ہے کہ ممبران افسروں کو اس بات کی دھمکی دیں گے کہ اگر آپ نے ہمارا ناجائز کام نہ کیا تو ہم سوال کر دیں گے - اور ہم الٹے سیدھے سوال کریں گے اور آپ کو پریشان کرنے کے لئے سوال کریں گے تو جناب والا - اس کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ہم کسی طرح بھی ایسا سوال نہیں کر سکتے جو کسی کی ذات سے متعلق ہو - اور جو واقعاتی طور پر جھوٹا ہو - اس کے لئے رولز ہیں کہ کس طرح کے سوال ہونے چاہئیں - پھر یہ کہ

ہر سوال آپ کے سیکریٹریٹ میں آتا ہے اور یہاں اس کی Scrutiny ہوتی ہے اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں کہ سوال ہاؤس میں جواب دینے کے قابل ہے تو پھر وہ List of Questions پر آتا ہے تو اس لئے میں یہ گذارش کرونگا کہ یہ جو Impression دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ بڑا سیدھا سادا سا سرکلر ہے - اس سے صرف افسروں کو یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ کوئی بھی ایم-پی-اے ان کو مرعوب نہ کرے یہ غلط ہے یہ آپوزیشن کے ممبروں کو مرعوب کرنے کے لئے کیا گیا ہے -

یہ ہمیں ہمارے حق سے محروم کرنے کے لئے سرکولر جاری کیا گیا ہے تا کہ ہم ڈرتے رہیں - سارا ہاؤس مجھ سے متفق ہے کہ ہمیں ڈرانے کے لئے یہ سرکلر جاری کیا گیا تا کہ کسی ممبر کو جرات نہ ہو کہ وہ سوال کر سکے - اگر ہم کوئی ایسا سوال کر دیتے ہیں تو کسی افسر کی پوزیشن پر زد پڑتی ہے تو وہ کہہ سکتا ہے کہ یہ ایم-پی-اے نا جائز رعایت مانگتا تھا اس نے یہ سوال کر دیا By implication اس سرکلر کی ہمارے حقوق پر زد ہے اور ہمارا یہ unfettered حق ہے کہ ہم سوال کر سکیں - یہ اس حق پر ضرب کاری لگاتا ہے - یہ Breach of privilege ہے -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The The burden of the debate in the House today is that the privilege of a member to ask questions which privilege undoubtedly without question is a privilege and that is not denied, has been breached. The question is : does the motion before the Speaker raise that issue that it is the privilege of asking of questions which has been breached or something else has been breached. Kindly read the last two lines of the motion itself. After citing what the contents of the Circular are, the member seeks to say "This Circular is a clear mischief to defame the Opposition Members". At no stage in the motion itself has it been stated that the privilege of asking questions has been breached or in any way impaired by the impugned circular letter. Therefore, my submission is that we cannot go beyond the motion as it is . The supplement that has been made by the members here on either side cannot add anything now at this moment and, therefore, on this ground it should be declined admission.

Mr. Speaker : Khawaja Sahib may please be brief.

Khawaja Muhammad Safdar : I have to reply to all these four-five members sitting over there.

Mr. Speaker : The Member should be brief.

Khawaja Muhammad Safdar : I will be very brief.

جناب والا - سب سے پہلے میں اپنے محترم دوست وزیر قانون کے اعتراضات کا جواب دوں گا - انہوں نے اس بحث میں دوبار حصہ لیا - پہلے انہوں نے دو اعتراضات اٹھائے تھے کہ یہ نکتہ استحقاق قابل بحث نہیں ہے - اور دوسری بار اس بحث میں حصہ لیتے ہوئے انہوں نے ایک تیسرا نکتہ اٹھایا ہے - پہلے انہوں نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ آئین اور متعلقہ قوانین میں اس ایوان کے معزز ممبران کے لئے کوئی حقوق متعین نہیں ہیں - دراصل دوسرا اعتراض ان کا . . . . (قطع کلامیاں)

Minister of Law : I never said that the member have no privileges under the Constitution. I never said . I said the privileges given by the Constitution and law can alone be preserved. That is what I said.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - آئین کا حوالہ دیتے ہوئے میں ان کو یاد دلا دوں کہ آئین کے تحت کوئی پریولج Define نہیں ہوا ہے - میں وزیر قانون کی خدمت میں آئین کے آرٹیکل ۱۱۱ کے تحتی آرٹیکل (٦) کا حوالہ دیتا ہوں -

"Subject to this Article, the privileges of an Assembly, of the committees and members of an Assembly and of the persons entitled to speak in an Assembly may be determined by law".

اور اس ایوان میں وزیر قانون سے بہتر کون جانتے ہیں کہ آج تک آئین کی کسی دفعہ کے تحت اس معزز ایوان کے معزز اراکین کے حقوق کا تعین نہیں کیا بلکہ ایک ڈرافٹ آج تک کولڈ سٹوریج میں پڑا ہوا ہے جو گذشتہ دو اجلاسوں میں آپوزیشن اور گورنمنٹ پارٹی نے ڈرافٹ کیا تھا اور وہ غالباً پڑا ہی رہے گا - جناب وزیر قانون کے اعتراضات سے جو Inference میں نے draw کی ہے وہ درست ہے لیکن دوسرا اعتراض ان کا گول مول ہے کیونکہ اس چیز کو پیش کیا تھا اس لئے کہ دوسرا اعتراض پہلے اعتراض کا ہی لفظی ترجمہ تھا تو میں اس کے جواب میں یہ عرض کروں گا کہ کیا اس ایوان کو Inherent حقوق حاصل نہیں ہیں ؟ کیا اس ایوان کی یہ تضحیک اور ہتک نہیں ؟ کیا اس ایوان کے اراکین کی تضحیک اور ہتک نہیں کہ اس ایوان کے اندر یا اسی ایوان کے باہر

کی جا سکتی ہے یہ بھی نہیں اس کا جواب کہ نہیں کی جا سکتی تو یہ جو حق اسے حاصل ہے اس ایوان کا ایک خاص وقار ہے اس کا ایک خاص مرتبہ ہے خاص مقام ہے ۔ وہ اس آئین نے تو نہیں بخشا بلکہ اس ایوان کی کنونشن کی رو سے ملا ہے ۔ اس ایوان نے بار بار اپنے آپ کو Assert کر کے حاصل کیا ہے اور اس میں یہ بات آتی ہے جس کے تحت میں نے یہ نکتہ اٹھایا ہے ۔ اگر آپ کے سامنے سرکولر لیٹر ہے تو وہ میں نے نہیں دیکھا ۔ میں پریس رپورٹ کے متعلق عرض کر سکتا ہوں لیکن میرے دوست مہمن صاحب نے کہا کہ اس کے تین حصے کئے جا سکتے ہیں ۔ پہلا حصہ یہ ہے کہ جس میں چیف سیکریٹری صاحب ارشاد فرماتے ہیں کہ ان کو اطلاع دی گئی لیکن بعض ایسے واقعات ہوئے کہ آپوزیشن کے ممبران نے بعض افسروں کو ڈرا دھمکا کر اور اپنے لئے مراعات حاصل کرنے کے لئے دھمکی دی ہے کہ اگر انہوں نے ان کو یہ نہ کیا تو ہم سوالات پوچھیں گے ۔ دوسرا حصہ یہ ہے کہ آپ اس قسم کی دھمکیوں سے موعوب نہ ہوں ۔ تیسرا حصہ سرکلر لیٹر کا یہ ہے کہ اگر اس قسم کا واقعہ ہو تو ہمارے پاس رپورٹ کی جائے یہ چیف سیکریٹری صاحب نے اپنے ماتحتوں کو ہدایت کی ہے کہ اگر اس قسم کا واقعہ ہو تو اس کے متعلق رپورٹ کریں ۔ اس چیز کو لیا جائے پہلی چیز یہ ہے کہ آیا یہ امر واقعہ ہے کہ کچھ ممبران نے ایسی حرکت کی ہے ۔ میں نے Publicly اس الزام کی تردید کی ہے ۔ دو مہینے گذر گئے ہیں مجھے کوئی جواب نہیں ملا ۔ اس لئے میں یہ presume کرنے میں حق بجانب ہوں کہ کسی ممبر نے ایسی کمینہ حرکت نہیں کی اور نہ وہ کر سکتے تھے ۔ مہمن صاحب کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس مثالیں تھیں لیکن یہ گیدڑ بھبکیاں ہم جانتے ہیں میں ان کو کہتا ہوں کہ وہ ان کو شائع کر دیں (ہیر ہیر) دوسرے حصے میں وہ کہتے ہیں کہ ایسی دھمکیوں کی آپ پروا نہ کریں ۔ میرے محترم دوست قادر بخش صاحب تشریف نہیں رکھتے انہوں نے پہلا حصہ چھوڑ دیا

اور دوسرا حصہ نے لیا لیکن اس کا مطلب ہے کہ اگر کوئی شخص دھمکی دے تو اس کے رعب کے نیچے نہ آئیں ۔

سید احمد سعید کرمانی—کچھ افسروں کے نام لیں ۔

خواجہ محمد صفدر—یہی میں پوچھنے والا ہوں اگر ہوتا تو میں اس کو بریچ آف پرولیج شمار نہ کرتا ۔ ان کو چیز بتائی گئی ہے کہ دیکھئے صاحب ایسا ہو رہا ہے مت پروا کریں ۔ یہ عوام کے نمائیندے ہیں لیکن ہم ان کی قطعی پروا نہیں کرتے ۔ یہ دراصل آمریت کا ایک راستہ ہے جو بیوروکریسی نے اختیار کیا ہوا ہے ۔ آجکل اور آجکل ہی نہیں بلکہ جب سے پاکستان بنا ہے در اصل ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ ہمارا ملک اور یہ صوبہ خصوصیت سے . . . . . .

Mr. Speaker : I may remined the Member that he is addressing on admissibility.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ یہ تیسرا حصہ جو ہے جس کے متعلق میرے فاضل دوستوں نے اس طرف سے بھی اور کئی دوستوں نے اس طرف سے بھی یعنی محترم محمد یاسین خان وٹو اور ایس ۔ ایم سہیل صاحب نے یہ آپکی خدمت میں عرض کیا ہے کہ اسکا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ افسر صاحبان ایک تو اسکو misuse کریں گے اور اس کا ناجائز فائدہ اٹھائیں گے جس سمبر سے ان کی ناراضگی ہوگی یا پوری طرح ان سے کوآپریٹ نہیں کرنا ہو گا اس کا نام چیف سیکریٹری کو بھیج دیں گے کہ یہ میرے پاس آتا ہے اور مجھ پر دباؤ ڈالتا ہے ۔ threat کرتا ہے یا مجھے دھمکی دیتا ہے لہذا چیف سیکرٹری صاحب یہ دیکھیں گے کہ Maintenance of Public Order کے تحت اس کو جیل میں نہیں بھیجا جا سکتا یا اس پر کوئی اور مقدمہ نہیں بنایا جا سکتا ۔ ایک یہ بات ہے ۔

جناب والا - دوسری یہ بات ہے کہ یہ افسران اس طریقے سے ہم پر ناجائز دباؤ ڈال سکتے ہیں چہ جائیکہ ہم ان پر دباؤ ڈالیں جو عوام کے نمائندے ہیں اور ان سے جائز عوام کے مطالبات پورے کروائیں وہ الٹا ہم پر اس سرکار لیٹر کے ذریعہ سے دباؤ ڈال رہے ہیں کہ خبردار اور کوئی اصرار کیا ورنہ رپورٹ کرونگا - تاثر اس سے یہ پیدا ہوا کہ ہم جائز طور پر بھی اپنے کام کاج یہاں صرف سوال کا تعلق نہیں ہے یہاں ہر چیز کا تعلق ہے - اور جو فرائض بطور ممبر ہم پر عائد ہوتے ہیں یہ ان کے راستے میں روکاوٹ ہے - یہ واضح اور قطعی طور پر breach ہے -

اس کے بعد جناب والا - میرے محترم دوست جناب خان عبدالوحید خان صاحب نے نہایت خوبصورت الفاظ میں انگریزی میں بھی اور اردو میں بھی یہ کوشش کی تھی کہ اس کو کسی طرح گول کر دیا جائے لیکن افسوس میرے دوست کی کوشش رائیگاں گئی - اور آدھا گھنٹہ کا وقت اس ہاؤس کا ان کے ذمہ پڑا ہے - جناب والا - انہوں نے اپنی تقریر دلپذیر کے ذریعہ اس ایوان کا وقت ضائع کیا ہے (قطع کلامی) جناب والا - میں آخر میں آپ سے درخواست کروں گا کہ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ prima facie یہ کیس اس ایوان میں subjudice ہو چکا ہے اور کسی شک و شبہ سے بالا ہوتے ہوئے اس گشتی مراسلہ سے اس ایوان کا پرولیج بریچ ہوا اور ہمیں اجازت دی جائے کہ ہم اس پر بحث کر سکیں -

Mr. Speaker : Now I give my ruling.

"Although this Assembly has not yet determined the privileges of the members of the Assembly through any statute, but still there are some inherent privileges of the members of the Assembly. The asking of questions is a well recognised privilege of the members of the Assembly. Moreover, the Rules of Proce dure adopted by us confer on the members the right to ask questions. I have gone through the circular letter wherein the word "question" and not "akward questions" is used. The members have the privilege to ask questions and, therefore, I hold that the motion is in order."

Now, I would request those members who are in favour of leave being granted to rise in their places.

(As more than thirty Members rose in their places, leave to move the motion was granted).

میاں محمد اکبر - ہوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ہاؤس کے تمام ممبر صاحبان کھڑے ہونے ہیں کیا یہ No confidence نہیں ہے ؟

Mr. Speaker : The point is ruled out of order.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move that this Privilege Motion be referred to the respective Committee for consideration.

Mr. Speaker : Leave having been granted, the motion moved is that the question be referred to the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs.

(*The motion was carried*).

Khawaja Sahib may move the next motion.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Vâryal Memon) : On a point of order, Sir.

Rule 174 says that not more than one question shall be raised by the same Member at the same sitting. As Khawaja Sahib has already raised a question of privilege, this motion cannot be taken up today.

Mr. Speaker : I think Khawaja Sahib will agree with Mr. Memon that his next motion cannot be taken up today.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir. It can be taken up tomorrow.

Detention of Rao Khurshid Ali Khan M. P. As.

Mr. Speaker : Mr. Iftikhar Ahmad Khan may please now ask for leave to raise his question of privilege.

Nawabzada Iftikhar Ahmad Khan : Sir, I ask for leave to raise a question of privilege of this August House and its Member Rao Khurshid Ali Khan, Leader of the Islamic Group in West Pakistan Assembly who has been arrested and detained under the Preventive Law for no fault of his. His detention designed to prevent him from participating in the deliberations of this House during this session. This arrest and detention is also a punishment for his honest fearless discharge of the duties as a member. This House should take a very serious view of the breach of its privilege.

Mr. Speaker : Is the Law Minister going to dispute its admissibility?

Minister of Law : Yes, Sir.

Mr. Speaker: Nawabzada Sahib may please state briefly the points regarding its admissibility.

مسٹر افتخار احمد خاں (جھنگ — ۱) جناب والا - آج اس ایوان کو نہ میں اس قانون کی طرف متوجہ کرانا چاہتا ہوں جس کے ظالم شکنجے کے تحت اس مرد مجاہد کو گرفتار کیا گیا ہے اور نہ میں وہ واقعات بیان کرنا چاہتا ہوں کہ کس طرح سے کن حالات میں اور کن وجوہات سے ان کو گرفتار کیا گیا ہے - میں صرف اپنے آپ کو admissibility کے point تک محدود رکھوں گا - اور آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ یہ تحریک admissible ہے -

جناب والا - راؤ خورشید علی خان جماعت اسلامی سے متعلق ہوں اور اس معزز ایوان میں عرصہ ڈیڑھ سال سے ان کی ذات گرامی سے - ان کے اخلاص سے - ان کی ایمانداری اور دیانتداری سے - ان کی کام کی واقفیت اور تجربے سے ہر شخص واقف ہے - مقام افسوس ہے کہ انہیں گرفتار کیا گیا ہے اور اس ایوان کا اجلاس شروع ہونے سے چند دن پہلے گرفتار کیا گیا ہے - اگر ان کے خلاف حکومت کے پاس کوئی مواد تھا - اگر ان کی کوئی ایسی تقاریر تھیں جو انہوں نے قانون کی حدود سے باہر ہو کر کی تھیں تو آپ کا قانون موجود تھا - آپ کا Penal Code موجود تھا - آپ کی تعزیرات کی دفعات موجود تھیں - آپ کو انہیں ان کے ماتحت گرفتار کرنا چاہیئے تھا - لیکن افسوس صد افسوس انہیں اس قانون کے ماتحت گرفتار کیا گیا ہے جس کے متعلق - جناب والا - آپ کو یاد ہو گا کہ اسی ایوان میں پچھلے اجلاس کے دوران جب کہ Maintenance of Public Order Ordinance پیش ہوا تھا یہ یقین دلایا گیا اور ایوان کے اس بازو کی طرف سے یقین دلایا گیا تھا کہ اس قانون کو سیاسی مقاصد کے لئے ہرگز استعمال نہ کیا جائے گا - ہم اس غلطی کا اعادہ نہ کریں گے جو ہمارے پیشروؤں نے پرانے سیاستدانوں نے - اور پرانے حکمرانوں نے - اس preventive قانون کا غلط استعمال کرکے کی تھی -

Mr. Speaker: The member is going into the merits. He should not do so. He should only address the House on the point of admissibility.

Khawaja Muhammad Safdar: He is to make a short statement about this privilege motion. He can narrate the facts as well. The question of admissibility can only be raised when the Law Minister objects to it.

Mr. Speaker: Yes, he can narrate the facts but should not discuss it on merits.only a short statement.

مسٹر اختیار احمد خان - جناب والا - قانون سے کوئی بالاتر نہیں - حکمران بھی نہیں اور محکوم بھی نہیں - وہ بھی نہیں ہیں اور میں بھی نہیں ہوں - اگر ہم قانون کی خلاف ورزی کریں اور قانون کے دائرہ سے باہر جائیں تو یقیناً ہم قابل سزا ہیں - لیکن اگر ممبران کو اس بات پر سزا دی جائے کہ وہ بے

(b) whether it is also a fact that the only action, the said authorities can take is to institute a case against person raising unauthorised constructions in a Court of Law and get them fined;

(c) if answers to (a) and (b)above be in the affirmative, whether Government intend to take some appropriate measures with a view to check this malpractice which is deterimental to public interest ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) —

(الف) جی ہاں ۔ ہائی وے اتھارٹی کو موجودہ مغربی پاکستان ہائی وے آرڈی ننس ۱۹۵۹ء کے تحت ناجائز تعمیرات کو مسمار کرنے کے اختیارات حاصل نہیں ہیں تاہم عدالت دفعہ ۲۵ کے تحت مسمار کرنے کی ڈگری صادر کر سکتی ہے ۔

(ب) ہائی وے اتھارٹی صرف دفعہ ۲۴ کے تحت نالزم کے خلاف عدالت میں استغاثہ دائر کر سکتی ہے اور عدالت سے جرمانے کے علاوہ زیر دفعہ ۲۵ (۲) مسمار کرنے کا حکم دینے کی درخواست کر سکتی ہے ۔

(ج) اس معاملے پر حکومت مستعدی سے غور کر رہی ہے ۔

ISSUING OF PARTICULAR STAGE CARRIAGE PERMITS

***4366. Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works, be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Regional Transport Authorities are not issuing particular stage carriage permits instead of service stage carriage permits ;

(b) if answer to (a) be in the affirmative, whether the particular stag arriage permit system is comparatively better than the service stage carriag ermits system ;

(c) if answer to (b) be in the affirmative, reasons for which the service stage carriage permit system is not being abolished altogether ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) ۔

(الف) ماسوائے کوئٹہ کے اب تمام ٹرانسپورٹ اتھارٹیز نئے پرمٹ مخصوص سٹیج کیرجوں کے پرمٹوں کی صورت میں جاری کر رہی ہیں ۔ موجودہ سروس آف سٹیج کیرجوں کے پرمٹوں کو ان کی تجویز کے وقت مخصوص سٹیج کیرجوں کے پرمٹوں میں تبدیل کیا جا رہا ہے ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی

کوئٹہ کو بڑی دیگر ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹیز کے طریق کار کو اپنانے کے لئے ھدایت جاری کی جا رھی ھے ۔

(ب) جی ھاں ۔

(ج) ۔ (الف) بالا کے پیش نظر یہ سوال پیدا نہیں ھوتا ۔

مسٹر حمزہ—کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتا سکتے ھیں کہ سروس سٹیج کیرج پرمٹس کو مخصوص سٹیج کیرج پرمٹس میں کتنے عرصہ میں تبدیل کیا جائیگا ۔ انہوں نے فرمایا ھے کہ تبدیل کیا جا رھا ھے میں پوچھتا ھوں کہ کتنا عرصہ اس کے لئے درکار ھو گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—جناب والا ۔ یہ renewal پر ھوتا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ—کیا آپ یہ بتا سکیں گے کہ اس سال کے اختتام پر یہ کام ختم ھو جائیگا ؟

Parliamentary Secretary : The existing services of stage carriage permits are being converted into particular stage carriage permits at the time of their renewal.

اس کا مطلب یہ ھے کہ جب renewal ھو گا وہ بھی ھو جائے گا ۔

وزیر قانون — اگر رینیول ٦ مہینہ میں ھوتی ھے تو ٦ مہینہ کے بعد ھو جائے گا ۔ اگر رینیول ١٢ مہینہ میں ھوتی ھے تو ١٢ مہینہ کے بعد ھو جائیگا ۔ جس دن رینیول کا وقت ختم ھو جائیگا اس وقت یہ بھی کیا جائے گا ۔

SATELLITE TOWN FOR MIRPURKHAS

***4386. Haji Mir Muhammad Bux Talpur** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a sum of Rs. 3,31,000 has been allocated in the Budget for the year 1963-64 for setting up a Satellite Town in Mirpurkhas;

(*b*) if answer to (a) above be in the affirmative, whether any compensation would be paid to the landowners whose lands are likely to be acquired under the above said scheme, if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) :-

(الف) جی ہاں - یہ رقم ان مالکان کو معاوضہ ادا کرنے کے لئے مختص کی گئی ہے جن کی زمین موجودہ اضافی بستی میر پور خاص کے لئے حاصل کی جا چکی ہے -

(ب) جیسا کہ شق (الف) بالا میں بیان کیا گیا ہے -

QUESTION NO. 4472—NOT ASKED

TEMPORARY ASSISTANT ENGINEERS

*4436. **Mr. Muhammad Hanif Siddiqi**: Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state the number of Temporary Assistant Engineers in West Pakistan ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین):- محکمہ عمارات و شارعات میں عارضی اسسٹنٹ انجینئروں کی کل تعداد (بشمول قائم مقام ایگزیکٹیو انجینئرز) ۲۹۱ ہے-

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Is their any chance of their confirmation in the near future ?

Mr. Speaker : That is a fresh question. The member had asked about the number and that has been given.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : This arises out of it.

Mr. Speaker : This is not a supplementary question. This is a fresh question.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: It is a supplementary question directly connected with the parent question.

Mr. Speaker : This is not a question arising out of the number of employees.

SHORTAGE OF RESIDENTIAL ACCOMMODATION AT FORT ABBAS

*4483. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Parliamentary Secretary Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether Government are aware of the fact that there is an acute shortage of residential accommodation at Fort Abbas which is a Tehsil Headquarter and an important and commercial centre in Bahawalnagar District;

(*b*) whether it is a fact that Government have set up Satellite towns in every city to provide residential facilities to poor masses;

(*c*) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to remove the shortage of residential accommodation at Fort Abbas ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین)

(الف) - جی نہیں -

(ب) ۔ جی نہیں ۔

(ج) ۔ حکومت مغربی پاکستان نے صوبہ کے تمام اہم شہروں میں ایسے بے خانماں مہاجرین کا جائزہ لینے کے احکام جاری کئے ہیں جنہوں نے کسی سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کی و ملکیتی اراضی پر ناجائز چھونپڑیاں وغیرہ تعمیر کر رکھی ہیں ۔ مجوزہ جائزہ کے نتائج کی وصولیابی اور دوسرے اور تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں رقم کی دستیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت اس ضمن میں کوئی فیصلہ کریگی ۔

چودھری محمد علی۔ صدر گرامی ۔ سوال کے جزو (الف) میں میں نے یہ پوچھا تھا کہ آیا حکومت اس امر سے باخبر ہے کہ فورٹ عباس میں رہائشی جگہ کی از حد قلت ہے ۔ یہ ایک تحصیل ہیڈ کوارٹر ہے اور ڈویژن بہاولپور کا ایک اہم اور تجارتی مرکز ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے جواب میں کہا گیا ہے ''جی نہیں'' حالانکہ وہاں غریب عوام رہائشی تکالیف سے مر رہے ہیں اور ادھر جواب دیا جاتا ہے کہ ''کوئی نہیں''

پارلیمنٹری سیکرٹری۔جناب والا ۔ میرے خیال میں چودھری محمد علی صاحب کے لئے جواب بڑا تسلی بخش ہے ۔ تمام صوبہ کے اہم شہروں میں بے خانماں لوگوں کے لئے بستیاں بنانے کے لئے سروے کیا جا رہا ہے ۔ فورٹ عباس بھی اس میں شامل ہے ۔ جب سروے ہو جائیگا تو پتہ چل جائیگا ۔

Sardar Inayat-ur-Rahman Khan Abbasi : What does the Parliamentary Secretary mean by. ''جی نہیں''

آپ تو انکار کرتے ہیں کہ وہاں آبادی اتنی زیادہ نہیں ہے اور آپ انکار کرتے ہیں اس کی اہمیت اتنی زیادہ نہیں ہے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔جناب والا ۔ جہاں تک محکمے کا تعلق ہے ان کی طرف سے جواب یہ ہے کہ ہمیں معلوم نہیں ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ کی کسی نے اس طرف توجہ نہیں دلائی یا کوئی ایسی بات گورنمنٹ کے نوٹس میں نہیں آئی ہے ۔ جس میں یہ کہا گیا ہو کہ وہاں مکانوں کی قلت ہے ۔

خان اجون خان جدون—جناب والا - کہتے ہیں کہ سوال کیا جائے کہ وہاں قلت ہے یا نہیں - کیا گورنمنٹ کا فرض نہیں ہے کہ جواب دینے سے پہلے معلوم کرے کہ وہاں قلت ہے یا نہیں -

وزیر قانون—ہاں گورنمنٹ کا فرض ہے لیکن ہر ایک کونے - ہر ایک گاؤں اور ہر ایک شہر میں جا کر گورنمنٹ معلوم نہیں کرے گی - اگر کسی بات کی طرف گورنمنٹ کی توجہ دلائی جائے تو یقیناً کیا جائے گا -

خان اجون خان جدون—جناب والا - جب سوال اسمبلی میں کیا جاتا ہے تو جواب دینے سے پہلے کیا گورنمنٹ کا فرض نہیں ہے کہ وہ صحیح معلومات حاصل کرے - یہ تو بریچ آف پرولیج ہو جائیگا - آپ کہتے ہیں کہ ہم نے معلومات کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی -

Mr. Speaker : That Supplementary question has already been answered

---

ROAD LINKING PASRUR AND CHAWINDA IN SIALKOT DISTRICT

* **4496. Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Parliamentary Secretary Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that a Communications and Public Works Department road links the towns of Pasrur and Chawinda in Sialkot District; if so—

(*i*) the date when this road was taken over by the Public Works Department from the Local Body of the Sialkot District;

(*ii*) the date on which the metalling work on the said road was started and completed respectively;

(*iii*) the length of the said road;

(*iv*) the amount spent on its metalling;

(*v*) the present condition of the said road;

(*vi*) the approximate date by which it will be repaired so as tom ake it serviceable for motor traffic, and

(*vii*) the estimated cost of the repairs ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین)

(الف) جی ہاں - سڑک پسرور تا چونڈہ محکمہ پی - ڈبلیو - ڈی نے تقسیم سے پہلے لوکل باڈی ضلع سیالکوٹ سے حاصل کی تھی - بالکل ٹھیک تاریخ اس وقت معلوم نہیں -

(ب) اس سڑک کے پہلے دو میلوں کو پختہ کرنے کا کام یکم جنوری ۱۹۴۸ء کو شروع ہوا تھا اور ۱۹۵۳ء کو مکمل ہوا -

(ب) اس سڑک کے پہلے دو میلوں کو پختہ کرنے کا کام یکم جنوری ۱۹۴۸ء کو شروع ہوا تھا اور ۱۹۵۳ء کو مکمل ہوا ۔

(س) سڑک کی کل لمبائی ساڑھے پانچ میل ہے ۔

(ج) تمام سڑک اچھی حالت میں نہیں ہے ۔ مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے اس سڑک کی باقاعدہ مرمت نہیں ہوتی رہی ۔

(د) مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے ابھی اس سڑک کو پختہ نہیں کیا جا سکتا ۔ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں اس کو پختہ کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔

(ہ) چھ لاکھ روپے دراصل کام صرف مرمت کرنے کا نہیں بلکہ تمام سڑکوں کو پختہ کرنے کا ہے ۔

چودھری محمد ابراہیم—جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری نے فرمایا ہے کہ ۱۹۴۸ء میں یہ کام شروع کیا گیا تھا ۔ میں یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ یہ پانچ میل لمبی سڑک کس صدی میں مکمل ہو گی ۔ (قہقہہ)

پارلیمنٹری سیکرٹری—یہ آئندہ پانچ سالہ منصوبہ میں مکمل ہو جائیگی ۔ جو facts ہیں وہ ہم نے عرض کر دئیے ہیں ۔

چودھری محمد ابراہیم—جناب والا ۔ پارلیمنٹری سکرٹری صاحب فرماتے ہیں کہ تمام سڑک اچھی حالت میں نہیں ہے ۔ لیکن مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے اس سڑک کی باقاعدہ مرمت نہیں ہوتی رہی ۔ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ مالی وسائل کی کمی کا نزلہ اس ایک سڑک پر کیوں گرتا آ رہا ہے ۔ آخر دوسری سڑکیں بھی تو ہیں ؟

خواجہ محمد صفدر—جناب ان کا کہنا ہے کہ وہ نزلہ تقسیم کر کے گرائیں ۔ (قہقہہ)

پارلیمنٹری سیکرٹری جناب والا ۔ یہ خاص طور پر تو نہیں کہا گیا کہ اس سڑک پر نزلہ گرا ہے ۔ ویسے مالی وسائل کی کمی کا ان کو بھی علم ہے ۔

میاں محمد اکبر—جناب والا—میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ نزلہ صرف اسی سڑک پر ہی نہیں گرا۔ گجرات کی بہت سی سڑکیں بھی اسی نزلہ کا شکار ہوئی ہیں۔

Mr. Speaker : No suggestions in Question Hour.

Mian Muhammad Akbar : This is not a suggestion. It is a statement of facts.

CRITERIA FOR THE REGISTRATION OF CONTRACTOR FOR EXECUTING PUBLIC WORKS, DEPARTMENT SCHEMES.

*4497. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Parliamentary Secretary of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the criteria for the registration of contractors for executing Public Works Department Schemes;

(*b*) the district-wise names, parentage, age, experience, qualification and original places of residence of the contractors at present engaged in executing the different schemes in Lahore Division together with the amount of each assignment;

(*c*) the date on which each of the contractors mentioned in (b) above was registered for the first time and the total amount of money each of the said contractors received for work executed during 1958, 1959, 1960, 1961, 1962, separately for each assignment ?

پارلیمنٹری سیکرٹری چوہدری منظور حسین—جناب والا۔ اس سوال کا جواب ۱۵ - ۲۰ صفحوں پر مشتمل ہے لہٰذا اسے ایوان کے میز پر رکھ دیا گیا ہے*۔

CONDITIONS GOVERNING GRANT OF ROUTE PERMITS TO THE TRANSPORT COMPANIES

*4498. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the conditions governing the grant of route permits to the Transport Companies;

(*b*) the names of Transport Companies holding route permits for the Sialkot-Narowal-Zafarwal Roads;

(*c*) the names of those Transport Companies which are being considered for the grant of route permits on the said roads ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Manzoor Hussain) : (*a*) The grant of stage carriage permits is governed by the provisions of section 47 of the Motor Vehicles Act, 1939, the primary requirement of which is the interest of the public generally. Under these provisions of the Act, a route where it proposed to grant permit/permits is surveyed to assess actual traffic needs viz. a-viz. the number of 'B' part permits required on it. Besides, the following qualifications are also taken into consideration by the Authority for the grant of permits :—

(*i*) Whether the company is limited/registered.

(*ii*) Financial soundness.

(*iii*) Number of vehicles in hand, covered or uncovered by any route permit.

*For answer to Question No. 4497, please see Appendix C at page 152.

(*iv*) Number of permits already held.

(*v*) Experience in transport.

(*vi*) Stand, Workshop, other amenities etc, available.

(*vii*) Residence/Principal place of business.

(*b*) Messrs District Co-operative Transport Society, Limited, Lahore is holding three 'B' part stage carriage permits on this route.

(*c*) There is at present no proposal to grant more permits on this route.

چودھری محمد ابراھیم—جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرماتے ھیں کہ Motor vehicles Act 1939 کی دفعہ ۴۷ کے تحت شرائط کا اطلاق ھوتا ھے جن کا اولین تقاضا مفاد عامہ ھے ۔ کیا ضلع سیالکوٹ کی ان اھم سڑکوں کو ایک monopoly میں دے دینا مفاد عامہ کے حق میں جائیگا ۔

Minister of Law :—Will the member kindly repeat his question

چودھری محمد ابراھیم—جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ھے کہ آخر ضلع سیالکوٹ کی ان سڑکوں کی monopoly ایک کمپنی کو دے دینا کس حد تک مفاد عامہ کے حق میں ھے ۔ وھاں اگر competition ھو گا تو مفاد عامہ موجود ھو گا ۔ اور وھاں لوگوں کو سہولتیں ملینگی ۔ کیا ایک ھی کمپنی کو monopoly دینا قرین مصلحت ھے ؟

وزیر قانون—جناب والا ۔ معزز ممبر کی اطلاع کے لئے عرض یہ ھے کہ اگر کسی خاص سڑک کے لئے کوئی شخص درخواست دیگا تو اس پر غور کیا جائیگا ۔

Chaudhri Muhammad Ibrahim :—Thank you.

DELEGATION OF POWERS TO REGIONAL TOWN PLANNING OFFICER

***4533. Haji Mir Muhammad Bux Talpur** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works please refer to the answer to my starred question No. 3185 given on the floor of the House on 1st July 1963 and state:—

(*a*) the date on which the post of Town Planner, Hyderabad, was established ;

(*b*) the number of plans received in the regional town planning office since its establishment for approval and correction separately the dates of their receipt, names of officials, nature of sites of plan, the dates on which they were returned to the applicants after approval and the reason for the delay in disposing of such cases;

Parliamentary Secretary (Chaudhri Manzoor Hussain): Sir, it is a lengthy answer and is placed on the Table.

ٹاؤن پلاننگ آفس برائے سابق سندھ ۱۹۱۳ء میں قائم ھوا ۔ ون یونٹ ھونے کے بعد ٹاؤن پلانر کا دفتر ۱۹۵۷ء میں کراچی سے حیدرآباد منتقل ھوا ۔ اور بعد ازاں مئی ۱۹۶۳ء میں یہ ٹاؤن پلاننگ ڈایرکٹوریٹ کے نام سے موسوم ھوا ۔

(ب) حیدرآباد منتقلی کے بعد جو نقشہ جات برائے جانچ و ترمیمت وصول ھوئے اور واپس کئے گئے ان کی تفصیلات درج ذیل ھیں ۔

نمبر شمار	تاریخ وصولی	تفصیل نقشہ جات وغیرہ	تاریخ واپسی	ریمارک (تاخیر کا سبب
۱	۱۱-۶-۵۷	دیہہ حیدرآباد - درخواست حاجی محمد عمر برائے سکنی پلاٹ بذریعہ ڈی - سی حیدرآباد	۱-۲-۵۸	بوجہ فراہمی تفصیلات سروے وغیرہ کی تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا -
۲	۶-۵-۵۷	گوٹھہ ساہارو ضلع تھرپارکر بذریعہ ڈی - سی میر پور خاص	۲۲-۲-۵۸	" " "
۳	۱۲-۶-۵۷	نقشہ سروے نمبر ۱۷۸ اور ۳۶۵ دیہہ تعلقہ سانگھڑ بذریعہ ڈی - سی -	۱۰-۱۰-۵۷	" " "
۴	۲۸-۸-۵۷	نقشہ انجمن مسلمانان کلیانہ کراچی نزد جنگ شاہی ریلوے سٹیشن بذریعہ ڈی - سی ٹھٹھہ	۶-۱۲-۵۷	" " "
۵	۱۴-۵-۵۸	نقشہ اسمٰعیلہ کواپریٹیو سوسایٹی حیدرآباد بذریعہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حیدرآباد	۲۴-۵-۵۸	" " "

٦	٢-٧-٥٨	جھڈو ضلع تھرپارکر بذریعہ ڈی - سی	١٨-١٠-٥٨	"	"
٧	١٧-١-٥٨	نقشہ دیہہ نمبر١٧٨ تعلقہ عمر کوٹ تھرپارکر بذریعہ ڈی سی -	١٣-٣-٥٨	"	"
٨	٢١-١٠-٥٨	نقشہ دیہہ نمبر ٢٧٠ اے تعلقہ جیمس آباد بذریعہ ڈی - سی تھرپارکر	٢٠-١١-٥٨	"	"
٩	٢٢-٩-٥٨	نقشہ شہر جھول بذریعہ ڈی - سی - سانگھڑ	١٣-١١-٥٨	"	"
١٠	١١-١٠-٥٨	سروے نمبر ٣٦٦ دیہہ تعلقہ سانگھڑ بذریعہ ڈی - سی -	١٣-١١-٥٨	"	"
١١	١٩-٧-٥٨	نقشہ کھیرو ٹاؤن ضلع سانگڑ بذریعہ ڈی - سی سانگھڑ	١٧-١١-٥٨	"	"
١٢	٢٣-٥-٥٩	پلاٹنم جوبلی ھاؤسنگ سوسائٹی حیدرآباد بذریعہ چیف آفیسر حیدرآباد میونسپلٹی	٢٧-٦-٥٩	"	"

نمبر شمار	تاریخ وصولی	تفصیل نقشہ‌جات وغیرہ	تاریخ واپسی	ریمارک (تاخیر کا سبب)	
۱۳	۶-۵-۵۹	نقشہ پٹرول پمپ عمر کوٹ بذریعہ ڈی - سی تھر پارکر	۳-۶-۵۹	"	"
۱۴	۴-۶-۵۹	توسیع ڈہو کوٹ تعلقہ ڈگری بذریعہ اے - سی میر پور خاص	۲۸-۷-۵۹	"	"
۱۵	۲۶-۲-۵۹	سروے نمبر ۲۹۳ دھیہ نمبر ۱۰۹ میر پور خاص بذریعہ ڈی سی	۲۰-۳-۵۹	"	"
۱۶	۱۳-۹-۵۹	نقشہ کھوکرا پار بذریعہ ڈی - سی تھرپارکر	۲۰-۲-۵۹	"	"
۱۷	۵-۷-۵۹	سروے نمبر ۲۹۳-بی تبدیل کیا ہوا - بذریعہ ڈی - سی - تھرپارکر	۱۱-۸-۵۹	"	"
۱۸	۲۴-۳-۵۹	نقشہ دیہہ نیوآباد بذریعہ ڈی - سی - سانگھڑ	۲۱-۵-۵۹	"	"
۱۹	۵-۵-۵۹	نقشہ بھلاری کیمپ برائے تبدیل سیٹلائٹ ٹاؤن	۲۷-۶-۵۹	"	"
۲۰	۱۷-۸-۶۰	میونسپل کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائیٹی حیدرآباد	۱۱-۱-۶۱	"	"

۲۱	۲۰-۲-۶۰	نقشہ دیہہ نمبر ۳۱۷ تعلقہ ڈگری بذریعہ ڈی سی تھر پار کر	۲۱-۳-۶۰	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا -
۲۲	۸-۳-۶۰	نقشہ شہر ڈہلو ضلع تھر پار کر بذریعہ ڈی سی	۶-۱۲-۶۰	بوجہ خط و کتابت و فراہمی ضروری تفصیلات
۲۳	۱۸-۶-۶۰	نقشہ دیہہ چھراو بذریعہ ڈی سی تھرپارکر	۶-۱۲-۶۰	" " "
۲۴	۶-۹-۶۰	دیہہ سامرولی تھرپارکر بذریعہ ڈی سی	۱-۱۰-۶۰	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۲۵	۳۰-۳-۶۰	دیہہ ٹنڈو آدم تعلقہ شہداد پور بذریعہ ڈی سی سانگھڑ	۶-۱۰-۶۰	

نمبر شمار	تاریخ وصولی	تفصیل نقشہ جات وغیرہ	تاریخ واپسی	ریمارک (تاخیر کا سبب)
۲۶	۹-۱۱-۶۱	سینما ہاؤس وارڈ جی صدر بازار بذریعہ A. D. M. صدر بازار	۲۶-۲-۶۲	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۲۷	۲۲-۷-۶۱	سٹاف کوارٹر برائے تالپور ٹیکسٹائل مل حیدر آباد بذریعہ ریو نیو آفیسر حیدرآباد	۵-۸-۶۱	,, ,,
۲۸	۲۳-۶-۶۱	دیہہ گارومر تعلقہ ماما رو بذریعہ ڈی سی	۵-۷-۶۱	,, ,,
۲۹	۳-۶-۶۱	دیہہ نمبر ۱۰۹ تعلقہ میر پور خاص بذریعہ ڈی سی	۱۱-۶-۶۱	,, ,,
۳۰	۲۷-۶-۶۱	نقشہ جیمس آباد بذریعہ ڈی سی تھر پار کر	۱۱-۷-۶۱	,, ,,

۳۱	۳-۱۰-۶۱	نقشہ دیہہ چھاچھرو تعلقہ عمر کوٹ بذریعہ ڈی ۔ سی	۹-۱۲-۶۱	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۳۲	۱۰۵-۶۱	نقشہ دیہہ گارچو بذریعہ ڈی سی تھر پارکر	۱۳-۹-۶۱	،، ،،
۳۳	۳-۱۰-۶۱	سروے نمبر ۲۸۳ تعلقہ میر پور خاص پارک)	۱۱-۱۲-۶۱	،، ،،
		میر حاجی محمد بخش تالپور بذریعہ ڈی سی تھر پارکر		،، ،،
۳۴	۲۷-۹-۶۱	نقشہ بی سروے نمبر ۲۹/۳ تعلقہ میرپور خاص	۱۱-۱۲-۶۱	،، ،،

نمبر شمار	تاریخ وصولی	تفصیل نقشہ جات وغیرہ	تاریخ واپسی	ریمارک (تاخیر کا سبب)
۳۵	۲۱-۷-۶۱	سروے نمبر ۲۰۸ دیہہ مورو ضلع نواب شاہ	۸-۹-۶۱	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۳۶	۲۲-۷-۶۱	نقشہ منزل گاہ (مورو) بذریعہ ڈی سی نواب شاہ	۸-۹-۶۱	" " "
۳۷	۲۳-۵-۶۱	سروے نمبر ۳۱/۳۴ بذریعہ ڈی سی حیدر آباد	۹-۰-۶۳	بوجہ خط و کتابت برائے فراہمی تفصیلات
۳۸	۱۷-۱۲-۶۲	ممبر بلدیہ میونسپل کمیٹی حیدر آباد بذریعہ چیف آفیسر حیدر آباد	۱۰-۴-۶۳	" " "
۳۹	۱۸-۱۲-۶۲	غازی آباد کالونی حیدر آباد گلیا آباد سخی پیر روڈ حیدر آباد گجراتی بلڈنگ حیدر آباد		تاخیر کا سبب حسب ذیل ہے۔

۴۰	۲۹-۱۲-۶۲	کنیھیا لال ننھو - ولی محمد ریاست کالونی حیدر آباد میونسپلٹی حیدر آباد	بذریعہ	۶۳-۳-۶۳	تفصیلات متعلق عوامی ادارہ فلاح و بہبود بلدیہ حیدر آباد سے ہاؤس آبادی وغیرہ طلب کی گئی ہیں جس کا انتظار ہے تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۴۱	۱۶-۲-۶۳	نقشہ ڈکری ٹاؤن بذریعہ A.C میر ہلد خاص		۱۳-۲-۶۳	,,
۴۲	۲۳-۷-۶۲	نقشہ دیہہ چھچھرو (کینٹونمنٹ بورڈ) بذریعہ ٹی - سی تھرپارکر		۲۶-۷-۶۲	,,
۴۳	۲۲-۱۰-۶۲	نقشہ جھڈو شاپنگ سینٹر بلدیہ اے سی تھرپارکر		۲۲-۱-۶۳	,,

نمبر شمار	تاریخ وصولی	تفصیل نقشہ جات وغیرہ	تاریخ واپسی	ریمارک (تاخیر کا سبب)
۳۳	۱۵-۶-۶۲	کوارٹرز ہاؤسنگ سوسائٹی سانگھڑ بذریعہ ڈی سی سانگھڑ	۲۹-۸-۶۲	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۳۵	۹-۵-۶۳	دیہہ ندین سکنی بذریعہ ڈی سی حیدر آباد	۱۷-۸-۶۳	,,
۳۶	۲۳-۱-۶۳	دیہہ ہاتار سروے نمبر ۵۵ تعلقہ ماتلی بذریعہ ADC حیدر آباد	۸-۳-۶۳	,,
۳۷	۲-۲-۶۳	دیہہ ہاتار درخواست میسرز غلام حسین بذریعہ ADC حیدر آباد	۱۳-۳-۶۳	,,
۳۸	۱۵-۲-۶۳	دیہہ ہاتار سروے نمبر ۱۱۱ درخواست بسرانجام	۱۸-۳-۶۳	,,

۴۹	۱۴-۳-۶۳	دیہہ حیدر آباد درخوست حاجی غلام محمد بذریعہ ADC حیدر آباد	سروے نمبر ۴۴	سوسائٹی	۲۰۵-۳-۱	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا
۵۰	۱۳-۳-۶۳	پلاٹ نمبر جوبلی ہاؤسنگ حیدر آباد			۲۹-۲-۶۳	,,
۵۱	۲۹-۹-۶۳	نقشہ دیہہ چھچڑو کیتھولک چرچ ہال بذریعہ ڈی سی ٹھرپارکر			۲۳-۹-۶۳	,,
۵۲	۱۲-۱-۶۳	نقشہ سروے نمبر ۷۳ تعلقہ میر پور بذریعہ خاص ڈی سی			۷-۲-۶۳	,,
۵۳	۷-۱۰-۶۳	نقشہ سروے نمبر ۲۸ دیہہ ٹنڈو آدم ضلع سانگھڑ مارکر رئیس داؤد خان مری بذریعہ مختار کار سانگھڑ			—	,,

نمبر شمار	تاریخ وصولی	تفصیل نقشہ جات وغیرہ	تاریخ واپسی	ریمارکس (تاخیر کا سبب)
۵۴	۱۹-۱۰-۶۳	نقشہ سروے نمبر ۱۹/۲۳ دیہہ کھجو تعلقہ حیدر آباد پٹرٹھہ ڈی سی حیدر آباد	—	تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا

SELECTION OF SITE FOR A HILL STATION IN JOHI TALUKA OF DADU DISTRICT

*4534. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Parliamentary Secretary, Works and Communications please, refer to answer to my starred question No. 3478 given on the floor of the House on 1st July 1963 and state whether copies of the inspection note regarding visit of the Chief Minister, Sind during 1954-55 in the hills of Johi Taluka of Dadu District for the purpose of selecting a site for a Hill Station are available in the offices of the Commissioners, Hyderabad and Khairpur Divisions, and if so, whether a copy thereof will be placed on the Table of the Assembly ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) - ایسا کوئی انسپکشن نوٹ کمشنر حیدر آباد اور کمشنر خیر پور کے دفاتر میں دستیاب نہیں ہوا ہے

REPAIR OF THE BRIDGE OVER NULLAH BUDDHI ON GUJRAT-SARGODHA ROAD

*4539. **Chaudhri Sal Muhammad**: Will the Parliamentary Secretary of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the bridge over Nullah Buddhi situated at distance of one mile from Phalia towards East on Gujrat-Sargodha Road damaged some time ago ;

(*b*) whether it is a fact that said bridge has not so far been repaired;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the time for which the bridge has been lying in a state of disrepair; (*ii*) the officials responsible for it ; (*iii*) reasons for not undertaking its repairs so far; (*iv*) the time by which it will be repaired or reconstructed, and (*v*) the estimated cost of the repair or reconstruction of the said bridge ;

(*d*) the number of the persons posted by the Public Works Department at the abovesaid bridge for regulating the flow or traffic and the total amount spent up-to-date on account of their salaries, etc. ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) (الف) جواب اثبات میں ہے -

(ب) جواب اثبات میں ہے -

(ج) جی ہاں عرصہ ڈیڑھ سال ہے -

(ii) کوئی سرکاری ملازم اسکا ذمہ دار نہیں ہے -

(iii) پل زالہ میں اندازہ ہے کہیں زیادہ پانی بہہ نکلنے کی وجہ سے ٹوٹ گیا تھا - پل ٹوٹنے کے بعد کوشش کی گئی کہ موجودہ پل کی مرمت کی جائے مگر مزید تحقیق کے بعد یہ ثابت ہوا کہ اس پل کی مرمت عبث ہوگی -

کیونکہ اس میں پہلے سے زیادہ پانی کی نکاسی کا انتظام ضروری ہے ۔ موجودہ مالی سال میں سیلاب زدہ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر اور مرمت کے کیلئے کوئی مد نہیں رکھی گئی ۔ مگر Contingent گرانٹ سے فنڈ حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔

(iv) مطلوبہ فنڈ ملنے کے چھ ماہ بعد از سر نو تعمیر کا کام شروع ہو سکے گا ۔

(v) اخراجات کا تخمینہ تقریباً ۸۰ ہزار روپے ہے ۔

(د) اس پل پر ٹریفک کنٹرل کرنے اور گذارنے کے لئے ایک میٹ اور دس پہلدار متعین ہیں اور اب تک ان کی تنخواہوں پر مبلغ ۹,۲۶۷ روپے خرچ ہو چکے ہیں ۔

چودھری سعی محمد— جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ اس پل کو نہ بنانے کی ذمہ داری کسی افسر پر عائد نہیں ہوتی ۔ کیا میں ان سے دریافت کر سکتا ہوں کہ اگر کوئی افسر ذمہ دار نہیں ۔ تو آخر کون ذمہ دار ہے ؟ اب اس پل کی مرمت کون کریگا ؟

وہاں دو ضلعوں کا کنکشن ہے ۔ اور وہاں دوضلعوں کی ٹریفک ہے جو رکی ہوئی ہے ۔ سڑک پر تو چلنا بھی مشکل ہے ۔ لوگ توپاٹوں پر سے گذرتے ہیں ۔ وہاں چلنا بہت مشکل ہے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ جناب والا ۔ جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ صورت حال کسی ٹھیکیدار یا افسر کی وجہ سے پیدا نہیں ہوئی ۔ یہ تو قدرت کا کام ہے کہ پل بہہ جاتا ہے ۔ اسی سلسلے میں عرض کیا گیا ہے کہ پل از سر نو تعمیر کیا جائیگا جس کے لئے یہ کوشش ہو رہی ہے کہ Contingency کی Item سے پیسے لے کر چودھری صاحب کے کہنے کے مطابق پل بنانے کی کوشش کی جائیے ۔

On a point of order, Sir -- حاجی عبدالمجید جتوئی
کیا قدرت اگر پل کو نکال لیتی ہے ؟ کیا یہ ٹھیکیدار کی وجہ سے ہوتا ہے یا پل کو قدرت آکر توڑ دیتی ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

میاں محمد اکبر — جناب والا ۔ ابھی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ زیادہ پانی آنے کی وجہ سے پل بہہ گیا ہے ۔ ہمیں یہ تسلیم ہے کہ پل بہہ گیا ہے ۔ لیکن ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ چونکہ اس نالے میں پانی زیادہ آتا ہے اس لئے اب اس پل کی توسیع کی جاری ہے ۔ اب پتہ نہیں وہ کب بنے گا ۔ کیونکہ ان حالات میں وہ پہلے Design پر نہیں بن سکتا ۔

تو جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ یہ سڑک دو ضلعوں کو ملاتی ہے ۔ یہ گجرات سرگودھا روڈ بڑی اہم سڑک ہے ۔ اس پر بے شمار بسیں چلتی ہیں ۔ اور وہاں ٹریفک بہت زیادہ ہے ۔ اگر اس میں توسیع ہی کرنا ہے تو وہ کب کی جائے گی ۔

ابھی ابھی انہوں نے فرمایا ہے کہ ۹ ہزار ۲ سو اور کچھ روپے اس کے عملے پر خرچ کئے جا چکے ہیں جو وہاں ٹریفک کنٹرول کرتا ہے ۔ وہاں یک طرفہ ٹریفک ہے ۔ او سواریاں اتر کر پار جاتی ہیں ۔

Mr. Speaker : Put the Supplementary Question now.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں اگر توسیع ہی کرنا ہے تو وہ توسیع شدہ پل کب شروع ہو گا اور کب ختم ہو گا ؟

Minister of Law : The suggestion of the member has been noted and it will receive the consideration it deserves.

چوہدری سکھی محمد ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ پل جس پر دو ضلعوں کی ٹریفک تین تین گھنٹے رکی رہتی ہے ۔ کب تک بنانے کا ارادہ ہے کیا آپ کے نزدیک اس پل کی مرمت ضروری ہے یا غیر ضروری ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس کا جواب دیا جا چکا ہے لیکن چونکہ وہ انگریزی میں تھا اس لئے . . . . .

وزیر قانون—جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ Contingency item سے پیسے لینے کے لئے لکھا گیا ہے ۔ جب یہ پیسے مل جائیں گے تو اس کے چھ ماہ بعد یہ کام شروع ہو جائے گا ۔

چودھری سعی محمد—جناب والا ۔ اس پر ۹ ہزار روپے سے بھی کم خرچ آتا ہے ۔ جو حکومت تنخواہوں کی صورت میں دے بھی چکی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ لوگوں کی تکلیف بڑھ گئی ہے ۔

میاں محمد اکبر— جناب والا ۔ محترم وزیر صاحب نے فرمایا کہ پیسے ملنے کے ۶ ماہ بعد کام شروع ہو جائے گا میں نہایت ادب سے یہ گذارش کرونگا اور ان سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ پیسے کب ملیں گے ؟

وزیر مواصلات۔ (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) میں یہ عرض کروں گا کہ اس کے لئے ہمیں روپیہ contingency کی مد سے ملتا ہے مگر وہاں سب پیسہ ختم ہو چکا ہے ۔ اس لئے سپلیمنٹری بجٹ میں اس کے لئے گنجائش رکھی جائے گی جب روپیہ کی sanction ہو جائے گی ۔ اس وقت اس کام کو شروع کیا جائے گا ۔

METALLING OF THE PHALIA-CHAK SHAHBAZ AND CHAK SHAHBAZ-BHEERWALA SECTIONS OF THE GUJRAT—JHANG ROAD.

*4544. **Chaudhri Sai Muhammad**: Will the Parliamentary Secretary of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the total amount of funds provided in each budget since 1952 for metalling the Phalia—Chak Shahbaz and Chak Shahbaz-Bheerwala Sections of the Gujrat-Jhang Road ;

(*b*) whether the funds so provided were spent on the metalling of the said sections of the road ;

(*c*) if answer to (*b*) be in the affirmative, whether any tenders were invited for this purpose ;

(*d*) if answer to (*b*) be in the negative (*i*) the purpose for which the said funds were utilized ; (*ii*) whether Government intend to metal the above mentioned sections of the said road and if so, when, if not, reasons therefor. ?

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ (چودھری منظور حسین) (الف) صوبائی حکومت نے ڈیڑھ لاکھ روپے اور دو لاکھ روپے کی رقومات بالترتیب برائے سال ۱۹۵۲-۵۳ء اور سال ۱۹۵۳-۵۴ء مرکزی حکومت سے قرضہ ملنے کی شرط پر مخصوص کی تھیں ۔ چونکہ مرکزی حکومت نے منظوری نہ دی اس لئے کوئی کام نہ کیا جا سکا ۔

(ب) جواب اوپر آ چکا ہے ۔

(ج) ۱۹۵۴ء سیکشن پھالیہ چک شاہباز کے لئے ٹنڈر طلب کئے گئے تھے مگر رقم نہ ہونے کی وجہ سے کام کا ٹھیکہ نہ دیا جا سکا ۔

(د) (i) اوپر دئیے گئے جواب کے بعد سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ii) اگر مالی وسائل مہیا ہو سکے تو آئندہ سال کام کرنے کی تجویز ہے ۔

SATELLITE TOWN, QUETTA

***4594. Babu Muhammad Rafiq:** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 0.50 lakhs was allocated for Sattellite Town, Quetta for the year 1963-64; if so ;

(*i*) amount spent on the above scheme so far ;

(*ii*) month-wise expenditure for 1963-64 up to 31st October 1963;

(*iii*) the date on which work will be completed ;

(*iv*) detail of work done so far ;

(*v*) reasons for delay if any in starting the work ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) جی ہاں

(i) الف ۔ سکیم کے ابتدائی جائزہ اور منصوبہ کی امکانی افادیت اور کامیابی کے بارہ میں رپورٹوں کی فراہمی اور منتخب قطعہ زمین پر سیم تھور اور سیلاب کے اثرات کی تحقیقات کیلئے سال رواں میں مبلغ پچاس ہزار روپیہ مختص کیا گیا ہے ۔ یہ تمام مراحل اب طے ہو چکے ہیں ۔

(ب) مکمل اخراجات کا گوشوارہ تا حال مقامی احکام سے موصول نہیں ہوا ۔

(ii) ایضاً ۔

اس منصوبہ پر عمل درآمد ۱۹۶۳-۶۴ میں شروع ہو گا بشرطیکہ ترقیاتی پارٹی قومی اقتصادی کونسل کی منظوری حاصل ہو جائے ۔

(iii) سکیم کا فارم P C - I مجوزہ پلاننگ کمیشن تیار ہو چکا ہے اور عنقریب اس کو ترقیاتی پارٹی و قومی اقتصادی کونسل برائے منظوری پیش کر دیا جائیگا ۔ سکیم منظور ہونے پر منصوبہ چار سال کے عرصے میں پایۂ تکمیل کو پہنچ سکیگا ۔

(vi) ایضاً ۔

(ج) تمام انتظامی مراحل نہایت عجلت سے طے کئے گئے ہیں اور آئندہ بھی نہایت سرعت سے کام مکمل کرنے کی سعی کی جا رہی ہے ۔

بابو محمد رفیق - کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ کیا وجہ ہے کہ اس سوال کے حصہ ۲ اور ۳ کے جواب کے لئے ابھی تک ۳ مہینے کے اعداد و شمار تیار نہیں ہو سکے ۔ کیا یہ محکمہ کی نا اہلی ہے اور کیا وزیر صاحب اسے چھپانا چاہتے ہیں ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس کی کیا وجوہات ہیں کہ ابھی تک صرف ۳ ماہ کے اخراجات نہیں بتا سکے ۔

وزیر قانون - (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) میں نہیں سمجھ سکا کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

بابو محمد رفیق—میں نے یہ پوچھا ہے کہ مالی سال ۶۴-۱۹۶۳ء کے ۳۱ اکتوبر تک کے اخراجات کیا ہیں لیں آپ نہیں بتا سکے ۔ کیا آپ بتانا نہیں چاہتے یا محکمہ نالائق ہے اور وہ جواب تیار نہیں کر سکا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—محکمہ سے تا حال اخراجات کے اعداد و شمار موصول نہیں ہوئے جس وقت آئے اسی وقت جواب دے دیا جائے گا ۔

وزیر قانون - اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا محکمہ نا لائق نہیں ہے بالکل لائق ہے ۔ ہم بابو محمد رفیق صاحب کی مرضی کے مطابق کام کریں گے ۔

بابو محمد رفیق—آپ نے بتایا ہے کہ ۶۳-۱۹۶۲ میں اس سکیم کا کام شروع ہو جائے گا - سیٹلائٹ ٹاون کا سنگ بنیاد پریذیڈنٹ صاحب رکھ چکے ہیں لیکن ابھی تک کام شروع نہیں ہوا -

پارلیمنٹری سیکرٹری—یہ سکیم منظور ہو چکی ہے انشاءاللہ اب بن جائے گی اس کا سنگ بنیاد رکھا جا چکا ہے روپیہ کی منظوری آنے پر کام شروع ہو جائے گا -

---

DEVELOPMENT OF THE MEANS OF COMMUNICATIONS AND TRANSPORT IN BAHAWALNAGAR DISTRICT

***4610. Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Parliamentary Secretary Communications and Works be pleasedto state whether there is any scheme for the development of the means of Communications and Transport in Bahawalnagar District, if so, the time by which the scheme will be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین)- مالی سال رواں میں سب ذیل سکیمیں منظور ہوئی ہیں اور ان پر کام جاری ہے - جاری کی ہوئی سکیمیں یہ ہیں—

(الف) اونی میں دریا ستلج پر کشتیوں کے پل کی تعمیر ہے -

۲- بہاول نگر فورٹ عباس سڑک ۱۴ میل کی تعمیر -

۳- چشتیاں ہارون آباد سڑک براستہ ہڑاں والا ۳۰ میل کی تعمیر -

۴- بہاول پور - سلیمانکی سڑک کے حصہ کی تعمیر ۶۰ میل سے ۸۰ میل تک اور ۸۰ میل سے ۹۲ میل تک - سکیم نمبر ۲ پر کام جاری ہے دوسری سکیم کا کام ختم ہو چکا ہے -

(ب) مزید سکیمیں :—

۱- بہاول نگر سے منڈی صادق گنج تک پختہ سڑک ۳۱ میل کی تعمیر -

۲- منڈی صادق سے گنج سلیمانکی تک پختہ سڑک ۲۱ میل کی تعمیر۔

۳- فورٹ عباس سے منصور والا تک پختہ سڑک۔

۴- چشتیاں سے ہارون آباد تک براستہ تازی والا پختہ سڑک ۳۰ میل کی تعمیر۔

۵- چشتیاں موٹی چھڈو تک پختہ سڑک ۱۰ میل

کی تعمیر ان سکیموں پر عمل درآمد کا پروگرام مرتب ہو چکا ہے لیکن ان کو بروئے کار لانے کا انحصار چیزوں کی دستیابی پر ہے ان سکیموں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے مالی سال رواں میں ۲۶,۰۷۷ روپیہ مہیا کیا گیا ہے۔

Progress made in the Scheme of Road construction in Bahawalnagar District

*4612. **Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state whether any progress has been made in the scheme of road constructionin Bahawalnagar District under PL 480; if so, the details thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) پی ایل ۴۸۰ کے تحت تعمیراتی پروگرام محکمہ مواصلات و تعمیرات کی ذمہ داری میں نہیں ہے بلکہ بنیادی جمہوریتوں اور مقامی حکومت کے محکمے کی تحویل میں ہے۔

Construction of certain Roads in the Bahawalnagar District

*4613. **Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether the Government have any scheme for the construction of the following roads in the Bahawalnagar District :

(*i*) Fort Abbas to Hasilpur;

(*ii*) Fort Abbas to Marot Mansura; and

(*iii*) Haroonabad to Fort Abbas;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any funds have been allocated for the said purpose during the current fiscal year?

(الف) **پارلیمنٹری سیکرٹری** (چوہدری منظور) حسین

جی نہیں ۔

(۱) جی ہاں ۔

(۲) جی ہاں ۔

(ب) سال رواں میں سڑک کے فورٹ عباس منصورہ والے حصے کے لئے رقمی تعین ۳۵. لاکھ روپے اور ہارون آباد سے فورٹ عباس تک سڑک کے حصے کے لئے ۵۰. لاکھ روپے ہے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ فورٹ عباس سے منصورہ تک اور ہارون آباد سے فورٹ عباس تک کتنا فاصلہ ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ نیا سوال ہے اس کے لئے مجھے علیحدہ نوٹس دیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—۴۰ میل کے فاصلہ پر آپ دو لاکھ روپیہ کے خرچ سے کیسے سڑک بنا سکیں گے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاہ میمن) ۔ مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ معزز ممبر نے خود ہی فاصلہ بتا دیا ہے اور پھر ہم سے پوچھ رہے ہیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—میں نے یہ دریافت کیا ہے کہ دو لاکھ روپیہ میں ۴۰ میل لمبی سڑک کیسے بنائیں گے ۔

وزیر قانون—جب یہ دو لاکھ روپیہ میں بنے گی تو آپ دیکھ لیں گے ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز—کیا وزیر متعلقہ کو معلوم ہے کہ محکمہ ہی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ ایک لمبی سڑک پر ایک لاکھ روپیہ صرف کرتا ہے ۔

وزیر قانون — یہ صحیح نہیں ہے ۔ ہر جگہ ایک جیسی حالت نہیں ہوتی ۔ ان سڑکوں پر ہم نے اس مالی سال میں دو لاکھ روپیہ خرچ کرنا ہے ۔ کوشش کی جائے گی کہ کام ختم ہو جائے ۔

TELEPHONE OR TELEGRAPH FACILITIES IN BATAGRAM, DISTRICT HAZARA

*4649. **Mr. Sultan Muhammad Awan :** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that telephone or telegraph facilities are not available in the merged area of Batagram in District Hazara ;

(*b*) whether it is also a fact that there is a wireless station of the Provincial Government at Batagram which is meant for official use only ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government is prepared, to extend the use of the said station to the public ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Manzoor Hussain) : (*a*) A proposal for the opening of a Phonogram/Public Call Office at Batagram is under consideration of the Government in order to provide post and telegraph facilities in the merged area of Batagram in District Hazara.

(*b*)/(*c*) These relate to the Home Department as it appears that wireless stations have been set up by the Provincial Government through Police Department or by the Department dealing with tribal affairs.

CONSTRUCTION OF RESIDENTIAL HOUSES FOR TEHSILDARS IN QUETTA DIVISION

*4654. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the construction of residential houses for Tehsildars in Quetta Division has been sanctioned at an estimated cost of Rs. 4·13 lacs and a sum of Rs. 1·50 lacs has been provided for the purpose in the budget for 1963-64 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative (*i*) the dates on which the tenders for the work were invited and accepted(*ii*) the month-wise expenditure so far; (*iii*) the details of the work done so far along with the expected date of its completion; and (*iv*) in case there was any delay in the commencement of the work, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرڈری (چودھری منظور حسین) (الف) جی ہاں ۔

(ب) (۱) ابھی ٹنڈر طلب نہیں کئے گئے ہیں ۔

(۲) ندارد ۔

(۳) ابھی کام شروع نہیں ہوا ۔

(۴) ابھی انتظامی منظوری کا انتظار ہے جس کا انتظام محکمہ مال کریگا ۔ مذکورہ منظوری موصول ہونے کے بعد ٹنڈر طلب کئے جائیں گے اور کام کی فنی منظوری دی جائے گی ۔ اس کے بعد کام شروع کیا جائے گا ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ اس کی منظوری کب ملے گی یا کیا اس کے لئے جو رقم منظور کی گئی تھی وہ lapse ہو گئی ہے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ منظوری کے متعلق ہم متعلقہ وزیر سے پوچھ کر بتا سکتے ہیں ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا میں اس کی وجوہات پوچھ سکتا ہوں کہ محکمہ مال نے منظوری کیوں نہیں دی ۔

مسٹر سپیکر ۔یہ سوال متعلقہ وزیر کی turn پر دریافت کریں ۔

میاں محمد اکبر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان میں سوالات اسلئے پوچھے جاتے ہیں کہ ان کا ہمیں براہ راست جواب ملے اور ہم اپنے Electorate کو انکے مسائل کا حل بتا سکیں ۔ کہ یہ کام فلاں وقت ہو گا یا نہیں ہو گا یا کب ہوگا ۔ لیکن آج جب چودھری سعی محمد صاحب کے سوال کا جواب محترم وزیر صاحب دے رہے تھے ۔ تو انہوں نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ گجرات سرگودھا روڈ کا پل پیسے ملنے کے چھ ماہ بعد بن جائیگا ۔ تو ہم نے متعدد بار یہ کوشش کی ہے کہ یہ پوچھ سکیں کہ یہ پیسے کب ملینگے ۔ تو کیا یہ ممکن نہیں کہ وزیر متعلقہ یا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان ہمیں ہمارے سوالات کے جوابات براہ راست دیں ۔ اگر ہم یہ پوچھتے ہیں ۔ کہ یہ کام کب ہوگا تو ہمیں یہ بتائیں کہ ایک سال ، دو سال ، دس سال یا اگلی صدی میں ہوگا ۔ ہم اس سے مطمئن ہو جائینگے۔ یہ ایک Diplomatic اور مبہم سا جواب ہے ۔کہ پیسے ملنے کے چھ ماہ بعد کام ہو جائے گا ۔اب خدا جانے کہ وہ پیسے انہیں کب ملینگے ۔ تو اس لئے میں جناب والا۔ کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ ان سے Request کی جائے ۔ کہ جوابات Direct اور براہ راست ہوں . . . .

Mr. Speaker Answers to questions should be specific and clear.

Mian Muhammad Akbar : My one submission, Sir.

آپ کی اس رولنگ کے بعد کیا میں یہ سوال کر سکتا ہوں کہ ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over Yes.. Mr. Jatoi.

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ جناب والا۔ میرے سوالات رہ گئے ہیں ۔ جو جوابات مجھے موصول ہوئے ہیں ۔ میں Chair کی توجہ کے لئے عرض کرتا ہوں کہ وہ سارے درست نہیں ہیں ۔

سردار عنایت الرحمٰن خاں عباسی۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔ انضباط کار کے مطابق ہمارا حق ہے ۔ رول نمبر ۳۰ سے لیکر رول نمبر ۴۶ تک ہم سوالات متعلقہ وزراء صاحبان کی خدمت میں کریں اور ہمیں اس کے صحیح جواب دیئے جائیں ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی جب سوال نمبر ۴۴۸۳ کے ضمن میں یہ سوال کیا گیا تھا ۔ ''آیا حکومت اس امر سے باخبر ہے ۔ کہ فورٹ عباس میں رہائشی جگہ کی از حد قلت ہے ۔ حالانکہ یہ تحصیل کا ہیڈ کوارٹر ہے ۔ تو اس کے جواب میں کہا گیا کہ نہیں ۔ تو ''نہیں'' سے یہ بھی اخذ کر سکتے ہیں کہ وہاں پر تحصیل ہیڈ کوارٹر بھی نہیں ہے ۔ تو جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ رولز کے تحت ہم صحیح جواب لینے کے حقدار ہیں . . . .

مسٹر محمد حنیف صدیقی۔ صحیح جواب دینا رولز میں نہیں ہے ۔

سردار عنایت خاں الرحمٰن عباسی۔ یہ رولنگ سپیکر صاحب کی طرف سے آنی چاہیئے ۔ تو جناب والا ۔ آپ اس ضمن میں رولنگ دیں کہ اگر صرف ''نہیں'' سے جواب واضح ہو جاتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ اگر ہمارے سوالات کے جوابات صحیح نہیں دیئے جاتے تو قواعد کے تحت آپ ہمارے حقوق کا تحفظ کر سکتے ہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ جیسا کہ میرے دوست حنیف صدیقی صاحب نے فرمایا ہے کہ رولز میں یہ نہیں ہے کہ جوابات صحیح دیئے جائیں ۔ لیکن میں یہ مانتا ہوں کہ ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم بالکل صحیح جواب دیں اور ہم یقینا صحیح جواب دیتے ہوں اور دینگے ۔ لیکن جب سپیکر صاحب یہ سمجھیں کہ کسی سوال کا جواب پورا نہیں ہے تو وہ ہمیں حکم کریں ہم انکے حکم کی تعمیل کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں ۔

مسٹر سپیکر دیکھئے عباسی صاحب ۔ وہ تو آپکی ایک تجویز تھی جس سے میں اتفاق کرتا ہوں اور گورنمنٹ کو بھی اتفاق ہے کہ سوالات کے جوابات بالکل صحیح ہونے

چاهیئیں اور اگر کسی سوال کا جواب ناکافی اور نا مکمل هو تو اس کی طرف حکومت کی توجه دلائی جا سکتی هے اور محکمه متعلقه کو یه درخواست کی جا سکتی هے که وه اگلی باری پر پورا جواب دے اور یه ممبران کا حق هے که ان کو صحیح اور پورا جواب ملنا چاهیئے -

چوہدری محمد ابراهیم - صاحب - صدر - جیسا که اس بحث میں یه بات بتائی جا رهی هے معلوم هوتا هے که وزیر قانون اپنے ذهن میں کچھ ایسے اصول اور قاعدے رکھتے هیں جن کا رولز آف پروسیجر میں ذکر نهیں هے اور وه ان کے تحت هم سے مطالبات کرتے هیں - مثال کے طور پر جب کل میری تحریک التوا جو جماعت اسلامی کے اجتماع میں غنڈه گردی کے سلسلے میں تھی پیش هوئی تو انهوں نے اس ضمن میں دستاویزات کا مطالبه کیا حالانکه رولز میں اس قسم کے مطالبه کا حق درج نهیں هے -

مسٹر سپیکر - جب هم اس تحریک التوا پر بحث کرینگے تو اس وقت آپ یه نکته اٹھائیں -

ماسٹر خان گل - جناب والا - میں ایک اطلاع چاهتا هوں اور وه یه که گذشته اجلاس میں وزیر تعلیم صاحبه اور وزیر مال صاحب نے میری ایک تحریک استحقاق پر یقین دلایا تھا که سابق صوبه سرحد میں پرائمری تک پشتو کو ذریعه تعلیم قرار دیا جائیگا - میں معلوم کرنا چاهتا هوں که اس سلسله میں کیا کارروائی هوئی هے -

مسٹر سپیکر - آپ اس سلسلے میں سوال دیں تو اس کا جواب آ جائے گا -

The Question Hour is over and now we move on to the next item

---

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

CONSTRUCTION OF RESIDENTIAL HOUSES FOR TEHSILDARS AND NAIB-TEHSILDARS IN KALAT DIVISION

***4666. Babu Muhammad Rafiq :** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 1·43 lakh has been provided for the construction of the residential houses for Tehsildars and Naib-Tehsildars in Kalat Division during 1963-64; if

so, (*i*) the dates on which the tenders for the said work were invited and accepted (*ii*) the date on which the construction work was started ; (*iii*) month-wise expenditure up to 31st October 1963; (*iv*) the scheduled date of the completion of the above-mentioned work ; and

(*v*) the details of the work done so far a long with the reasons for delay; if any in starting the work?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) (الف) جی ہاں ۔

(ب) (۱) ٹنڈر طلب کئے جا رہے ہیں اور ان کے داخل کرنے کی آخری تاریخیں ۳ دسمبر ۱۹۶۳ء اور ۹ دسمبر ۱۹۶۳ء ہیں ۔

(۲) تا حال شروع نہیں ہوا ۔

(۳) ندارد ۔

(۴) ۳۰ جون ۱۹۶۴ء ۔

(۵) تخمینہ جات مرتب کر کے منظوری حاصل کر لی گئی ہے اور ٹنڈر طلب کر لئے گئے ہیں کام مقررہ لائحہ عمل کے مطابق ہو گا ۔

GOVERNMENT BUILDINGS CONSTRUCTED IN LAHORE PROPER

***4676. Haji Abdul Majid Jatoi :** Will the Parliamentary Secretatry, Communications and Works be pleased to state the number of Government Buildings constructed in Lahore proper during the period from 1st April 1958 to 30th September 1963 along with the amount sanctioned for such buildings ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) (الف) ۳۰ ۔

(ب) ۱،۰۵،۶۰،۹۲۲۵۰۰ روپے ۔

CONSTRUCTION OF OFFICES OF SESSIONS JUDGES AND CIVIL JUDGES IN HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISIONS.

***4684. Haji Abdul Majid Jatoi :** Will the Parliamentary Secretary Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the number of offices of Sessions Judges and CivilJudges and the number of residential bungalows occupied by them which have so far been constructed by Government in Hyderabad and Khairpur Divisions together with the total cost thereof ;

(*b*) the number of rented buildings at present used for their offices and residential purposes along with the rent paid there for?

پارلیمنٹری سکریٹری۔ (چودھری منظور حسین)۔

	حیدر آباد ڈویژن		خیر پور ڈویژن	
(۲) رہائشی مکانات	نمبر	قیمت	نمبر	قیمت
الف (۱) دفاتر سرکاری برائے سیشن جج صاحبان	۵	۲۰۴۵ لاکھ	۸	۰۷۸ لاکھ
دفاتر سرکاری برائے سول جج صاحبان	۱۱	۱۰۹۷ لاکھ	۱۴	۲۰۲۸ لاکھ
سرکاری برائے سیشن ججان	۴	۱۰۳۵ لاکھ	۷	۲۰۶۱ لاکھ
رہائشی مکانات سرکاری برائے سول ججان	۳	۰۲۵ لاکھ	۱۲	۰۳۵ لاکھ
(ب) (۱) کرایہ کے	نمبر	کرایہ ماہانہ	نمبر	کرایہ ماہانہ
مکانات برائے دفتر سیشن ججان	—	—	—	—
کرایہ کے مکانات برائے دفتر سول ججان	—	—	۱	۳۲ روپیہ
کرایہ کے رہائشی مکانات برائے سیشن ججان	۱	۲۵ روپیہ	—	—
کرایہ کے رہائشی مکانات برائے سول ججان	۲	۶۰ روپیہ	۲	۴۵ روپیہ

EXPENDITURE INCURRED ON SALARIES OF STAFF CONTINGENCY EXPENSES AND ON TRANSPORT IN BAHAWALPUR.

***4687. Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the details of the annual expenditure incurred by the Communications and Works Department in Bahawalpur Division during the period from 1960 to 30th June, 1963 on account of salaries of staff, contingency and other expenses including those incurred on transport ;

(*b*) the amount spent by the said Department on development schemes in the said area during the same period ;

(*c*) the total amount spent by the Department each year during the said period on new schemes as well as on repair work in the said areas ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) بہاولپور میں عملہ سائر خرچ و عملہ نقل و حمل کی تنخواہوں پر خرچ کردہ رقم

(الف) عملہ کی تنخواہیں سائر اخراجات وغیرہ

نمبر شمار	ذیلی مد	۶۱—۱۹۶۰	۶۲—۱۹۶۱	۶۳—۱۹۶۲
۱	چیف انجینئر	۲۶۸۷	۳۶۳۳	۴۶۰۷
۲	مشیر ماہر فن عمارت	۰۶۹۳	۱۶۲۷	۱۶۰۷
۳	افسر حصول اراضی انتظام	۱۶۲۴	۱۶۲۷	۱۶۴۱
۴	سپرنٹنڈنگ انجینئر	۰۶۹۵	۰۶۹۳	۱۶۰۶
۵	ایگزیکٹیو انجینیئر	۴۶۵۱	۴۶۵۵	۵۶۷۳
۶	سینٹری ای اینڈ ایم سب ڈویژن بہاولپور	۰۶۶۶	۰۶۶۰	۰۶۶۷
	میزان	۱۱۶۱۶	۱۱۶۹۵	۱۴۶۲۴

(ب) ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کردہ رقم

۱	تعمیر عمارات	۳۹۶۷۳	۲۶۶۱۵	۱۸۶۲۰
۲	تعمیر شارعات	۲۱۶۸۱	۳۹۶۳۷	۲۸۶۳۹
	میزان	۶۱۶۵۴	۶۵۶۵۲	۴۶۶۵۹

(ج) نئے منصوبوں اور مرمتوں پر خرچ کردہ رقم

جہاں تک ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کردہ رقم کا تعلق ہے وہ شق (ب) بالا کے جواب میں ظاہر کر دی گئی ہے۔

عمارات و شارعات کی مرمتوں کے سلسلے میں خرچ کردہ رقم حسب ذیل ہے :—

نمبر شمار	ذیلی مد	۶۱—۱۹۶۰	۶۲—۱۹۶۱	۶۳—۱۹۶۳
۱	مرمت عمارات	۷۶۸۲	۷۶۳۳	۷۶۳۰
۲	مرمت شارعات	۲۰۶۲۹	۱۸۶۶۰	۲۳۶۵۶
	میزان	۲۸۶۱۱	۲۵۶۹۳	۳۰۶۸۶

INTERIM RELIEF GIVEN TO BELDARS OF P.W.D.

*4723. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state :—

(a) the amount of (i) interim (ii) other relief given to the Beldars of the P. W. D. since June, 1963;

(*b*) the dates from whic h the said relief has been given ;
(*c*) total amount paid on account of the said relief ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوھدری منظور حسین) ۔

(الف) جون ۱۹۶۳ء سے محکمہ تعمیرات عامہ کے بیلداروں کو دی گئی ۔

یکم جولائی ۱۹۶۲ء سے بیلداروں کی تنخواھیں ایک روپیہ سالانہ ترقی کے ساتھ ۴۰ روپے ماھوار سے ۵۰ روپے ماھوار کر دی گئی تھی ۔

(الف) عبوری رقم (۲) دیگر امدادی رقم ۔

جن ملازموں نے دس سال یا دس سال سے زیادہ تسلی بخش ملازمت کی ہے ان کی تنخواہ ۵۰/- روپے ماھوار سے شروع کی گئی تھی ۔ تنخواہ میں اضافے کی وجہ سے صرف شدہ رقم کی مقدار ادنے عملہ تیار کر رہا ہے اور موصول ہونے پر ایوان میں پیش کر دی جائے گی ۔ حکومت کی جانب سے منظور شدہ عبوری امداد مستقل عملے کے لئے ہے نہ کہ ان بیلداروں کیلئے جو روزانہ اجرت حاصل کرنے والے عملے میں شامل ہیں ۔

(ب) جن تواریخ سے مذکورہ امدادی رقم دی گئی ہے ۔

جیسا کہ جز بالا (الف) میں بیان کیا گیا ہے ۔

(ج) مذکورہ امدادی رقم کی وجہ سے کل ادا کردہ رقم ۔

جیسا کہ جز بالا (الف) میں دیا گیا ہے ۔

REPAIRS TO SIALKOT—NAROWAL AND NAROWAL—ZAFARWAL ROADS

***4724. Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the amount spent on the repairs of Sialkot-Narowal and Narowal-Zafarwal roads during 1962-63 ;

(*b*) the amount proposed to be spent on the repairs of the said roads during 1963-64 ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوہدری منظور حسین) -

(الف) (i) سڑک سیالکوٹ تا نارووال - ۳۳،۱۲۵ روپے

(ii) سڑک نارووال تا ظفروال - ۱۱،۵۳۳ روپے

(ب) (i) سڑک سیالکوٹ تا نارووال - ۸۲،۳۸۰ روپے

(ii) سڑک نارووال تا ظفروال - ۲۸،۷۳۰ روپے

METALLING OF ROAD FROM MALKANI TO KHAN BELA TEHSIL, LIAQATPUR

***4781. Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the 7 miles long road from Malkani to Khan Bela, Tehsil Liaqatpur is unmetalled;

(*b*) whether it is a fact that the said road remained submerged in wate and impassable for two months during summer this year ;

(*c*) whether it is a fact that this year 34 thousand maunds of mangoes provided in 16 villages in the north-west of Tehsils Liaqatpur and Khanpur could not be transported to other parts of the Province due to the reason mentioned in (*b*) above with the result that the people of the said villages had to incur a loss of 50 thousand rupees ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the reasons for not metalling the above-said stretch of road?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوہدری منظور حسین) : (الف)
جی ہاں -

(ب) یہ سڑک بھاری بارشوں میں ناقابل گذر ہو جاتی تھی اور تھوڑے تھوڑے وقفے سے جب بھی ممکن العمل ہوتا تھا فوراً آمدورفت کیلئے کھول دی جاتی تھی - کچی سڑکیں صرف خشک موسم میں کام آتی ہیں اور انہیں بارانی موسم میں کھلا نہیں رکھا جا سکتا -

(ج) سوال میں جو کچھ فرمایا گیا ہے اس کا علم محکمہ مواصلات و تعمیرات کو نہیں ہے اور اسی وجہ سے اس ضمن میں کوئی کیفیت پیش نہیں کی جا سکتی -

(د) اس سڑک کے پختہ کرنے کا کام دوسرے پنجسالہ منصوبے میں شامل نہیں کیا گیا ہے -

---

ALLOTMENT OF RESIDENTIAL QUARTERS IN THE SATELLITE TOWN OF RAHIMYAR KHAN

***4782. Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Wil the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the residential quarters in the Satellite town of Rahimyar Khan have been allotted ; if so, the number of allottees belonging to the villages of the Tehsils of Sadiqabad, Rahimyar Khan, Khanpur and Liaqatpur ;

(*b*) the number of plots in the above-mentioned Satellite town earmarked for residential purpose and the manner in which their allotment was made,

(*c*) whether it is a fact that the said plots of land have been allotted to such people who already own residential houses and bungalows in the City area of Rahimyar Khan ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوہدری منظور حسین) : (الف) رحیم یار خان کی اضافی بستی میں کوئی تعمیر شدہ رہائشی مکان مہیا نہیں کئے گئے ہیں ۔ اس لئے صادق آباد ۔ رحیم یار خان ۔ خان پور اور لیاقت پور کی تحصیلوں کے دیہاتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایسے مکانات کی الاٹمنٹ کا سوال نہیں پیدا ہوتا ۔

(ب) (ا) رحیم یار خان کی مضافاتی بستی میں مندرجہ ذیل قطعات مہیا کئے گئے ہیں :—

نمبر	قسم	قطعات کی تعداد
۱	اے	۵۰
۲	بی	۱۱۹
۳	سی	۸۳
۴	ڈی	۲۶۰

(۲) اب تک ڈسٹرکٹ الاٹمنٹ کمیٹی رحیم یار خان نے صرف ۲۳۲ ڈی قسم کے قطعات الاٹ کئے ہیں ۔ ان ۲۳۲ الاٹیوں میں سے صرف ایک الاٹی رحیم یار خان کے ایک گاؤں کا باشندہ ہے ۔ باقی سب الاٹی اسی قصبہ میں مقیم غیر آباد افراد ہیں جن میں ایسے بے خانماں بے گھر دھویدار مہاجر وغیرہ شامل ہیں جنکی ماہانہ آمدنی ۱۰۰ روپے سے کم ہے ۔

(ج) ایسی کوئی مثال مشاہدہ میں نہیں آئی کہ کسی ایسے شخص نے الاٹمنٹ حاصل کی ہو جو

اپنا ذاتی مکان بھی رکھتا ہو ۔ اگر کسی بھی وقت پتہ چلے کہ کسی غیر مستحق شخص نے غلط بیانی کے ذریعے الاٹ منٹ حاصل کی ہے تو وہ الاٹمنٹ قابل منسوخی ہے اور اس کے خلاف کسی وقت بھی کارروائی کی جا سکتی ہے ۔

METALLING OF ROAD BETWEEN JALALPUR PIRWALA AND SHUJABAD

*4796. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari** : Will the Parliamentary Secretary, Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that 27 miles long road between Jalalpur Pirwala and Shujabad in Multan District is unmetalled;

(*b*) whether it is a fact that the District Council, Multan, allocated the required amount 2 years ago for metalling the 9 miles long stretch of the said road from Shujabad and the work was taken in hand ;

(*c*) whether it is a fact that only a three miles long stretch of the above mentioned road has, so far, been metalled ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, reasons there for and the time by which the entire 27 miles long road will be metalled ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوہدری منظور حسین) : (الف) جی ہاں ۔

